Scanned by CamScanner

فہرست مجموعہ اعمال رضا شریف

انتساب

میری یہ کاوش اس قابل نہیں ہے کہ کسی ذات گرامی کی جانب انتساب کی جائے مگر اس حیثیت سے انتساب ضروری قرار پاتا ہے کہ یہ محنت کسی بلند و عالی ذات ستودہ صفات سے شرف انتساب پاکر اپنے اندر جامعیت و کمال حاصل کرے نظر برآں میں وقت کے عالی ہمت بلند مرتبت محاسن علمیہ و عملیہ کے جامع حضور تاجدار اہلسنت سرکار مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مولوی علامہ مصطفےٰ رضا خاں صاحب قبلہ دامت فیوضاتہم العالیہ (نور اللہ مرقدہ) کی جانب منتسب کرتا ہوں جن کے روحانی فیوضات نے میری زندگی میں انقلاب پیدا کیا۔ اور اس ذرۂ ناچیز کو کسی کام کا بنایا۔

مولیٰ تعالیٰ ممدوح مکرم و معظم کی عمر میں برکت تام فرمائے اور انکے فیوضات کے سلسلہ کو روز قیامت تک جاری رکھے وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

قاضی عبد الرحیم بستوی

غفرلہٗ القوی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِوَلِيِّهٖ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى نَبِيِّهٖ وَالسَّلَامُ عَلٰى حَبِيۡبِهٖ وَعَلٰۤى اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖۤ اَجۡمَعِيۡنَ

اما بعد۔ عملیات وتعویذات کے شائقین سے یہ امر پوشیدہ نہیں ہے کہ اس عظیم فن کی جو کتابیں موجودہ دور میں دستیاب ہوتی ہیں وہ ناقص وغیر مکمل ہیں۔ ارباب فن کے لئے یہ عیب چنداں مضر نہیں ہے مگر مبتدی حضرات کے حق میں یہ بے حد مضر ہے۔ اس کتاب کی اشاعت سے مقصد یہی ہے کہ اس فن کے کمال کو باقی رکھا جائے۔ بعض حضرات غلط سلط تعویذات کتابوں سے دیکھکر لکھ دیتے ہیں اور فائدہ نہ ہونے پر فن کی کمی ونقصان تصور کرتے ہیں۔

مولیٰ عزوجل کا بے پایاں احسان ہے کہ حضور سیدنا اعلیٰ حضرت عظیم البرکت شیخ الاسلام والمسلمین نور اللہ مرقدہ کو اس فن میں بھی کمال تبحر حاصل تھا ۲ ہزار طرح سے نقوش پُر کر لیتے تھے۔ یہ عظیم کتاب آپ ہی کے مجموعہ کا حسین گلدستہ ہے۔ برسوں سے حضرت مولوی مولانا علامہ ریحان رضا خاں صاحب قبلہ مدظلہ العالی مہتمم دار العلوم منظر اسلام محلہ سوداگران بریلی شریف کی یہی خواہش تھی کہ ایک مجموعہ مجموعۂ اعمال سے منتخب کر کے صحت کے ساتھ شائع کیا جائے تاکہ منتسبان سلسلۂ عالیہ رضویہ برکاتیہ قادریہ اس سے فیض اٹھائیں۔ فقیر اپنی علالت اور مصروفیت کے باعث اس کار اہم کے انجام دینے سے قاصر تھا اب بحمدہٖ تعالیٰ یہ موقع

ملا تو یہ انتخاب بہت قلیل مدت میں شائع کرانے کا عزم کیا۔ مولیٰ تعالیٰ
کی مدد و اعانت سے حصّۂ اوّل کی ترتیب کا مرحلہ قریب الختم ہے
اب طباعت کا کام باقی ہے۔ کرم الٰہی سے امید ہے کہ یہ کام بھی انشاء المولیٰ
تعالیٰ انجام پائے گا۔ اپنی کوشش یہی ہے کہ طباعت کا کام صحت و عمدہ
طریقے پر ہو۔ وَهُوَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ○

ضروری ہدایات

اس کتاب سے فیض حاصل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل امور
کی رعایت از حد ضروری ہے۔

(۱) مذہب اہلسنت وجماعت پر مضبوطی سے قائم ہو جس کی تفصیل کے لئے
حضور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی المولیٰ تعالیٰ عنہ کی تصنیفات کا مطالعہ ضروری
ہے خاص کر حسام الحرمین شریف و فتاوی الحرمین وغیرہما۔

(۲) فسق و فجور سے اجتناب کرے اور فرائض و واجبات و سنن پر عامل
ہو۔ بدمذہبوں سے دور رہے۔

(۳) کوئی عمل کسی ناجائز کام کے لئے نہ کرے اور نہ کسی کو ناجائز امر کیلئے کوئی تعویذ دے، کسی کو نقصان وضرر پہونچانے کے لئے تعویذ نہ دے۔

(۴) خالصاً لوجہ اللہ مسلمانوں کو فائدہ پہونچانے کے لئے تعویذات وغیرہ دے۔ ذریعۂ معاش نہ بنائے۔

(۵) تعویذات وعملیات کی زکاۃ دینا ضروری ہے جس کا مفصل بیان حصہ دوم میں مذکور ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۶) وجہ حلال سے گزر اوقات کرے حرام سے اجتناب کامل رکھے کہ نور باطن پیدا ہو اور مستجاب الدعوات ہو۔ جو شخص ان امور کی پابندی کرے اسے اس کتاب سے فیض اٹھانے کی اجازت ہے۔ جو صاحب اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں ان سے میری گذارش ہے کہ میرے لئے دعا کریں کہ مولیٰ تعالیٰ خیریت دنیا وعقبیٰ سے نوازے۔

فقط

قاضی عبد الرحیم بستوی

غفرلہٗ القوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقش مثلث و مربع پُر کرنے کے قواعد

اس فن کے علماء نے فرمایا کہ یہاں چند امور کا جاننا ضروری ہے وہ یہ ہیں۔ تخم یعنی اصل عدد جس قدر ہو مثلاً لفظ جلالت کے عدد چھیاسٹھ ہیں اور لفظ غنی کے عدد ایک ہزار ساٹھ ہیں۔ دوم طرح یعنی اصل عدد سے کچھ اعداد اس لئے کم کرنا کہ نقش پر کرنے میں عاملین نے مقرر کیا ہے مثلاً نقش مثلث کے لئے طرح بارہ ہے اور مربع کے لئے تیس ہے۔ سوم ضلع سے مراد یہ ہے نقوش کے خانے بترتیب مسطور مثلاً سطر اول نقش مثلث میں تین ضلع رکھتی ہے اور مربع میں چار علیٰ ہذا القیاس چہارم بیوت یعنی نقش کے خانے جس میں اعداد پر کئے جاتے ہیں۔ پنجم مفتاح یعنی خانہ اول جس سے نقش پُر کیا جاتا ہے۔ ششم منتہی آخری خانہ۔

تخم معلوم کرنے کا طریقہ

یہ ہے کہ نقش جتنے خانے کا ہو اس پر ایک زیادہ کر کے نقش مذکور کے ضلع کا نصف کر کے ضرب دیں حاصل ضرب تخم ہوگا مثلاً نقش مثلث نو خانے رکھتا ہے نو میں ایک اضافہ کیا دس ہوئے۔ پھر یہ دیکھا کہ مثلث کے تین ضلع ہوتے ہیں اس کا نصف ۱½ ہوا۔ ۱۰×۱½ = ۱۵ ہوا معلوم ہوا کہ تخم پندرہ ہے۔ علیٰ ہذا القیاس مربع میں سولہ خانے ہوتے ہیں اس میں ایک اضافہ کیا، ۱۷ ہوئے

اور مربع میں چار ضلع ہوتے ہیں اس کا نصف دو ہوا ، ۱۷×۲=۳۴ ہوئے ۔
معلوم ہوا کہ تخم ۳۴ ہے ۔

اب اگر نقش مثلث کا پر کرنا مقصود ہو تو طرح کہ بارہ ہے پندرہ سے گھٹا کر تین سے تقسیم کریں حاصل قسمت مفتاح نقش ہو اس سے نقش پر کریں کہ ہر خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرتے جائیں ۔ اور اگر اس تقسیم میں کسر واقع ہو تو اگر کسر ایک ہے ساتویں خانہ میں ایک عدد اور زیادہ کریں اور دو کسر ہو تو چوتھے خانہ میں ایک عدد اضافہ کریں ۔ اسی ترکیب سے مثلث کی چاروں قسموں کے نقش پر کرنا چاہئے ۔ نقشہ صنا پر ملاحظہ ہو ۔

اور اگر نقش مربع پر کرنا چاہیں تو تخم یعنی اصل عدد سے طرح یعنی ۳۰ گھٹا دیں مثلاً لفظ ابجل کے عدد ۳۴ ہیں اس میں سے ۳۰ گھٹا دیا چار باقی رہے چار سے چار کو تقسیم کیا حاصل قسمت ایک آیا اب یہ مربع ایک سے پر کیا جائے گا اور خانۂ دوم میں دو خانہ سوم میں تین اسی طرح سولھویں خانے میں سولہ ۔ اور اگر کسر واقع ہو تو ایک کسر ہے تیرہویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ اور کریں اور دو کسر ہے تو خانۂ نہم میں اور تین کسر ہے تو پانچویں خانہ میں ۔ مربع کے چاروں اقسام کا نقشہ صنا پر ملاحظہ ہو ۔

مثلث کی چاروں قسمیں مختلف خواص کی حامل ہیں ۔ مثلاً نقش بادی برائے فتوحات اور کسی شخص کو مکان یا دکان یا اپنے شہر سے نکالنے کیلئے نقش خاکی اور برائے محبت نقش آبی اور برائے ہلاکت نقش آتشی ۔

ان میں سے ہر ایک نقش کو حسب موقع چالیس نقش روزانہ چالیس دن تک موافق ساعت میں لکھے ۔ مثلاً نقش بادی برائے فتوحات ، چالیس

نقش دریا کے کنارے کھڑے ہو کر لکھے اور ہوا میں اس طرح اڑائے کہ دریا میں گر جائے۔ نقش خاکی بلند مکان پر پاک مٹی سے چالیس نقش طالب و مطلوب مع ان کے ماں کے ناموں کے لکھکر اس مٹی کو پاک جگہ مدفون کرے نقش آبی اسی تعداد کے موافق مع نام مطلوب لکھ کر آٹے کے گلے میں رکھ کر دریا میں ڈالے۔
نقش آتشی اسی طریقے سے لکھ کر چالیس دن آگ میں جلائے۔
(دیگر ترکیب نقش آبی) برائے محبت عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو ایک نقش دوسرے دن ۲۔ اسی طرح پندرھویں تاریخ کو پندرہ نقوش لکھے پھر سولہ تاریخ سے ایک ایک کم کرتا جائے یہاں تک کہ ۳۰ تاریخ کو ایک لکھے اور اگر مہینہ ۲۹ کا ہو تو بعد مغرب ایک نقش لکھکر تکمیل عمل کرے پھر ان کو گیہوں کے آٹے کا گلہ بنا کر اس کے اندر رکھکر دریا میں ڈالے۔
حروف و نقوش کے اقسام اربعہ کی جدول درج ذیل ہے۔

حروف آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
حروف بادی	ب ۲	ی ۱۰	و ۶	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
حروف آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
حروف خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	خ ۶۰۰	غ ۱۰۰۰

مثلث آتشی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

مثلث خاکی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مثلث آبی

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

مثلث بادی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

مربع آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مربع خاکی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

مربع بادی

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

مربع آبی

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

(فائدہ) مربع اپنے اضلاع کے اعتبار سے سولہ قسموں سے پر کیا جاتا ہے اور ان کی خاصیتیں جداگانہ ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱ برائے صحت و تندرستی گلے میں باندھے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۲ برائے محبت اور مطلوب کو بلانے کیلئے ٹوپی یا عمامہ میں رکھیں

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۳ برائے حصول نعمت اور حصول مراد بازو پر باندھے۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

۴ برائے حفاظت از دشمن و چور بازو پر۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۵ برائے امن و امان از غرق دریا۔

۷۸۶

۴	۹	۷	۱۴
۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۱۶	۲	۱۱

۶ برائے سرخ بادہ گلے میں باندھیں۔

۷۸۶

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

۷ برائے فراخی رزق و خیر و برکت مکان میں آویزاں کریں۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

۸ برائے جدائی و عداوت گھر میں دفن کریں۔

۷۸۶

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

۹ برائے نفع و دفع بیماری بازو پر رہے۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

عـ۱۰ برائے تیزی ذہن و ذکاوت و علوم محکم ہیں۔

۷۸۶

۴	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

عـ۱۱ برائے ملاقات ارواح و جن وغیرہ۔

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

عـ۱۲ برائے اصلاح عزیزاں و خویشاں بازو پر۔

۷۸۶

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

عـ۱۳ دفع کرم از زراعت پانی سے دھو کر کھیت میں پانی چھڑکیں۔

۷۸۶

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

عـ۱۴ جمیع حاجات و مرادات کیلئے سرہانے پر رہے۔

۷۸۶

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

عـ۱۵ محبت کی زیادتی کیلئے شہد یا شربت میں پلائیں۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

عـ۱۶ تسخیر حاکمان و امیران سر میں رکھیں۔

۷۸۶

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

(فائدہ) یہ نقوش جو ۱۶ سولہ قسموں پر درج ہوئے فی الحقیقت بیس قسموں پر ہیں۔ سولہ اوپر مذکور ہوئے اور چار یہ ہیں۔

۷۸۶

۸	۱۳	۱۲	۱
۱۱	۷	۱۴	۲
۶	۱۰	۳	۱۵
۹	۴	۵	۱۶

۷۸۶

۱۵	۸	۱	۱۰
۹	۲	۷	۱۶
۶	۱۳	۱۲	۳
۴	۱۱	۱۴	۵

۷۸۶

۱۰	۱	۸	۱۵
۱۶	۷	۲	۹
۳	۱۲	۱۳	۶
۵	۱۴	۱۱	۴

۷۸۶

۸	۱۲	۱	۱۳
۱۱	۷	۲	۱۴
۶	۱۰	۱۵	۳
۹	۵	۱۶	۴

نوٹ :۔ نقش مربع کے دس قواعد عاملین حضرات سے اور بھی منقول ہیں
جن کا بیان جلد دوم میں انشاء اللہ تعالیٰ آئے گا۔

نقش ذوالکتابہ کے پُر کرنے کے قواعد

حروف مفرد یا مرکب اسمائے الٰہی سے

یا جس آیتِ قرآنیہ کا نقش لکھنا ہے اس کے چار جز کرے اور ایک ایک جز پہلے ضلع کے چاروں خانوں میں لکھے اور ہر جز کے اعداد اس کے اوپر لکھ دے اب مربع کی رفتار سے باقی نقش کو اس طرح پُر کرے کہ دوم سے چہارم تک ایک ایک عدد اضافہ کر کے پر کرے اور پانچویں خانہ کو ضلع اول کے آخر خانہ سے تین عدد کم کر کے پر کرے آٹھواں خانہ پر ہے نویں خانہ کو ضلع اول کے تیسرے خانہ کے عدد میں دو کم کر کے پُر کرلے اور دسویں خانہ میں ایک عدد کا اضافہ کرے اور گیارھواں پُر ہے بارھویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کرلے پھر تیرھویں خانہ کو ضلع اول کے خانہ دوم کے عدد میں سے ایک کم کر کے پُر کرلے اور چودھواں پر ہے اور پندرھواں و سولھواں خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کرے مثلاً نقش اسم رفیع یوں بھرا جائے.....

۲۰۰ ر	۸۰ ف	۱۰ ی	۷۰ ع
۱۱	۶۹	۲۰۱	۷۹
۶۸	۸	۸۲	۲۰۲
۸۱	۲۰۳	۶۷	۹

دیگر ترکیب ذوالکتابہ دوسرے طریقہ سے۔

اسم چار حرفی کے چار جز کر کے ہر چار خانے میں ایک ایک جز مع اعداد کے مربع کی رفتار سے پر کریں۔ جیسے اسم رزاق کے حروف مفردہ کو درج

ر ۲۰۰	ز ۷	ا ۱	ق ۱۰۰
ق ۱۰۰	ا ۱	ز ۷	ر ۲۰۰
ز ۷	ر ۲۰۰	ق ۱۰۰	ا ۱
ا ۱	ق ۱۰۰	ر ۲۰۰	ز ۷

ذیل طریقہ سے پُر کریں۔

مخمس کے بھرنے کا قاعدہ

واضح رہے کہ مخمس کے تخم و طرح نکالنے کا وہی طریقہ ہے جو مثلث مربع کے بیان میں گزر چکا ہے۔ نقش مخمس چونکہ ۲۵ خانہ رکھتا ہے اس طرح اس کا تخم پینسٹھ اور طرح ساٹھ ہے جملہ اعداد سے ساٹھ طرح کر کے پانچ سے تقسیم کریں خارج قسمت سے نقش پر کریں مثلاً اسم جلالت اللہ کے عدد چھیاسٹھ ہیں۔ ساٹھ طرح کر کے ۵ سے تقسیم کیا کسر ایک بچی۔ ایک سے نقش پر کیا جائے اور کسر ایک ہو تو اکیسویں خانہ میں اور دو ہو تو سولہویں خانے میں اور تین ہو تو گیارہویں خانے میں اور کسر چار ہو تو چھٹے خانہ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں.......

۷	۱۳	۱۹	۲۶	۱
۲۰	کسر ایک ۲۲	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	کسر ۲ ۱۶	۲۳
کسر ۳ ۱۱	۱۷	۲۴	۴	۱۰
۲۵	۵	کسر ۴ ۶	۱۲	۱۸

نقش مخمس کی چال یہ ہے جس کو مقیاس کیا جاتا ہے۔

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

مخمس کا ذوالکتابہ اس طرح پُر کیا جائے گا۔

ص	ع	ی	ھ	ک
۱۱	۱	۲۱	۹۱	۷۱
۲۲	۹۲	۷۲	۷	۲
۶۸	۷	۳	۲۳	۹۳
۴	۲۴	۸۹	۶۹	۹

(۱) حضور اقدس شافع محشر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کے بیان میں اور استخارہ کے مجرب عمل

درود تاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ۝ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَخُوْفِ وَالْجُوْعِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ۝ اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ۝ سَيِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ۝ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ فِى الْبَيْتِ وَالْحَرَمْ شَمْسِ الضُّحٰى ۝ بَدْرِ الدُّجٰى ۝ صَدْرِ الْعُلٰى ۝ نُوْرِ الْهُدٰى ۝ كَهْفِ الْوَرٰى ۝ مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ۝ جَمِيْلِ الشِّيَمِ ۝ شَفِيْعِ الْاُمَمِ ۝ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ۝ وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ ۝ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ ۝ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ ۝ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ ۝ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ ۝ وَقَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ ۝ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ ۝ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ خَاتِمِ النَّبِيِّيْنَ ۝ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ ۝ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ ۝ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ ۝ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ ۝ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ ۝

سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ ٥ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ ٥ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْيَتَمٰى وَالْمَسَاكِيْنِ ٥ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ ٥ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ ٥ إِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ ٥ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ ٥ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ ٥ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَالْمَغْرِبَيْنِ ٥ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ٥ مَوْلٰينَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ ٥ أَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ٥ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ٥ يَآ أَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ٥

فوائد جو شخص عروج ماہ شب جمعہ میں بعد نماز عشاء باوضو پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر ایک سو ستر بار اس درود پاک کو پڑھکر سو رہے گیارہ شب متواتر اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

(۲) سحر و آسیب جن و شیطان کے دفع کے لئے اور چیچک کے لئے گیارہ بار پڑھکر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

(۳) واسطے صفائی قلب کے ہر روز بعد نماز صبح ساٹھ بار اور بعد نماز عصر تین بار اور بعد نماز عشاء تین بار ورد رکھے۔

(۴) دشمنوں، ظالموں، حاسدوں اور حاکموں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے اور ——— الم و افلاس دور ہونے کے لئے چالیس شب متواتر بعد نماز عشاء اکتالیس بار پڑھے۔

(۵) کشائش رزق کے لئے سات بار بعد نماز صبح ہمیشہ ورد رکھے۔

(۶) عقیمہ (بانجھ عورت) کے لئے ۲۱ خرموں پر سات سات بار دم کر کے ایک خرما (چھوہارا) روز کھلادے اور بعد حیض طہر میں ہمبستر ہو بفضل خدا فرزند صالح پیدا ہو۔

(۷) اگر حاملہ پر خلل ہو تو سات دن برابر سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے۔

(۸) واسطے مواصلت طالب و مطلوب اور ہر مقصود کے لئے بعد نصف شب باوضو چالیس ۴۰ بار صدق و یقین کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب دلی حاصل ہوگا۔

(۹) روایت

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی شب میں دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچیس ۲۵ بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد سلام ہزار مرتبہ یہ درود پڑھے صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ تو ضرور مجھے خواب میں دیکھے گا، اور جس نے مجھے خواب میں دیکھا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کردے گا۔ چاہئے کہ اس نماز کو ہفتہ وا توار کی شب میں بھی پڑھے کہ اس درمیان میں جمال جہاں آرا سے مشرف ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱۰) برائے زیارت

زیارت سراپا کرامت حضور انور علیہ الصلاۃ والسلام کے لئے بہترین عمل ہے۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا ھَا مَرَّۃً بَعْدَ مَرَّۃٍ وَکَرَّۃً بَعْدَ کَرَّۃٍ۔ بعد نماز صبح کوئی سا درود شریف ۲۰۰ مرتبہ۔ استغفار ۱۰۰ مرتبہ۔ سورۂ اخلاص ۱۰۰ مرتبہ اس کے بعد سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب روح پُر فتوح

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہدیہ کرے پہلی شب میں ایسا دیکھے گا کہ اژ
رہا ہے۔ دوسری شب باغ و شہر نظر آئیں گے۔ تیسری شب میں اژدہا
اس کے بعد دیدار فیض آثار سرکار سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف
ہوگا۔ یہ مخصوص عمل ہے جس کی ہر شخص کو اجازت نہیں ہے۔

⑪ زیارت

جو شخص شب جمعہ میں اکتالیس ۴۱ بار سورۂ مزمل پڑھکر سوئے زیارت حضور رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔

⑫ زیارت

جمعہ کی شب میں وضو کر کے ایک سو چالیس ۱۴۰ بار یہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِیْبِكَ اِنِّیْ مُشْتَاقٌ بِجَمَالِ رَسُوْلِكَ وَعَلٰی کَثِیْرٍ یَآ اَللّٰہُ اس کے بعد یہ رباعی چالیس ۴۰ بار پڑھے

نسیما جانب کویش گزر کن	بگو آں نازنین شمشاد مارا
بہ تشریف قدوم خود زمانے	مشرف کن خراب آباد مارا
کہ بے تشریف تو اسباب شادی	نشاید خاطر ناشاد مارا

⑬ لِقاءُ الرُّوحَانِیَات

بعد نماز عشاء معین جگہ پر ۷۰۶ مرتبہ چالیس شب پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ یَا شَیْخُ عَبْدُ الْقَادِرِ شَیْئًا لِلّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ وَاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ
لباس و جگہ پاک رہنا شرط ہے۔ پرہیز ا۔ گوشت، ہینگ، لہسن، پیاز، مولی، مشک، شہد اور عورت۔ جس قدر ماکولات میں احتیاط ہوگی

ملاقات صاف میسر ہوگی۔

⑭ استخارہ

جو شخص کسی چیز کا انجام معلوم کرنا چاہے کہ خواب میں معلوم ہو جائے وہ رات کو وضو کرکے پاک وصاف کپڑے پہنے اور داہنی کروٹ پر لیٹ کر روبقبلہ سات بار والشمس اور سات بار واللیل اور سات بار والتین اور سات بار قل ھو اللہ احد پڑھے اور خدائے تعالیٰ سے التجا کرے کہ فلاں کام کا انجام تیرے عون و عنایت وفضل وکرم سے مجھے معلوم ہو جائے پھر کسی سے نہ بولے سات روز کرے۔

⑮ استخارہ عجیبہ

بعد نماز عشاء غسل کرکے پاک وصاف لباس پہن کر خوشبو لگا کر یہ دعا سو بار تسمیہ کے ساتھ پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اس کے بعد پانسو مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا عِنْدَكَ مِنَ الْعَدَدِ فِيْ كُلِّ لَحْظَةٍ وَّلَمْحَةٍ مِّنَ الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ۔ اس کے بعد سو جائے جو مطلب ہوگا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے مفصل معلوم ہوگا۔

⑯ پنج گنج خورد

ہر نماز فرض کے بعد معاش ومعاد کے لئے بیحد مفید ہے اور خاندان مارہرہ مطہرہ کا معمول ہے کہ مبتدیوں کو تعلیم کرتے ہیں بعد نماز فجر یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ بعد نماز ظہر یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ بعد نماز عصر یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ بعد نماز مغرب

یَا سَتَّارُ یَا اَللّٰہُ بعد نماز عشاء یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ ہر ایک سو سو مرتبہ۔

(۱۷) پنج گنج کلاں

یہ بھی مبتدیوں کو تعلیم کرتے ہیں۔ بعد نماز فجر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ایک سو گیارہ بار۔ اور حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ گیارہ۔ بعد نماز ظہر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ایک سو گیارہ بار۔ بعد نماز عصر حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ایک سو گیارہ بار۔ بعد نماز مغرب رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ایک سو گیارہ بار۔ اور بعد نماز عشاء وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ایک سو گیارہ بار اور آیت کریمہ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ گیارہ بار

(۱۸) استخارہ بہت آسان ومختصر مفید

دو رکعت نماز نفل تازہ وضو سے ادا کرکے سات بار یہ دعا پڑھے اول وآخر درود شریف تین تین بار اَللّٰھُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اخْتِیَارِیْ اس کے بعد دل کو جانچے جس پر دل جمے وہ اختیار کرلے۔

(۱۹) استخارہ مجربہ از معمولات عزیزیہ

دو رکعت نماز استخارہ کی نیت کرکے بعد تحریمہ آنکھیں بند کرکے سورۂ فاتحہ شروع کرے جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہونچے اس آیت کی تکرار کرتا رہے

اگر داہنی جانب پھر جائے تو اس کا کرنا بہتر ہے اور بائیں جانب پھرے تو نامبارک ہے پھر سورۂ فاتحہ پورا کر کے سورۂ اخلاص گیارہ بار یا تین بار پڑھکر پہلی رکعت تمام کرے پھر دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ بے تکرار پڑھکر سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھکر نماز پوری کرے اور اگر کسی جانب نہ پھرے اور زیادہ تکرار کرنی پڑے تو حالت اجمالی ہے کرنے اور نہ کرنے میں مختار ہے۔

(۲۰) استخارہ مجربہ

کسی متبرک شب میں یہ نقش لکھکر سرہانے رکھکر سو جائے خواب میں حال معلوم ہو جائے گا۔

یاخبیر	علمنی	یارشید	ارحمنی
ارشدنی	یارحیم	اخبرنی	یاعلیم
علمنی	یاخبیر	ارحمنی	یارشید
یارحیم	ارشدنی	یاعلیم	اخبرنی

یاشافی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یاکافی یاخبیر اخبرنی یارشید ارشدنی یاعلیم علمنی یارحیم ارحمنی وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ و بارک وسلم آمین۔

(۲۱) استخارہ

سونے کے وقت اَللّٰہُ الصَّمَدُ ایک ہزار بار اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھکر سو جائے۔ خواب میں حال معلوم ہوگا۔

(۲۲) آسان استخارہ

سورۂ والضحیٰ گیارہ بار درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھکر سو جائے خواب میں حال معلوم ہوگا

(۲۳) دریافت مطلب

اگر کوئی چاہتا ہے کہ خواب میں اپنے مقصد کو دیکھے تو ان اسماء کو کاغذ پر لکھکر اپنے سینہ پر رکھکر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَآ اِلٰہُ یَآ اِلٰہُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ

یَا اِلٰہُ یَا رَحْمٰنُ اقْضِ حَاجَتِیْ اِقْضِ حَاجَتِیْ یَا مَنَّانُ بِحَقِّ النَّبِیِّ صَاحِبِ الْقُرْاٰنِ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥

نوٹ :۔ استخارہ کے بعض اعمال چہل اسماء اور خواص سور کے بیان میں آئیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۲۴) درود غوثیہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ٥

(۲۵) درود اویسیہ سونے کے وقت پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا عِنْدَكَ مِنَ الْعَدَدِ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ وَّلَمْحَۃٍ مِّنَ الْاَزَلِ اِلَی الْاَبَدِ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔

(۲۶) درود رضویہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ٥

(۲۷) درود حفظ ایمان اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ہر روز ایک سو گیارہ بار پڑھے ایمان کی حفاظت ہوگی خاتمہ بالخیر ہوگا۔

(۲۸) استخارہ مجربہ کہ اکابر اولیاء کرام کے نزدیک مجرب ہے

حضرت مولی المسلمین علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ سونے سے پہلے چھ رکعت ایک سلام سے بہ نیت استخارہ پڑھے پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ والشمس دوسری میں واللیل تیسری میں والضحیٰ چوتھی میں الم نشرح پانچویں میں والتین چھٹی میں انا انزلناہ سات سات بار بعد سلام اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور درود شریف پڑھکر یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَ مُوْسٰی وَرَبَّ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَرَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَرَبَّ عِزْرَائِیْلَ وَاَنْتَ یَا رَبَّ مُنَزِّلَ التَّوْرَاۃِ وَمُنَزِّلَ الْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃَ مِنْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ بِہٖ اَعْلَمُ اس کے بعد کسی سے گفتگو نہ کرے ایک ہفتہ کے بعد خواب میں کوئی بزرگ آئیں گے اور حال واقعی کی خبر دیں گے اور اس کی تدبیر بتائیں گے۔ اعتقاد و یقین شرط ہے صاحب جامع اللطائف نے فرمایا کہ اکابر نے اسے مجرب پایا ہے اور میں نے کئی مرتبہ اس کا تجربہ کیا۔

بلندی منصب و تسخیر

(۲۹) اگر کسی کا منصب ختم ہو گیا ہو دوبارہ حاصل کرنا چاہتا ہو تو اعداد آیات قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝ نکال کر اپنے نام کے اعداد کے ساتھ مربع ساعت سعد قمر مسعود میں پُر کرے، نقش لکھتے وقت خوشبو کرے اور اس مربع کو سیدھے بازو پر باندھے اور آیات مذکورہ کو سو بار ایک ہفتہ پڑھے آیات پڑھنا اور تعویذ باندھنا جمعہ کا دن ماہ ثابت میں ہو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ یعنی آئندہ جمعہ تک منصب حاصل ہو اگر مقبولیت میں تاخیر دیکھے پڑھنا موقوف نہ کرے البتہ کم کر دے اور ہر فریضہ کے بعد پانچ پانچ بار پڑھے تا حصول مطلق ترک نہ کرے اور اگر اس قدر ممکن نہ ہو تو پچیس بار بعد نماز فجر ورد رکھے اعداد آیات کے بتحقیق سیدنا اعلیحضرت رضی اللہ عنہ یہ ہیں سولہ ہزار آٹھ سو اناسی۔ (۱۶۸۷۹)

(۳۰) عز و جاہ و حصول قرب سلاطین

ایک چلہ میں ہر روز اسّی بار پڑھے عنقریب مراد کو پہونچے اگر ورد کرے ہرگز نامراد نہ ہو وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

وَاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ؀

(۳۱) حصول جاہ

ایک سو ایک بار بعد نماز فجر پڑھے مجرب ہے اور اس نقش کو باندھے یَا عَزِیْزُ تَعَزَّزْتَ بِالْعِزَّةِ وَالْعِزَّةُ فِیْ عِزَّةِ عِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ نقش یہ ہے

۹۱۷۴۸۳۴	۹۱۷۴۸۲۹	۹۱۷۴۸۵۲	۹۱۷۴۸۳۸
۹۱۷۴۸۵۱	۹۱۷۴۸۳۹	۹۱۷۴۸۲۵	۹۱۷۴۸۵۰
۹۱۷۴۸۴۰	۹۱۷۴۸۵۴	۹۱۷۴۸۴۷	۹۱۷۴۸۴۴
۹۱۷۴۸۴۸	۹۱۷۴۸۴۳	۹۱۷۴۸۴۱	۹۱۷۴۸۵۳

(۳۲) برائے عشق الٰہی

هب لی ملك عشقك یا وهاب ایک ہزار ایک بار اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار بعد نصف شب پڑھیں۔

(۳۳) برائے شوق عبادت و دفع محبّت دنیا

بعد نصف شب ایکہزار ایک بار پڑھے ۔

جو چمن سے گزرے تو اے صبا تو یوں کہیو بلبل زار سے
کہ خزاں کا دن تو ہے سامنے نہ لگئیو دل کو بہار سے

(۳۴) حصول فیض و شب قدر و بلندی جاہ

مجرب ہے سورۃ القدر روزانہ بیس شعبان سے تیرہ بار پڑھے اول و آخر درود شریف پڑھے اور خوشبو جلائے اس سورۃ کے موکل جبرئیل علیہ السلام ہیں۔

(۳۵) برائے دفع شر نفس

فوائد آیات کفایہ سبعہ (۱) سوتے وقت ۳ بار بقصد زیارت سرکار دو عالم بشرط طہارت و اخلاص (۲) سات بار پڑھکر مریض پر دم کریں مرض دفع ہو یا تخفیف ہو (۳) ستر بار اخلاص کے ساتھ جس مصیبت میں ہو چھٹکارا پائے (۴) غنا کی نیت سے ہر نماز کے بعد ستر بار (۵) حاکم کے سامنے جاتے وقت ستر بار (۶) جس کا مقابل قوی ہو اس کے سامنے جاتے وقت چار بار آیت کفایہ سبعہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۰ وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا ۰

وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَّکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا ۰ وَکَفٰی بِاللّٰہِ عَلِیْمًا ۰ وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا ۰ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ۰ وَکَفٰی بِرَبِّکَ ھَادِیًا وَّنَصِیْرًا ۰ وَکَفٰی بِرَبِّکَ بِذُنُوْبِ عِبَادِہٖ خَبِیْرًا بَصِیْرًا ۰ وَکَفٰی بِرَبِّکَ وَکِیْلًا ۰ وَکَفَی اللّٰہُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ وَکَانَ اللّٰہُ قَوِیًّا عَزِیْزًا ۰ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

(۳۶) اللہ تعالیٰ سے محبت کے لئے

اللہ عزوجل کا شوق زیادہ ہو۔ بعد نماز عشاء ہمیشہ ایک ہزار ایک بار پڑھے مرتبہ شوق کو پہونچے کہ خود ضبط نہ کر سکے یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۔

(۳۷) ایضاً

مطلوب الطالبین فی احوال سیدنا نظام الدین قدس سرہٗ میں حضرت شیخ فرید گنج شکر قدس سرہٗ نے فرمایا۔

یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَایَا وَاهِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَایَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ ہمیشہ وقت صبح ستر بار ورد رکھے۔

(۳۸) ترقی جاہ و تسخیر عمل سورۂ جمعہ

تاریخ طاق سے جمعرات کو شروع مہینہ سے اکیس ۲۱ بار سورۂ جمعہ گیارہ بار درود تنجینا اول آخر درود شریف گیارہ بار گیارہ روز تک پڑھے۔

(۳۹) تسخیر حکّام

کٓھٰیٰعٓصٓ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ حاکم کے روبرو جسے جانا ہو یہ عمل کرکے اپنے گھر سے چلے ہر حرف پر ایک انگلی داہنے ہاتھ سے بند کرنا شروع کرے کاف کہے چھنگلیاں داہنی بند کرے ھٰ کہے چھنگلیاں کے برابر کی انگلی بند کرے یوہیں ہر حرف پر انگلی بند کرے صٓ پر انگوٹھا داہنے ہاتھ کا پانچوں انگلیاں بند کر چکے تو کہے کُفِیْتُ پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلی حٓ کہہ کر بند کرے پھر اس کے برابر کی مٓ کہکر ایسے ہی ہر حرف پر انگلی بند کرے اور انگوٹھا قٓ کہکر پھر کہے حُمِیْتُ پھر کہے فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط دونوں ہاتھ کی مٹھیاں بند رکھے تمام راہ یوہیں مٹھیاں بند رکھے قطع کرے سامنے جائے تو الم نشرح شریف پڑھ پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولے جب دسوں انگلیاں کھول لے تو دعا کی طرح ہاتھ اٹھا کر حاکم کی طرف پھیلے ہوئے ہاتھوں پر اس نیت سے حاکم کی نظر بچا کر پھونکے کہ میرے خلاف میرے ضرر کی کوئی بات حاکم نہ کہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے مونھ میں

گویا قفل پڑ جائے گا اور خدا چاہے اسے کوئی ضرر نہ پہونچے گا۔

(۴۰) تسخیر حاکم

یہ نقش موم جامہ کرکے ٹوپی میں ٹانک لے یا عمامہ کے بیچ میں رکھے بہر حال تعویذ پیشانی کی جانب رہے اس طرح حاکم کے روبرو جائے انشاء اللہ تعالیٰ مہربان ہو۔

(۴۱) تسخیر عام

یاسمہا ۷۸۶ یاملسا

۱۶ یابدیع	۲۹ السموات	۲۶ والارض	۲۳ یاباقی
۲۷ یاباقی	۲۲ والارض	۱۷ السموات	۲۸ یابدیع
۲۱ السموات	۲۴ یابدیع	۲۱ یاباقی	۱۸ والارض
۳۰ والارض	۱۹ یاباقی	۲۰ یابدیع	۲۵ السموات

اللھم سخر قلب فلاں وحاکم واھل عملہ ووکلای عملہ وزبان بدگویاں از ہر خاطب و اولاد آدم وبنت حوا علی حب ومحبۃ و دوستی فلاں بن فلاں سخر و مطیع گردد۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱ یااللہ	۱۴ المحمود	۱۱ فی کل	۸ فعالہ
۱۲ فعالہ	۷ فی کل	۲ المحمود	۱۳ یااللہ
۶ المحمود	۹ یااللہ	۱۶ فعالہ	۳ فی کل
۱۵ فی کل	۴ فعالہ	۵ یااللہ	۱۰ المحمود

اللھم سخر قلب فلاں وحاکم واھل عملہ و وکلای عملہ وزبان بدگویاں از ہر مخاطب واولاد آدم وبنت حوا علی حب ومحبۃ و دوستی فلاں بن فلاں سخر و مطیع گردد۔

(۴۲) عمل سورۂ رحمٰن شریف مجرب برائے تسخیر عوام و خسرہ چیچک اطفال

سورۂ رحمٰن شریف کو تسخیر عوام کے لئے اس طرح پڑھے کہ جب آفتاب طلوع ہو اور نماز پڑھنی درست ہو جائے اس وقت اس کی طرف مونھ کرکے یہ سورت پڑھے اور ہر آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ o پر اس کی طرف انگلی سے اشارہ کرے۔ چالیس روز بہ نیت زکوۃ پڑھے پھر ہر روز ایک بار پڑھ لیا کرے اور جب کسی کے سامنے

جائے تو یہ سورت ایک بار پڑھ لیا کرے اگر ممکن نہ ہو تو تین بار فَبِاَیِّ
اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھ لے۔ اور مرض چیچک کے لئے گنڈہ بناکر
(نیلے ڈورے کا) سورہ رحمٰن پڑھے اور ہر آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تُکَذِّبٰنِ پر ایک گرہ لگاتا جائے اور پھونکتا جائے پھر گنڈے کو بچے
کے گلے میں ڈالدے مگر چیچک ظاہر ہونے کے بعد ہی۔

(۴۳) تسخیر آفتاب کے طلوع سے قبل ہمیشہ پڑھے۔ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور وہ سب مسخر و مقہور رہوں گے

مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللّٰھم سخرلی اعدائی کما سخرت الریح لسلیمٰن بن داؤد
علیہما السلام ولینھم کما لینت الحدید لداؤد علیہ
السلام وذللھم کما ذللت فرعون لموسیٰ علیہ السلام و
قھرھم کما قھرت ابا جھل لمحمد علیہ السلام بحق
کٓھٰیٰعٓصٓ وبحق حٰمٓ عٓسٓقٓ ۝ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا
یَرْجِعُوْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ
وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

(۴۴) تسخیر اس نقش کو دائیں طرف سے لپیٹے روئی میں اور چراغ میں تل کے تیل میں روشن کرے۔ اور چراغ کی بتی مطلوب کے گھر کیطرف

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

الحب
فلاں بن فلاں علی
حب فلاں بن فلاں بحق
یا بدوح

کرے اور یکشنبہ کو سات نقش لکھے اور ہر روز سات روز تک وہ نقش
روشن کرے۔ اور اس کے بعد پھر روز سات نقش لکھے ایک چلہ تک اور
ناغہ نہ کرے تاکہ چلہ خراب نہ ہو اور بوقت ضرورت کام آئے یا خلوت میں
رہے چالیس روز تک اور ہر روز سات نقش لکھکر دریا میں یا کوئیں میں
ڈالے شروع ذی قعدہ سے یا ہر شروع مہینہ سے شروع کرے مجرب ہے۔

(۲۵) تسخیر

دلوں کے تسخیر کے لئے ہر روز تین سو تیرہ بار اس اسم کو پڑھے یَا عَطُوْفُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ اَعْطِفْ عَلٰى قَلْبِ فُلَاںٍ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰاحِمِيْنَ ٥

(۲۶) تسخیر

تمہارے لئے وہ شخص مسخر ہو جائے گا جس کی طرف حاجت ہے حاکم ہو یا غیر۔ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ سات بار اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھکر اپنے چہرے پر دم کرے اور اس کے سامنے جائے محبت سے پیش آئے گا۔

(۲۷) دعا جامع المطلوب دافع الکروب

یہ دعا کتب معتبرہ واحادیث صحیحہ سے منقول ہے دین و دنیا کی برکات اور جمیع مرادات کے لئے یہی کافی ہے تسخیر خلائق کے لئے اکسیر ہے اور نحوسات سیارگاں کے دفع کیلئے بے نظیر ہے اور استخارہ عجیبہ سے ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیمؕ
یَا مَلٰٓئِكَةُ كُلُّكُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ اَنْ تُغِيْثُوْنِيْ وَاَنْ تُعِيْنُوْنِيْ
وَاَنْ تَمُدُّوْنِيْ فِيْ مُرَادِيْ وَمَقْصُوْدِيْ وَاحْفَظُوْالِيْ مَالِيْ

وَاَهْلِیْ وَوُلْدِیْ وَوَالِدِیْ وَذُرِّیَّاتِیْ وَاِخْوَانِیْ وَ
اَحِبَّآئِیْ وَاَصْدِقَآئِیْ وَمَا اَحَاطَتْ عَلَیْهِ شَفَقَةُ قَلْبِیْ مِنْ
اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنْ نُحُوْسَاتِهِمْ وَمِنْ نُحُوْسَاتِ
الزُّحَلِ وَالْمُشْتَرِیِّ وَالْمِرِّیْخِ وَالشَّمْسِ وَالزُّهْرَةِ وَالْعُطَارِدِ
وَالْقَمَرِ وَالرَّأْسِ وَالذَّنْبِ وَالْاِکْلِیْلِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ
شَرٍّ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیَاطِیْنِ وَسَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّ
ظَالِمٍ وَّبَاغٍ وَّطَاغٍ وَّمَارِدٍ وَّمُعَانِدٍ وَّلَاحِقٍ وَّسَابِقٍ
وَّمُتَحَرِّكٍ وَّسَاكِنٍ وَّهَامَّةٍ وَّشَامَّةٍ وَّلَامَّةٍ وَّذَكَرٍ وَّ
اُنْثٰی وَمِنْ اٰفَاتِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ الْبَرِّیَّةِ
وَالْبَحْرِیَّةِ اَجْمَعِیْنَ وَاعْلَمُوْآ اَبْصَارَهُمْ وَاقْبِضُوْا
لِسَانَهُمْ وَاَیْدِیَهُمْ وَعَلِّمُوْنِیْ عِلْمَ الَّذِیْ یَكُوْنُ نَافِعًا
وَّصَرْفًا عَلٰی جَمِیْعِ الْعُلُوْمِ وَاَعْطُوْنِیْ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا
وَّجَلَبْتُكُمْ لِجَلْبِ قُلُوْبِ الْخَلْقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ
اِلَیَّ بِالْمَوَدَّةِ وَالْمَحَبَّةِ وَانْصُرُوْنِیْ نُصْرَةً عَلٰی سَآئِرِ
الْاَعْدَآءِ وَاَخْبِرُوْنِیْ مَا فِی الْحَوَادِثِ الْخَیْرِ وَالشَّرِّ
قَبْلَ وَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَآ اَطْلُبُ مِنْ اَخْبَارِ الْعَالَمِ
اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا
اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَوَلَدِهٖ
الشَّرِیْفِ السَّیِّدِ مُحْیِ الدِّیْنِ حَضْرَةِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ

الْجِیْلَانِیْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَبِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

بَابُ الْمَحَبَّت

(۲۸) اتفاق زن وشوہر

یہ تعویذ چاندی یا سونے میں منڈھ کر عورت اپنی چوٹی میں رکھے شوہر کو یہ نہ بتائے کہ کیا ہے اور یہ عمل تین ماہ تک برابر چڑھتے چاند میں گیارہ دن برابر ہر روز ساڑھے گیارہ سو مرتبہ اول وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے اور فلاں کی جگہ شوہر کا نام لے عمل یہ ہے۔ کریما کرم کر رحیما رحم کر دل سخت فلاں را نرم کر محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بادشاہ کو درمیان کر میری اڑی مشکل آسان کر مجرب ہے۔

۷۸۶

یا نبی	یا مصطفیٰ
یا مرتضیٰ	یا مجتبیٰ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین اللھم الق محبۃ فلاں بن فلاں بجاہ من ھو احب حبیب الیك صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۲۹) دیگر

یہ نقش شرف زہرہ میں مشک وزعفران اور

یا نبی	یا مصطفیٰ
یا مرتضیٰ	یا مجتبیٰ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین وبارك وسلم اللھم بجاہ ھذا الحبیب الق محبۃ فلاں بنت فلانۃ علیٰ قلب فلاں بن فلاں کما القیت محبۃ بلقیس علیٰ قلب سلیمٰن وسخر قلبہ کما سخرت فرعون لموسیٰ ولین لھا قلبہ کما لینت الحدید لداؤد وحببھا کما حببت عائشۃ الیٰ حبیبك سیدنا ومولانا محمد صلی اللہ تعالیٰ نبینا وعلیھم الصلاۃ والسلام اجمعین۔

بجبوری روشنائی سے لکھکر حسب ترکیب بالا استعمال کرے۔

⑤⓪ عمل یَاوَدُوْدُ حب وجذب قلوب

سیدنا اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان میں قدیم زمانے سے معمول ہے نمک لاہوری یا نمک سانبھر پاکیزہ لے اور اس پر جمعرات کے دن ایک ہزار ایک مرتبہ یَاوَدُوْدُ اول آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھکر دم کرے۔ اس وقت سے اسے زمین پر نہ رکھے اور مطلوب کو چند مرتبہ کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ باذن خداوندی وہ مطیع ومنقاد ہوگا پڑھتے وقت مطلوب کا تصور کرے

⑤① زن وشوہر کی ناراضگی دور کرنے کیلئے آزمودہ ہے۔

ایک روٹی کے تیرہ ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر یہ ۱۳ طلسم لکھے اگر مرد ناراض ہے تو کتے کو ورنہ کتیا کو کھلائے۔ ایک ہی دفعہ ڈالدے یا چند مرتبہ میں۔ تین دن متواتر کرے انشاءاللہ ناراضگی جاتی رہے گی۔

۶	۵۱	ع	ع	۲۹	۵۹	۵۵
۹۹	۵۵	۵عہ	۵۷	۱۲	ع	

⑤② برائے محبت مجرب المجرب ہے

برفی پر گلاب یا زعفران سے ایک طرف نقش ابجل ۲ لکھے اور دوسری جانب یہ دعا لکھکر مطلوب کو کھلائے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ فُلَانِ بِنْتِ فُلَانَۃٍ وَفُلَانِ بْنِ فُلَانٍ کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ اٰدَمَ وَحَوَّآءَ اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَھُمَا کَمَا اَلَّفْتَ

بَیۡنَ اِبۡرَاھِیۡمَ وَسَارَۃَ اَللّٰھُمَّ اَلِّفۡ بَیۡنَھُمَا کَمَا اَلَّفۡتَ بَیۡنَ مُوۡسٰی وَصَفُوۡرَا اَللّٰھُمَّ اَلِّفۡ بَیۡنَھُمَا کَمَا اَلَّفۡتَ بَیۡنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَعَآئِشَۃَ اَللّٰھُمَّ اَلِّفۡ بَیۡنَھُمَا کَمَا اَلَّفۡتَ بَیۡنَ عَلِیٍّ وَّ فَاطِمَۃَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمۡ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

(۵۳) سورۂ فاتحہ کا عمل برائے محبت زن وشوہر

سورۂ فاتحہ ننو مرتبہ تنہائی میں پڑھکر کھانے کی چیز پر دم کرکے کھلائے۔ مجرب ہے۔

(۵۴) دیگر طریقہ

سورۂ فاتحہ سو دانہ گول مرچ پر پڑھا جائے اور مطلوب کا نام لے کر جلایا جائے مطلوب بے قرار ہوگا۔

(۵۵) ایضًا

چالیس دانہ گول مرچ لے کر ہر ایک دانہ پر پچاس پچاس مرتبہ آیت کریمہ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوۡبِھِمۡ وَعَلٰی سَمۡعِھِمۡ وَعَلٰی اَبۡصَارِھِمۡ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ پڑھکر مطلوب کے نام سے جلائے اور اس کا تصور رکھے۔ یہ عمل معمولات عزیزیہ میں بھی مذکور ہے۔

(۵۶) محبت کا بے نظیر عمل

شیرینی پاکیزہ لے کر اس پر آیت کریمہ عَسَی اللّٰہُ اَنۡ یَّجۡعَلَ بَیۡنَکُمۡ وَبَیۡنَ الَّذِیۡنَ عَادَیۡتُمۡ مِّنۡھُمۡ مَّوَدَّۃً وَاللّٰہُ قَدِیۡرٌ وَاللّٰہُ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ایک سو گیارہ بار یا مطلوب کے نام کے عدد کے برابر پڑھکر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں مطلوب بے قرار ہوگا۔

(۵۷) برائے محبت زوجین مجرب ہے

اس مربع کو لکھکر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے اور دعا کو طالب مطلوب کے نام کے عدد کی برابر پڑھے

۷۸۶

۷۱۹	۷۲۲	۷۲۵	۷۱۱
۷۲۴	۷۱۲	۷۱۸	۷۲۳
۷۱۳	۷۲۷	۷۲۰	۷۱۷
۷۲۱	۷۱۶	۷۱۴	۷۲۶

۷۸۷

۹۵۰	۹۲۵	۹۵۲
۹۵۱	۹۴۹	۹۴۸
۹۴۶	۹۵۲	۹۴۸

دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّخَدِيْجَةَ حَبِّبْنِيْ اِلٰى زَوْجِيْ وَ(زَوْجَتِيْ) بِحُرْمَةِ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا اور اس دعا کو نقش کے نیچے بھی تحریر کرے اور مطلوب عورت ہو تو حببنی الی زوجتی ورنہ زوجی لکھے اور پڑھے۔

(۵۸) دشمن کو مسخر کرنے کا مجرب عمل

اگر چاہے کہ دشمن مطیع و منقاد ہو جائے۔ پان پر لکھکر یا دم کرکے کھلادے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ٥ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

(۵۹) محبت میں دیوانہ بنانے کا عمل

ان کلمات کو ۴۰ مرتبہ مرچ سرخ پر دم کرکے جلائے
وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۘ الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۛ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

الٓمّٓصٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ٥ بحقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ یہ عمل معمولات میں بھی ہے۔ یا طھمونا ستر بار کھانے کی چیز پر دم کرکے کھلائے۔

حم عسق وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين ولا يزيد الظالمين الا خسارا

لا اله الا الله محمد رسول الله
حب فلاں بن فلانۃ علی
حب فلاں بن فلانۃ
الساعۃ الساعۃ

⑥⓪ محبت کا بارہا آزمودہ نقش

باوضو لکھکر درخت پر لٹکائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب منقاد و فرمانبردار ہوگا۔

⑥① محبوب کو بلانے کا عمل جو تجربہ میں آچکا ہے

(دعوت یا بدوح اولاً آٹھ دن)

گوشت و مچھلی نہ کھائے اس کے بعد دعوت یا بدوح کرے مندرجہ ذیل طریقے سے بدوح کا نقش پر کرے اور ہر نقش پر ساٹھ بار اسطرح پڑھے اجب یا جبرائیل یا دردائیل یا رقمائیل یا تنکفیل سامعامطیعا بحق یابدوح۔ اسی طرح ہر روز ساٹھ نقش پر کرے اور ساٹھ بار پڑھے ساٹھ دن تک۔ بعد ساٹھ دن کے حسب ضرورت

۷۸۶

۱۵	۴۰	۵
۱۰	۲۰	۳۰
۳۵		۲۵

اس نقش کو پر کرے اور خالی خانہ میں اس شخص کا نام لکھکر آگ پر رکھے خدا کے حکم سے وہ شخص حاضر ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ

۷۸۶

۱۵	۱۸	۲۱	۸
۲۰	۹	۱۴	۱۹
۱۰	۲۳	۱۶	۱۳
۱۷	۱۲	۱۱	۲۲

⑥② محبت کا مجرب فتیلہ

اس فتیلہ کو لکھکر تل کے

فلاں بن فلاں زود تابعدا ر فلاں بن فلاں ابود۔

تیل میں جلائے تین دن اور ہر دن نیا پلیتہ ہو تو بہتر ہے۔

۶۳ محبت کا مجرب عمل

اکیس دانہ سرسوں لیکر ہفتہ کی رات میں ہر دانہ پر ایک ایک بار پڑھکر دم کرے اور آگ میں جلائے اور دن میں اس کے سامنے جائے مطیع و شیدا ہوگا وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۝ مجرب ہے بفضل خدائے تعالیٰ۔

۶۴ مہجور کی ملاقات کا عمل

اس آیت کو کثرت سے پڑھے ملاقات ہوگی رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۝

۶۵ محبت کا عجیب عمل

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِلَيَّ بعد نماز فجر یا عشاء بروز جمعہ ساعت سعید میں شروع کرے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار اور شروع کرنے سے پہلے شیرینی پاکیزہ پر نیاز حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور غوث الثقلین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دلائے اور درمیان میں کلام نہ کرے اور فاتحہ کے لئے کچھ میسر نہ ہو تو خالی فاتحہ پڑھ کر بخشدے، اور مطلوب کے نام کے برابر پڑھے اور جب تک مراد حاصل نہ ہو پڑھنا بند نہ کرے بعدہٗ عدد مادر مطلوب اور اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد نکال کر مطلوب کے اعداد میں اضافہ کرکے ایک چلہ پڑھے بے شک مطلوب مسخر ہوگا (معمولات)

۶۶ وفق ہشتی برائے محبت و تسخیر

اس نقش کو نام مطلوب و طالب کے لکھکر بازو

۱۲۸۶۰۶	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۵۹۸
۱۲۸۶۱۱	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۶۱۰
۱۲۸۶۰۰	یا عطوف ذا القوۃ المتین اعطف علے قلوب العالمین	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۶۰۴
۱۲۸۶۰۸	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۱۳

۱۲۸۶۱۳

پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ تام حاصل ہوگا۔

۶۷ اتفاق زن وشوہر کا مجرّب عمل

چالیس دانہ مرچ سیاہ لے کر سو مرتبہ اس عزیمت کو پڑھکر کہے۔ الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں یا بنت فلانہ دم کرکے آگ میں ڈالے عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ یٰسٓ والقران الحکیم ٥ ن والقلم وما یسطرون ایاك نعبد وایاك نستعین وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین ٥ (معمولات عزیزیہ)

۶۸ نقش مخمس برائے محبّت

تراود	فتاها	نفسه عن	شغفها قد	حبًا
فتاها	نفسه عن	شغفها قد	حبًا	تراود
نفسه عن	شغفها قد	حبًا	تراود	فتاها
شغفها قد	حبًا	تراود	فتاها	نفسه عن
حبًا	تراود	فتاها	نفسه عن	شغفها قد

بازو پر باندھے مجرب وآزمودہ ہے نیز شہد یا شکر یا دودھ میں ملا کر پلانا بھی بیحد مفید ہے

۶۹ فتیلہ برائے محبت

ہفتہ کے دن کبوتر سیاہ کے خون سے لکھکر روئی لپیٹ کر فتیلہ بنائیں اور کورے چراغ میں رکھکر جلائیں تلّی کے تیل سے۔

،۱۲۵۲۱۱۴ وول ۸۴۱۱۱۹۹

،۱۱۱۵۱۵۴۱ ووم م ۸۱۴۱۱۱

۷۰ فائدہ

خون سائل شریعت مطہرہ کے نزدیک نجس ہے اعمال محبت و تفریق اور آیات قرآنی وغیرہ نجاست سے لکھنا ناجائز وحرام ہے۔ پس اس کا طریقہ یہ ہے کہ کبھی جو خون منجمد پاک ہے کوٹ کر اس سے تحریر کریں یا آہنی

قلم کلیمی ہیں کو پچ کر لکھیں۔ اس صورت میں حقیقۃً گ نون ہی سے لکھنا ہوگا۔

نوٹ: محبت کے بعض اعمال چہل اسماء کے بیان میں یا خاصیت آیات کے بیان میں مذکور ہوں گے۔ اس باب کے اعمال بہت زیادہ ہیں مفید و مجرّب چن لئے گئے ہیں۔ باقی آئندہ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ خیال رہے کہ کبھی ناجائز کام کے لئے ان اعمال کو نہ کرے ورنہ فیض سے محروم رہے گا۔

(۷۱) نقش مخمس

مستخرجہ سیدی الکریم

حضور مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم العالیہ ایک طرف نقش تحسیر جنہ مع سہ مثلث جو آگے نقل ہوگا۔ دوسری طرف یہ نقش مخمس مربعہ جس کے نیچے یا چاروں طرف یہ عبارت ساعت سعد میں کندہ کرا کے استعمال کریں۔ تسخیر کے لئے بے نظیر ہے ←

۷۸۶

۲۲۱	۲۲۴	۲۲۷	۲۱۳
۲۲۶	۲۱۴	۲۲۰	۲۲۵
۲۱۵	۲۲۹	۲۲۲	۲۱۹
۲۲۳	۲۱۸	۲۱۶	۲۲۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا رحمن یا رحیم دل مارا کن مستقیم کن ایاک نعبد وایاک نستعین یا حی یا قیوم لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین برحمتک استغیث یا ارحم الراحمین یا لطیف یا رؤف یا عطوف ذا القوۃ المتین اعطف علی قلوب العالمین بجاہ حبیبک سیدنا محمد طہ ویٰسین و صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم

(۷۲) تسخیر عوام الناس مثلث محیط الاسرار از حروف مقطعات

کے مختم فوائد و برکات در شرف آفتاب و در شرف مشتری بہتر ہے شرف آفتاب یا اس کے اوج میں چاندی کے پتر پر اور بدرجۂ مجبوری تانبے کے پتر پر کندہ کرا کے سونے یا چاندی کی قلعی کرا کے اپنے

پاس رکھے۔ امراء وسلاطین وعلماء، وملوک وفضلاء، وفقراء کے یہاں عزیز وبزرگ ہو اور کسی قسم کا سحر وجادو اس پر اثر نہ کرے اور شیاطین کے شر اور ظالموں کے ظلم اور ناگہانی موت اور ہر قسم کے آسیب ودیو، پری وغیرہ سے حق تعالیٰ کی امان میں ہو اور کسی کا محتاج نہ ہو اور ہمیشہ ہمیشہ اپنے مقصد میں کامیاب رہے۔

(۴۳) تکسیر جنّہ چاہئے کہ اس نقش کو ریشم کے کپڑے میں کہ مثل دائرہ ہو لکھکر نگاہ رکھے اور وقت ضرورت حاکم کے سامنے جانا ہو تو اس تعویذ کو پانی میں دھو کر پی کر حاکم کے پاس جائیں حاکم مہربان ہوگا اگرچہ خون کئے ہو مفسد حاکم معاف کرے گا اور مہربانی سے پیش آئے گا انشاء المولیٰ تعالیٰ مجرب ہے۔

نوٹ:- تکسیر جنہ جب نقش مخمس کی پشت پر کندہ ہوتا ہے تو یہ تینوں مثلث اس کے بیچ میں کندہ کئے جاتے ہیں۔

۷۸۶

۲۶۰	۲۶۵	۲۵۸
۲۵۹	۲۶۱	۲۶۳
۲۶۴	۲۵۷	۲۶۲

۷۸۶

۱۲۶۶	۱۲۶۱	۱۲۶۴
۱۲۶۵	۱۲۶۷	۱۲۶۹
۱۲۶۰	۱۲۶۳	۱۲۶۸

۷۸۶

۴۱۴	۴۰۷	۴۱۲
۴۰۹	۴۱۱	۴۱۳
۴۱۰	۴۱۵	۴۰۸

باب العداوۃ

(۷۴) حصار قوی

اس حصار کو ہر روز تین مرتبہ پڑھکر دم کرلیں پھر بفضل خدا ہر آفات وبلیات اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ مَلَاثَمَانِ الرَّحۡمٰنِ اَیۡرَثَمَانِ الرَّحِیۡمِ حَیۡثَمَانِ جَمۡعِیۡثَانِ یَا حَافِظُ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ٥

(۷۵) مجرب حصار

ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھکر شہادت کی انگلی پر دم کرکے انگلی کو داہنے کان کے گرد تین مرتبہ پھرائیں مگر جلد سے مس نہ ہو۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وَالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ وَالنُّجُوۡمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمۡرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الۡخَلۡقُ وَالۡاَمۡرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ٥

گردمن وگرد خانۂ من وگرد زن فرزندان من وگرد دوستان من وگرد مال واسباب من حاضر شدہ وحصار شوی ونگہدار باشی یا اللہ بحق سلیمن بن داؤد علیہما السلام وبحق اھیا اشراھیا وبحق علیقا ملیقا تلیقا انت تعلم ما فی القلوب بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وبحق یا مومن یا مھیمن وصلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وصحبہ وسلم یہ حصار جمیع بلیات سے حفاظت کے لئے اکسیر ہے اور مشائخ کے معمولات سے ہے۔

(۷۶) دشمنوں کے شر سے نجات

ہزار بار اس آیت کریمہ کو پڑھکر دشمن کے تصور کے ساتھ زمین پر دستک دے اور ہر روز پڑھے مگر شروع نزول ماہ سے کرے آیت کریمہ یہ ہے۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ٥

(۷۷) عمل سورۂ اخلاص برائے دفع شر دشمناں

دشمنوں کے دفع کے لئے نزول قمر میں اس طرح پڑھنا بہت اثر رکھتا ہے اگر طلوع سے قبل اور نماز فجر کے بعد ہفتہ کے دن نقش پر کرے اور اسی پر فریقین کا نام مع ماں کے نام کے خشک قلم سے لکھے الٰہی بہ برکت یٰسٓ کلام پاک کے ان میں موافقت کر پھر اسے مطلوب کو پلا دے اور شیرینی پر لکھکر کھلائے کسی امر حرام کے لیے نہ کرے تعداد ایک ہزار اول آخر درود شریف ۱۰-۱۰ بار۔

(۷۸) عمل سورۂ کوثر برائے مقہوری اعداء وتفریق

دشمن کا نام لکھکر سامنے رکھے اول وآخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ سورۂ کوثر ہزار بار بالتسمیہ ایک مجلس میں پڑھے جب سو پر پہونچے نیم کی لکڑی پر دم کرے اسی طرح دس مرتبہ یعنی ہر سیکڑہ پڑھکر دم کرتا جائے۔ فارغ

ہونے کے بعد اس لکڑی کو ویران کنویں میں ڈالدے انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مقہور ہوگا۔

مجرب المجرب ہے۔

(۷۹) نقش سورۂ تبت یدا کہ عداوت و تفریق کے لئے

۷۸۶

٢٠٧١	٢٠٦٦	٢٠٧٣
٢٠٧٢	٢٠٧٠	٢٠٦٨
٢٠٦٧	٢٠٧٤	٢٠٦٩

عداوت فلاں بن فلاں علی قلب فلاں بن فلاں بود

بے نظیر ہے اور بارہا کا مجرب ہے ←

(۸۰) دیگر ترکیب

سورۂ مذکور کو تین ہفتہ تک روزانہ لکھکر آگ میں ڈالے دونوں کے درمیان جدائی ہوجائے گی۔ اور پلیتہ بناکر جلائے تو زیادہ موثر ہے۔

(۸۱) جدائی و تفریق کا آزمودہ عمل

ط ۱۱۱۷۲ اھر الہ ۶۶ ا عـــہ ۱۹۲۲۶۱ ھ ھ ہ
و و [illegible] الا ط ۱۱ ح ۲۸ ط درمیان فلاں بن فلاں
اور فلاں بن فلاں جدائی شود والحمد للہ رب العالمین

انڈے کی زردی و سپیدی نکال کر اس کے اندر اس نقش کو رکھکر قبر میں دفن کرے مجرب ہے۔

(۸۲) زبان بندی دشمنان

اگر دشمنوں کی زبان

۷۸۶

یاقوی	یاعلی	یاعلی	یاقوی
یاعلی	یاقوی	یاقوی	یاعلی
یاقوی	یاعلی	یاعلی	یاقوی
یاعلی	یاقوی	یاقوی	یاعلی

بند کرنا مقصود ہو تو اس نقش کو لکھکر اپنے سامنے رکھے یا بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہوگی ←

(۸۳) دیگر

۴۱ بار چوب گز پر سورۂ یٰسٓ شریف پڑھکر دشمنوں کا نام لے کر دم کرے اور پاک جگہ دفن کرے۔

(۸۴) دفع شر دشمناں وقوت دل

جو شخص اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھے دشمن اس پر قادر نہ ہوا اور جو شخص اس کو گلاب زعفران سے لکھکر سوتے وقت اور صبح کو پی لے اس کا دل اسقدر قوی ہو جائے کہ دیو پری سے کبھی نہ ڈرے گا۔ سورۂ یونس کا نقش لکھے جو آئندہ مذکور ہو گا۔

(۸۵) برائے عداوت

اس مثلث کو لکھکر خالی خانہ میں ہر دو نام کے اعداد لکھے اور ان میں سے کسی کے گھر میں ایسی جگہ دفن کرے کہ وہاں سے گذریں ←

۷۸۶

۱۳۱۸	خالی خانہ	۱۳۲۱
۱۳۲۴	۱۳۲۲	۱۳۱۹
۱۳۲۳	۱۳۱۷	۱۳۲۵

۱۳۲۶

(۸۶) برائے عداوت بارہا کا آزمودہ

اس نقش کو لکھکر لیمو میں رکھکر خاردار درخت جس کے پھل کھٹے ہوتے ہوں دفن کرے۔ (معمولات عزیزیہ)

۱	۱۰	۴
۸	۵	۲
۶	دعا فلاں و فلاں عداوت شود	۹

(۸۷) عداوت کے دو نقش جو بے حد مفید ہیں

ہبوط ماہ میں ہفتہ یا منگل کو ان دونوں نقشوں کو پُر کرکے ان کے نیچے دونوں فریق کا نام مع والدہ کے نام کے لکھکر پرانی قبر میں دفن کرے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

والقینا	بینهم	العداوة	والبغضاء
بینهم	العداوة	والبغضاء	الی
العداوة	والبغضاء	الی	یوم
البغضاء	الی	یوم	القیمة

یاقاهر	ذاالبطش	الشدید	انت الذی
ذاالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامه
انت الذی	لایطاق	انتقامه	یاقاهر

والقینا بینهم العداوة والبغضاء الی یوم القیمة العداوة بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں

۸۸ برائے تفریق واہلاک آب نارسیدہ کوزہ پر اکتالیس بار سورہ یٰسٓ شریف دم کرکے تفریق وتہلیک کی نیت سے بغصہ زمین پر زور سے مارے پھر اس کے ٹکڑے جمع کرکے قبرستان میں دفن کرے۔ انشاء المولیٰ تعالیٰ تفریق واقع ہوگی۔

۸۹ دیگر خاک پورا ہالیکر گیارہ بار سورۂ فیل دم کرکے قبرستان میں دفن کرے یا پاک کپڑے میں لپیٹ کر دونوں کی گزرگاہ میں دفن کرے۔

۹۰ برائے زبان بندی مخالفان وہلاکت ایشاں بعد فرض نماز اسی جگہ بیٹھکر سورۂ تبت یدا سات بار پڑھکر اپنے ناخون پر دم کرکے زمین پر مارے مگر مغرب میں تین مرتبہ پڑھے اسکے بعد سنتیں ادا کرے بارہا کا آزمودہ ہے۔

۹۱ اہلاک دشمن مگر لازم ہے کہ خدا سے ڈرے اور بوقابل کرنے کے ہواس کیلئے پڑھے اور وہ بھی جب کوئی چارۂ کار نہ ہو مجرب المجرب ہے۔ سنت وفرض فجر کے درمیان سورۂ الم ترکیف اکتالیس بار اور یہ عزیمت اکتالیس بار پڑھے اور دشمن کا مع اس کے والدین کے نام لے کر اور تصور کرکے اس کے دفعیہ کی دعا خدا سے مانگے درود شریف اول وآخر لازم جانے۔ اللّٰہ القادر المقتدر القاھر کل جبار عنید ناصر الحق حیث کان بہ الحول والقوۃ ان کانت الا صیحۃ واحدۃ فاذا ھم خامدون۔

۹۲ دیگر نیز برائے دیگر حاجت از حضرت سیدنا شاہ مخدوم صفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ آدھی رات کے وقت وضو کرکے سر برہنہ ہو کر دو رکعت نماز ہدیۃ الروح برائے آنجناب ادا کرے پھر گیارہ سو بار ان اشعار کو پڑھکر دعا کرے ے

دل ظالم بقصد کشتن ماست او دراندیشہ تا بما چہ کند	دل مظلوم ما بسوئے خداست من دریں فکر تا خدا چہ کند

(۹۳) دیگر صحیح و مجرب ہے ائمہ اطہار سے حضرت خواجہ محمد پارسا قدس سرہٗ العزیز نے نقل فرمایا ہے روزانہ چالیس۴۰ بار خلوت میں پڑھے کسی سے کلام نہ کرے اور دوسرے سے نہ بتائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰھُمَّ ارْمِ اَعْدَائِیْ بِسَھْمِکَ الصَّائِبِ وَادْفَعْھُمْ بِشِھَابِکَ الثَّاقِبِ وَمَزِّقْھُمْ بِجُنْدِکَ الْغَالِبِ وَبَدِّدْ شَمْلَھُمْ فِیْ جَمِیْعِ الْمَسَالِکِ وَالْمَذَاھِبِ وَلَا تُرْفَعُ لَھُمْ رَاقِیَۃٌ وَاجْعَلْھُمْ لِمَنْ خَلْفَہٗ اٰیَۃٌ اَللّٰھُمَّ فَتِّتْ اَعْدَائِیْ وَاکْسِرْ اَرْکَانَھُمْ وَاخْذُلْ اَعْوَانَھُمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَھُمْ وَنَکِّسْ اَعْلَامَھُمْ وَرُدَّ مَکْرَھُمْ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَاسْتَدْرِجْھُمْ مِنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ کُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِلْحَرْبِ اَطْفَأَ اللّٰہُ۔

(۹۴) تفریق زوجین اگر مرد عورت میں ناجائز تعلق ہو اور جدائی کرنی ہو تو بکری کے شانے کی ہڈی پر تعویذ لکھ کر کسی کنویں میں ڈالیں یا قبرستان میں دونوں میں جدائی ہوگی مجرب و آزمودہ ہے۔ لعلک العداوۃ والبغضآء الی یوم القیمۃ ورب الاعلی

بلیا وانا لہ مظلمون ۱۱۷۷۸۱۸۱ ۵ م م

کھیٰعص بحق حمعسق جدائی وتفریق فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں بود

(۹۵) برائے تفریق مجرب المجرب ہے

۸۶۱۱ ط ۱۱۶۵ ۵ دال واء و د ۶۱

زق بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں

اس عزیمت کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھکر دونوں فریقین کے نام تحریر کرے پھر کتے کو کھلائے۔

(۹۶) برائے عداوت و اخراج دشمناں از مکان یا از دوکان یا شہر

منگل کے دن مریخ کی ساعت میں کوری سکوری پر مفردات سورۂ ہمزہ لکھکر اس کے نیچے یہ مثلث لکھکر دونوں فریق مع والدین کے نام لکھکر قبرستان میں یا اسی مکان میں دفن کرے اور اسے چار منگل تک برابر کرے۔

۱۶	۱۱	۱۸
۱۷	۱۵	۱۳
۱۲	۱۹	۱۴

(۹۷) برائے عداوت و اخراج

مفردات سورۂ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ لکھکر دو ٹکڑے کرے اور ایک حصہ مطلوب کے گھر میں دوسرا قبرستان میں دفن کرے۔ فقیر راقم الحروف نے بارہا تجربہ کیا حیرت انگیز مجرب پایا ہے۔ (مجموعہ معمولات عزیزیہ)

(۹۸) اس عزیمت

کو لکھکر قبر کہنہ میں دفن کرے دونوں شخصوں کے درمیان جدائی ہوگی اسم اعظم یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم القارعہ ما القارعہ وما ادرٰک ما القارعہ البغض ضرب ضرالحامہ ما الحامہ وما ادرٰک ما الحامہ اذا زلزلت الارض زلزالها وعاد کریب عودہ الطامہ طاطسا طوطاطہ طہ طصہ لنطامہ ومک ۱۱۱۱۱۱۰۱ مالک ۱۱۱۱ اکرطووی مٰ ۱۱۸-۱۰ مع العمطط ۸۸bbb علی البغض فلاں بن فلاں۔

(۹۹) ہلاکت دشمن کا مجرب عمل

اگر دشمن کے گھر کو برباد کرنا چاہے تو ہزار بار سورۂ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ مٹی کے پاک ڈھیلے پر پڑھکر دریا میں ڈالے۔

(۱۰۰) ہلاکت و بربادی کا عمل

پوست خربزہ پر یہ نقش لکھ کر قبر کہنہ میں دفن کرے فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ اس آیت کریمہ کے اعداد سے مثلث یا مربع پر کر کے عمل کرے دشمن خراب و برباد ہوگا۔

جمیع حاجات

(۱۰۱) برائے جمیع حاجات

اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ آٹھ سو چوہتر بار ۸۷۴ اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار اسقدر عدد معین باوضو قبلہ رو دو زانو بیٹھ کر تا حصول مراد پڑھیں اور اسی کلمہ کو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے وضو و بے وضو ہر حال و ہر پاک جگہ بے گنتی بیشمار ورد زبان رکھیں۔ مجرب آزمودہ ہے

(۱۰۲) برائے کل مطالب

يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَّمَكْرُوْبٍ وَّغِيَاثُهٗ وَمَعَاذُهٗ يَا رَحِيْمُ تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار اول و آخر درود شریف ۳-۳ مرتبہ لازم جانیں اور سب سے کم تعداد ۴۱ بار ہے۔

(۱۰۳) ہر حاجت و ضرورت کے لئے مجرب ہے

يَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَيْءٍ وَّرَاحِمَهٗ يَا رَحْمٰنُ ہر مطلب کے لئے بے جالی ہے۔ تعداد تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار یا کم از کم اکتالیس ۴۱ بار پڑھیں۔ اور کسی خاص و اہم مطلب کے لئے پڑھنا ہو تو ہزار ۱۰۰۰ دانہ گندم لے کر ہر دانہ پر ایک ایک مرتبہ پڑھیں اور مطلب کا تصور دل میں رہے اور مٹی کی ایک ہانڈی میں بھر کر پانی سے پر کر کے معمولی جوش دیں پھر دریا میں ڈالیں ایک ہفتہ ایسا ہی کریں۔ اور

عروج ماہ جمعرات کے دن سے شروع کریں۔

۱۰۴ ہر حاجت کا مجرب عمل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھکو جب کوئی مشکل پیش آتی تو حضرت جبریل امین علیہ السلام آتے اور کہتے یوں کہو تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ۝

۱۰۵ ہر مقصد کی کامیابی کا عمل

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۝ چار سو پچاس ۴۵۰ بار بعد نماز عشا باوضو قبلہ رو دوزانو بیٹھکر حاجت پوری ہونے تک پڑھا کریں اول آخر درود شریف لازم ہے اتنا بطریق عمل ویسے ہر وقت کثرت سے پڑھیں مجرب المجرب ہے۔

۱۰۶ عمل نادعلی برائے حصول جملہ مقاصد

اولاً دس بار اعتصام پڑھیں اور وہ یہ ہے اَللّٰہُ حَمَدِیْ حَ مِنْ عِنْدِکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمِدِیْ اس کے بعد ایک سو گیارہ بار نادعلی پھر اختتام دس بار۔ اختتام یہ ہے یَا اَبَا الْغَیْثِ اَغِثْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِسَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِہِ الطَّاھِرِیْنَ ۝

۱۰۷ برائے شفائے امراض

ان چھ آیات کو سفید چینی کی رکابی پر لکھکر مریض کو دے ذرا سے پانی سے دھوکر پلائیں اور مولیٰ تعالیٰ سے شفا کی اُمید رکھیں۔ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۝ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِھَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُہٗ فِیْہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۝

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ ۝

آیات شفا انھیں کو کہتے ہیں۔

بعض قرآنی آیات وسور کی خاصیت

(۱۰۸) فضائل واعمال بسم اللہ شریف

ہر مطلب ومقصد کے لئے سات سو چھیاسی ۷۸۶ بار وردر کھے اور اگر درمیان فرض وسنت فجر کے نوے مرتبہ مداومت رکھے ہر مقصد وحاجت پوری ہوگی۔ بہتر یہ ہے کہ پہلے زکاۃ ادا کرے اور تعداد زکاۃ اعلیٰ سوا لاکھ ہے اور یہ زکاۃ کبیر ہے اور اکبر الکبائر انیس ۱۹ لاکھ ہے جتنی مدت میں چاہے پورا کرے اور کسر آخری دن زیادہ کرے۔ اور ادنیٰ درجہ کی زکاۃ اکیس ۲۱ ہزار نوے ہے جتنی مدت میں چاہے پورا کرے اور پَرْهِیز صرف جلالی سے کرے۔ روزہ شرط نہیں اگر رکھے بہتر ہے۔

(۱۰۹) نماز استخارہ از بسم اللہ شریف

تجربہ شدہ ہے۔ چہار شنبہ، پنجشنبہ، جمعہ دوشنبہ کی کسی رات میں سونے کے وقت وضو کر کے کسی سے کلام نہ کرے اور ۲ دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھکر مقصد کی دعا کر کے قبلہ رو ہو کر سو جائے اگر ایک رات میں معلوم ہو جائے بہتر ہے ورنہ تین رات متواتر کرے۔

(۱۱۰) ایک آسان طریقہ

ہر مشکل وہم کے لئے ۷۸۶ مرتبہ پڑھے پھر ۱۳۲ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل دور ہوگی۔

(۱۱۱) عمل بسم اللہ شریف برائے قضائے جمیع حاجات

عروج ماہ میں تو چہندی

جمعرات کو روزہ رکھے اور انگور یا کشمش یا خرما سے افطار کرے اور اگر نہ ہو تو شیرینی سے افطار کرے پھر بعد نماز مغرب ایک سو اکیس ۱۲۱ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر نماز عشاء پڑھکر بستر خواب پر بسم اللہ شریف اسی قدر پڑھکر سو جائے صبح کو اٹھکر نماز فجر پڑھکر اسی قدر پڑھے اور نقش مظہر اور مضمر لکھکر اپنے پاس رکھے۔ (معمولات)

نقش مظہر

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

نقش مضمر

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

(۱۱۲) ایضاً

ہر حاجت و مقصد کے لئے اس دعا کو کاغذ پر لکھکر دریا میں ڈالے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الملک الحق المبین من العبد الذلیل الی المولی الجلیل مسنی الضر وانت ارحم الراحمین اس کے بعد ستر بار پڑھے الٰہی بحرمۃ کن فیکون فتبارک اللہ احسن الخالقین پھر گھر میں واپس آکر پہلی دعا سو مرتبہ پڑھے یہ عمل اکیس دن کرے۔

(۱۱۳) نقش مثلث دوپایہ ہر حاجت و مقصود مجرب ہے

(۱۱۴) برائے کفایت مہمات

بہت سریع الاجابت

ہے ہر روز درمیان سنت و فرض فجر کے نوٹے مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف اور چالیس چالیس مرتبہ وقت صبح و استوا و غروب کے پڑھنا بہت زیادہ موثر ہے۔

۷۸۶

۶۶	۵۲۴	۱۹۸
۳۹۴	۲۶۴	۱۳۲
۳۲۸	اجب یا جبرئیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جملہ حاجات رواں گردانی و مقصود ما حسب الدعا برآوردہ گرداں	۴۵۸

(۱۱۵) خواص سورۂ فاتحہ

اس سورت کے فضائل و برکات بیشمار ہیں۔ حدیث میں ہے فاتحۃ الکتاب شفاء من کل داء سورۂ فاتحہ ہر مرض سے شفا ہے۔ درد چشم و درد شقیقہ و بخار و چیچک و نسیان و سحر و قضاء حاجت کے لئے مجرب ہے۔

(۱۱۶) عمل سورۂ فاتحہ

درمیان سنت و فرض کے بسم اللہ شریف کو سورۂ فاتحہ سے ملا کر اکتالیس بار پڑھنا شفائے امراض اور حاجت پوری ہونے کے لئے مفید ہے۔ اور درد چشم کے لئے اسی وقت پڑھکر اپنے لعاب دہن پر دم کر کے آنکھوں میں لگالے۔ اور بخار کے لئے سات مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دے اور تھوڑا سا سینہ اور سر پر چھڑک دے۔ اور بچھو ڈنک مار دے تو پانی میں تھوڑا سا نمک ڈال کر اس جگہ پر ملے اور سورۂ فاتحہ سات بار دم کرے اور تھوڑا سا پانی پلا بھی دے۔ اور چیچک و خسرہ کے لئے نقش مظہر و مضمر لکھکر گلے میں ڈالیں اور نسیان کے لئے چینی کے برتن میں زعفران گلاب سے لکھکر چالیس دن پلائیں اور رد سحر کے لئے بھی یہی ترکیب مجرب ہے۔

نقش مضمر موافق نقل معمولات نقش مظہر

۷۸۶

۲۵۵۵	۲۵۶۹	۲۵۶۵	۲۵۶۲
۲۵۶۶	۲۵۶۱	۲۵۵۴	۲۵۶۸
۲۵۶۰	۲۵۶۳	۲۵۷۱	۲۵۵۷
۲۵۷۰	۲۵۵۸	۲۵۵۹	۲۵۶۴

۷۸۶

الحمد للہ رب العٰلمین	الرحمٰن	الرحیم	مالک یوم الدین
ایاک	نعبد	وایاک	نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت
علیھم	غیرالمغضو ب	علیھم ولا الضالین	اٰمین

(۱۱۷) سورۂ انعام برائے قضائے حاجات

چند آدمی ملکر اکیس ۲۱ بار پڑھیں اور بیچ میں نہ بولیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔

(۱۱۸) سورۂ کہف کے فوائد

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو کوئی جمعہ کے دن یا جمعہ کی شب میں سورۂ کہف پڑھے اس کو نور پڑھنے کے مقام سے مکہ تک عنایت ہوگا اور دوسرے جمعہ تک مع تین دن زیادہ کے گناہ معاف ہوں گے اور ستر فرشتے اس کی مغفرت کے لئے دعا کریں گے اور اس کے خواص میں سے ہے کہ درد سر اور جذام اور جمیع بلیات سے محفوظ رہے اور جو کوئی اس کی دس آیتیں اوّل و آخر کی یاد کرے فتنہ و فساد سے محفوظ رہے۔

(۱۱۹) سورۂ یٰسٓ شریف کی برکتیں

جو شخص یٰسٓ شریف کو پڑھے اس کے لئے تمام دروازے جنت کے کھل جائیں گے کہ جس میں سے چاہے اندر چلا جائے۔ اور اس کے لکھنے اور پڑھنے کا ثواب مثل دس قرآن مجید کے ہے اور آپ نے فرمایا کہ اس سورۃ کو اپنے مردوں پر پڑھا کرو وقت جانکندنی کے۔ اور اس کا پڑھنا وقت چاشت کے حاجات کے لئے مفید ہے اور جس کو

معاش کی تلاش ہو اس کو چاہیئے کہ اتوار کے غرّہ سے اس کا عمل شروع کرے اس طرح کہ اکتالیس بار اول وآخر درود شریف پڑھے بعدہٗ اس سورت کو اول سے لفظ مبین ۰ تک پڑھے پھر مبین سات مرتبہ کہکر شروع سے پھر پڑھے اور دوسری مبین پر پھر ایسا ہی کرے پھر شروع سے پڑھکر تیسری مبین ۰ پر ایسا ہی کرے یہاں تک کہ سب مبین پوری ہو جائیں پھر ایک بار پوری سورت کو پڑھکر بعد درود شریف کے دعا مانگے چالیس روز ایسا ہی کرے اور طلوع آفتاب سے قبل یہ عمل کرے یعنی نماز صبح کے پڑھنے کے بعد اس طرح پڑھا کرے کہ آفتاب نکلنے سے پہلے عمل ختم ہو جایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ اور لڑکیوں کی شادی کے انجام معلوم کرنے کے لئے اکتالیس بار پڑھے اور دھو کر پلانا وجع مفاصل کے لئے مفید ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱۲۰) فضائل سورۂ مزمل شریف

تمنائے دلی ظاہری و باطنی کے لئے سورۂ مزمل شریف ہر روز اکتالیس بار پڑھے اور اگر نہ ہو سکے تو گیارہ بار پڑھ لیا کرے اور اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔

(۱۲۱) عمل سورۂ مزمّل برائے دفع حاجات

سو مرتبہ درود شریف ایک مرتبہ الحمد شریف ایک بار یہ سورت پڑھے اسی طرح گیارہ بار پوری کرے اول تین روز پڑھ کر زکات دے بعدہٗ چلہ بھر ہر مقصد کے لئے پڑھے۔

(۱۲۲) مسان کے خلل کے لئے

حاملہ عورت کے قد کے برابر اکتالیس تار دھاگہ ناکتخدا لڑکی کے ہاتھ کا کتا ہوا نیلا رنگوا کر اول وآخر درود شریف پڑھکر ایک دفعہ یہ سورت پڑھکر ایک گرہ اس تاگے میں دے

اس طرح اکتالیس گرہ دے کر اس عورت کے گلے میں ایام حمل میں ڈال دے اور بعد بچہ پیدا ہونے کے بچہ کے گلے میں ڈالے بعونہ تعالیٰ محفوظ رہے گا ضائع نہ ہوگا۔

(۱۲۳) فضائل سورۂ اخلاص

اس سورت کا پڑھنا تلاش معاش کے لئے مع بسم اللہ شریف کے ایک ہزار بار اول و آخر درود شریف سو سو بار عروج قمر میں نہایت موثر ہے اور دفع اعداء کے لئے نزول قمر میں اسی طرح تاثیر رکھتا ہے اس سورت کو نقش میں طلوع سے پہلے بعد تمام نماز صبح شنبہ کے روز لکھے اور اس پر خشک قلم سے دونوں فریقین کا نام مع ان کی والدہ کے لکھے۔ حضرت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول ہے کہ سورۂ اخلاص اس ترتیب پر لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے۔

(۱۲۴) سورۂ اخلاص

یا جبرئیل　　بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ　　یا میکائیل

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا	احد

یا اسرافیل

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا و مولانا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم

کے پچیس فوائد ہیں (۱) یہ کہ لکھ کر آب جاری سے دھو کر پلائے پیٹ کے ہر مرض کے لئے شفا ہے خصوصًا درد شکم۔ (۲) غائب کو بلانے کے لئے اس نقش کو لکھ کر مسجد کے صحن میں دفن کرے (۳) بخار والے کے لئے لکھ کر اس کے سیدھے بازو پر باندھے۔ شفا ہوگی۔ (۴) دیوانہ کے لئے لکھ کر اس کے بازو پر باندھے دیوانگی ختم ہوگی۔

(۵) آسیب والے کو یہ نقش باندھے نجات ہوگی (۶) درد سر والے کے سر میں باندھے درد دور ہو
(۷) اس نقش کو لکھ کر کلام پاک میں رکھے چور کو خواب میں دیکھے (۸) اگر لکھ کر دریا میں ڈالے
جو مراد ہو اللہ تعالیٰ پوری فرمائے ہر روز چالیس نقش لکھے اور ایک چلہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ
ضرور مراد پوری ہوگی (معمولات) (۹) لکھ کر پرانی قبر میں ڈالے دشمن مقہور ہوں (۱۰) نیک ساعت
میں شیرینی پر لکھ کر یا دم کر کے مطلوب کو کھلائے یک لحظہ جدائی گوارا نہ کرے (۱۱) اگر گونگے بچے
کو کھلائیں بولنے لگے (۱۲) ہر قسم کے درد والا اس نقش کو دیکھتا رہے درد دور ہو جائے
(۱۳) لکھ کر اپنے پاس رکھے فراخی رزق نصیب ہو ہر روز بعد نماز صبح ۱۰۰ بار پڑھے (معمولات)
(۱۴) اگر لکھ کر بازو پر باندھے اور جنگ میں جائے فتح و نصرت کے ساتھ لوٹے (۱۵) اس نقش
کے پہننے والے کے دشمن دوست ہو جائیں (۱۶) اگر لکھ کر مردہ کے کفن میں رکھے عذاب قبر
سے محفوظ رہے (۱۷) اس نقش کا باندھنے والا مخلوق کی نظر میں عزیز و مکرم ہوگا (۱۸) اگر
اس نقش کو لکھ کر اپنی عورت کو کھلائے اس کا دل کسی اور کی طرف مائل نہ ہو (۱۹) جو شخص
اس نقش کو اپنے پاس رکھے دنیا سے بے ایمان نہ جائے گا (۲۰) اگر اس نقش کو لکھ کر سوئی
ہوئی عورت کے سینہ پر رکھے جو کچھ اس کے دل میں ہو بیان کر دے گی (۲۱) دریا کے پانی
سے دھو کر پیئے ابلیس کے شر سے محفوظ رہے (۲۲) اگر ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس
رکھے ہرگز معصیت میں گرفتار نہ ہو اور کوئی گناہ صادر نہ ہو (۲۳) اگر لکھ کر نافرمان عورت کے
گلے میں یا بازو پر باندھے مہربان ہو جائے (۲۴) جو شخص اپنے پاس اس نقش کو رکھے تمام
عالم علوی و سفلی اس کے مطیع و فرماں بردار ہوں (۲۵) دفع مسان کے لئے جمعہ کے دن
لکھ کر گلے میں باندھے انشاء المولیٰ تعالیٰ خلل دور ہوگا۔ نیز اس کے رکھنے والے کو بہت
سے فوائد حاصل ہوں گے۔ سلطان و حکام وغیرہ کے سامنے جائے تو عزت کریں گے۔
جنگ میں مظفر و منصور ہوگا۔ دشمنان مغلوب و مقہور ہوں بلیات سے امان ہوگی۔

حاجات پوری ہوں گی سحر اور چور سے محفوظ رہے۔ گھر میں آویزاں کرے تو آگ سے گھر محفوظ رہے کسی بلا و سختی میں گرفتار ہے تو دھو کر پیئے۔ زخم پر باندھے صحت ہو مفلس و محتاج ہو تو آٹھ نقش لکھکر دریا میں ڈالے محتاجی دور ہو اور ایک تختی پر لکھکر اس پر نگاہ رکھے روشنی بصر زائد ہو۔ مگر اولاً نیاز مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی دلا کر کام میں لائے اور شیرینی کو غریبوں میں بانٹ دے۔

(۱۲۵) تعویذ ٹھلیا برائے امراض مزمنہ

ایک تعویذ لکھکر درود شریف پڑھکر تہ کریں تہ ذرا دراز رکھیں اور تعویذ پر گیارہ تار سوت لیکر اس طرح لپیٹیں کہ یہ شکل پیدا ہو سوت میں تعویذ لپیٹ کر مریض کے گلے میں ڈالیں ایسا کہ تعویذ چپٹا رہے نیچے نہ لٹکے اور اس کی نقل ٹھلیا یا گھڑے میں ڈالنے کو دیدیں مریض کے کھانے پینے دوا غرضیکہ مریض کے ہر چیز میں یہی پانی خرچ کریں ہر تیسرے دن اس میں ایک نقل ڈالتے رہیں چالیس نقلیں ڈالیں۔ ایک دن بیچ کر کے علاوہ بخار ہر مرض کے لئے نافع ہے گھڑا بدلتے رہیں جب دوسرا تعویذ ڈالنا ہو تو دوسرے گھڑے میں پانی لیں پہلے کو خشک کرلیں تمام مہلک امراض دق وغیرہ کے لئے نافع ہے مرد کے لئے دینا ہو تو عبدک لکھیں اور او امتک نہ لکھیں اور عورت کے لئے دینا ہو تو عبدک او نہ لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی الدبن اجب یا جبرئیل محق یا بدوح

۸	۱۱	۱۲۴۴	۱
۱۲۴۵	۲	۷	۱۲
۳	اللّٰھم اشف عبدك او امتك فلاں بن فلاں	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۲۴۶

(۱۲۶) قضائے حاجات کا مجرب عمل

بعد نماز فجر اس ورد کو سو مرتبہ

پڑھے ایک ہفتہ تک جس نیک کام کے لئے طبیعت چاہے انشاء المولیٰ تعالیٰ ضرور پورا ہوگا اور اگر مطلب نہ نکلے روز قیامت دامن گیر ہو اسمائے مذکور یہ ہیں۔ اتوار کو یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ پیر کو یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ منگل کو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بدھ کو یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ جمعرات کو یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جمعہ کو یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ ہفتہ کو یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔

⑫⑦ عمل قضائے حاجات

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ ۱۲۰۰ ہر روز بارہ دن تک پڑھا جائے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھیں بارہ دن میں انشاء اللہ تعالیٰ مدعا حاصل ہوگا۔ پرہیز:۔ گھی، تیل و گوشت و مچھلی و پیاز و لہسن وغیرہ مجرب ہے۔

⑫⑧ دفع مصائب کا بہترین عمل

وقت معین پر باوضو بیشمار رو بمدینہ طیبہ کرکے پڑھے اول آخر درود شریف۔

رُباعی ؎

اے فخر رسل کہ در بلاہا مددے | وز خلق حسن شفیع ہر نیک و بدے
از پا افتادہ پریشاں عالم | فریاد رسا تقدبیدی تقدبیدی

⑫⑨ جمیع امراض

یہ نقش موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈالے بخار کے سوا ہر مرض کو نافع ہے۔ نقش یہ ہے ←

۷۸۶

۱۱۰۳	۱۱۰۶	۱۱۰۹	۱۰۹۶
۱۱۰۸	۱۰۹۷	۱۱۰۲	۱۱۰۷
۱۰۹۸	۱۱۱۱	۱۱۰۴	۱۱۰۱
۱۱۰۵	۱۱۰۰	۱۰۹۹	۱۱۱۰

⑬⓪ برائے جمیع امراض و ہر مطلب کے لئے مجرب ہے

روز جمعہ ہر مطلب کے لئے کافی ہے چاہئے کہ بروز جمعہ بعد نماز عصر کسی سے کلام نہ کرے اور اسی نشست پر بیٹھکر

آنکھیں بند کر کے حضورِ قلب کے ساتھ بے تعداد یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھتا رہے جب آفتاب غروب ہو جائے دعا مانگ کر نمازِ مغرب ادا کرے انشاء اللہ ضرور کامیاب ہوگا اگر پہلے جمعہ کو مقصد حاصل نہ ہو دوسرے اور تیسرے جمعہ کو بھی کرے۔ فقیر راقم الحروف نے بارہا تجربہ کیا مجرب پایا۔

(۱۳۱) جمیع امراض کے لئے مفید و مجرب ہے

لکھنے سے پہلے تین سو مرتبہ درود شریف پڑھتے پھر لکھے۔

۷۸۶

عمر	محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وخلفائہٖ اجمعین	ابوبکر
علی		عثمان

(۱۳۲) نقش سُوْرَۃُ نَاس برائے جمیع امراض

نقش سورۂ ناس بحکم الٰہی ہر مرض کے لئے بیحد مفید ہے پانی میں گھول کر مریض کو پلائے اور ایک نقش مریض کے گلے میں ڈالے ←

۷۸۶

۱۳۲۱	۱۳۴۴	۱۳۲۸	۱۳۱۴
۱۳۲۷	۱۳۱۵	۱۳۲۰	۱۳۲۵
۱۳۱۶	۱۳۳۰	۱۳۲۲	۱۳۱۹
۱۳۲۳	۱۳۱۸	۱۳۱۷	۱۳۲۹

(۱۳۳) قضائے حاجات کا مجرب ہے

ہزار بار یَا شَیْخ عَبْدَ الْقَادِرِ شَیْئًا لِلّٰہِ پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۰۔۱۰ بار پڑھکر داہنے ہاتھ پر دم کر کے زیر کلہ رکھکر سو جائے ہر حاجت و مراد پوری ہوگی۔

(۱۳۴) شفائے امراض

اللھم صل علی سیدنا محمد طب القلوب ودوائھا وعافیۃ الابدان وشفائھا ونور الابصار وضیائھا وعلی آلہ واصحابہ وبارک وسلم باوضو مریض کو لکھکر دیں کہ زبان سے چاٹے یا پانی میں گھول کر پلادیں شفا ہونے تک یہ

عمل برابر کرتے رہیں باذن اللہ موت کے سوا ہر مرض کو مفید ہے۔

⑫⑤ شفائے امراض کا مجرب و آسان عمل

یا سلام ایکسو گیارہ بار پڑھکر مریض پر دم کرے صحت ہوگی اور اگر مریض غائب ہو تو جس سمت ہو اس طرف دم کرے مجرب ہے۔

⑫⑥ دیگر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبالحق انزلنا وبالحق نزل وما ارسلنک الا مبشرا ونذیرا ۝ ستر بار بعد عشاء ورد رکھے۔ انشاء اللہ مرض دور ہوگا صحت ہوگی۔

⑫⑦ عمل قضائے حاجات

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ دو رکعت نماز تازہ وضو سے پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ فدعا ربہ انی مغلوب فانتصر ففتحنا ابواب السماء بماء منھمر گیارہ بار پڑھے بعد سلام اسی نشست پر بیٹھکر ستر مرتبہ نادعلی اور سو مرتبہ درود شریف پڑھکر دعا مانگے حاجت بفضل خدا پوری ہوگی۔

⑫⑧ شفائے جمیع امراض

جس پر سحر کر دیا گیا ہو اور ہر اس مرض کے لئے جس کے علاج سے حکماء عاجز ہوں یہ دعا لکھکر پانی سے دھوکر پلائیں اکیس یا چالیس روز متواتر کریں اور بعض حضرات اس کے ساتھ سورۂ فاتحہ بھی لکھتے ہیں۔ اور اگر مشک و زعفران سے لکھیں بہتر ہے دعا یہ ہے یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی۔

یا فخر الدین ۷۸۶ اجب یا جبرائیل بحق یا بدوح

۱	۱۲۶۶	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۲۶۵
۶	۹		۳
۱۲۶۷	۳	۵	۱۰

۱۲۶۸ ۱۱۱۱۱۱۱

⑫⑨ ہر قسم کے بخار کے لئے

ایک لکھکر نیلے دھاگے میں جس کے اندر گیارہ تار ہوں گلے میں

باندھے اور ایک تعویذ کسی برتن میں ڈال کر پانی بھر دیں اور اسی پانی کو تین دن پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

(۱۴۰) برائے شفا جمیع امراض

زعفران سے لکھکر ایک حصہ مریض کو کھلائیں اور ایک حصہ اس کے بدن پر ملیں بفضل خدا صحت ہوگی

۱۵۷۴۵	۱۵۷۵۸	۱۵۷۵۵	۱۵۷۵۲
۱۵۷۵۶	۱۵۷۵۱	۱۵۷۴۶	۱۵۷۵۷
۱۵۷۵۰	۱۵۷۵۳	۱۵۷۶۰	۱۵۷۴۷
۱۵۷۵۹	۱۵۷۴۸	۱۵۷۴۹	۱۵۷۵۴

(۱۴۱) عمل قضائے حاجات مجرب

خاص خاندانی عمل ہے بعد نصف شب وضو و غسل کرکے زیر سایۂ آسمان حضورِ قلب اور اضطرار و خشوع و خضوع کی حالت میں پڑھے اور معنی معلوم نہ ہوں تو معلوم کرکے اس کی طرف دھیان لگائے تاکہ خشوع زیادہ ہو اگر بتی وغیرہ بخورات روشن کرے زیادہ سے زیادہ تین دن میں حاجت پوری ہوگی اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ۔

(۱۴۲) عطیہ شفائے بیماران

شفائے بیماراں کے لئے یہ دعا اکسیر اعظم ہے اور تحفۂ خاص عطیہ سیدنا ابو العلیٰ اکبر آبادی سید کالپوی کا ہے چاہئے کہ زعفران و گلاب سے لکھکر علی الصباح مریض کو پلائیں۔ امراض کہنہ و مزمنہ دور ہوں گے چالیس دن بلاناغہ یہ عمل کریں الٰہی قلبی محجوب و عقلی مغلوب و نفسی معیوب و لسانی مقربا لذنوب فکیف حیلتی یا ستار العیوب و یا غفار الذنوب یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم برحمتک یا ارحم الراحمین ٥

(۱۴۳) نماز پر از رحمت نہایت بابرکت برائے ہر حاجت

کاشف الاستار شریف میں ہے کہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ چار رکعت نماز اس طرح پڑھے ہر حاجت ضرور پوری ہوگی۔ چار رکعت بدو سلام پہلی رکعت میں بعد فاتحہ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ دوسری رکعت میں رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝ تیسری رکعت میں فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ چوتھی رکعت میں رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ہر ایک دس مرتبہ۔ بعد سلام سجدہ میں جائے اور آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۴۱ بار پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُـنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ دس بار پڑھ کر پھر سجدہ میں جائے اور اپنی حاجت عرض کرے باذن اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پوری ہوگی اور یہ عجیب نماز ہے بہت بابرکت اس سے غافل نہیں ہونا چاہئے۔ راقم الحروف نے بارہا تجربہ کیا مجرب پایا۔

(۱۴۴) نماز قضائے حاجات

دو رکعت نماز بعد مغرب پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ اخلاص گیارہ بار بعد سلام درودِ غوثیہ بعد ازاں يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ وَامْدُدْنِيْ فِيْ قَضَآءِ حَاجَتِيْ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ گیارہ بار پھر گیارہ قدم عراق شریف کی طرف چلیں اور ہر قدم پر يَا غَوْثَ الثَّقَلَيْنِ يَا كَرِيْمَ الطَّرَفَيْنِ اَغِثْنِيْ وَامْدُدْنِيْ فِيْ قَضَآءِ حَاجَتِيْ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ پھر دعائے مطلب کریں۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

(۱۴۵) برائے ہر کار و مہم

اس نقش کو لکھکر پشت پر مطلب لکھیں اور دو پھول اور دو پارہ شکر رکھکر علی الصباح کنوئیں میں ڈالیں۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

(۱۴۶) قضائے حاجات کے لئے مجرب المجرب ہے

دو رکعت نماز قضائے حاجت ادا کریں ہر رکعت میں بعد فاتحہ گیارہ گیارہ بار سورۂ اخلاص بعد سلام درودِ غوثیہ وکلمۂ طیبہ وسورۂ اخلاص اور یاشیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ ہر ایک ۱۱۱-۱۱۱ بار اس کے بعد اسمائے گرامی حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا شیخ محی الدین یا ولی محی الدین یا سید محی الدین یا سلطان محی الدین یا بادشاہ محی الدین یا مخدوم محی الدین یا مولانا محی الدین یا خواجہ محی الدین یا محبوب محی الدین یا مرجع الفقراء محی الدین یا محب المساکین محی الدین یا غوث الثقلین محی الدین اغثنی امددنی فی قضاء حاجتی اشفع یا ولی اللہ کن واسطۃ بینی وبین اللہ۔ پھر یا سید محی الدین ہر ایک گیارہ گیارہ بار اس کے بعد فاتحہ اس ترتیب سے پڑھے درود غوثیہ شریف ۱۱ بار پھر سورۂ فاتحہ ۷ بار پھر قل ہو اللہ شریف ۱۱ بار پھر درود غوثیہ ۱۱ بار یا کم از کم تین بار پڑھکر ختم کرے اور حاجت کی دعا مانگے اور نیاز بقدر استطاعت باسم ۲۶ عدد یا بیس یا گیارہ اشرفی یا گیارہ روپیہ یا ایک سو گیارہ روپے کی دلائے اور ترتیب عمل یہ ہے کہ ختم شریف پڑھنے کے وقت صالح دوستوں کے ساتھ سفید چاندنی بچھائے اور اس پر رقم مذکور کی نیاز کے لئے حلوا بنا کر رکھے اور خوشبو وغیرہ ملکر پڑھنے میں مشغول ہو اور یہ عمل اتوار کے دن بہتر ہے ورنہ جمعہ کی شب میں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

(۱۴۷) توشہ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جمیع مقاصد کے لئے مفید و مجرب ہے

یہ توشہ اگر ممکن ہو تو نصف پہلے کرے اور نصف بعد حصول مقصد کے ۔ میدہ گندم ۵ ما ۔ شکر ۵ ما ۔ گھی ۵ ما ۔ مغز بادام ۱ ما ۔ پستہ ۱ ما ۔ کشمش ۱ ما ۔ ناریل ۱ ما ۔ قرنفل (لونگ) ۱ چھٹانک ۔ الائچی خورد ۱ چھٹانک ۔ دار چینی ۱ چھٹانک ۔ ان سب چیزوں کو حلوے میں شامل کرے اور فاتحہ دے کر پرہیزگار لوگوں کو کھلائے اور سب باوضو بغایت احتیاط کے ساتھ کھائیں اور بعد میں مقصد کے لئے دعا کرائیے ۔

(۱۴۸) عمل اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہر کام کے لئے مجرب ہے

اَللّٰہُ الصَّمَدُ ایک ہزار ایک بار اول و آخر درود شریف ۱۱ - ۱۱ بار ایک چلہ بلا ناغہ وقت معینہ پر پڑھیں کسی بزرگ کے مزار کے پاس یہ عمل کریں تو بہت موثر ہے ۔ فقیر راقم الحروف نے کئی شخصوں کو بتایا چلہ پورا ہونے سے پہلے مقصد حاصل ہو گیا والحمد للہ علیٰ ذٰلک ۔

دفع آسیب و سحر

(۱۴۹) امتحان آسیب

مریض کا تین شبانہ روز پہنا ہوا کپڑا لے کر لمبائی میں ناپ لے اس کے بعد یہ عزیمت تین مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کرے پھر اس کپڑے کو چہرہ و سینہ بلکہ پیشانی کے سرے سے لیکر ناف تک دونوں جانب بقوت ملے پھر اس کپڑے کو ناپ لے اگر ایک انگل کم ہو دیو کا اثر ہے اور دو انگل کم ہو پری اور تین انگل کم ہو سحر ہے اور چار کم ہو زحمت دیودی ہے اللہ تعالیٰ امان بخشے اور اگر کپڑا اپنے حال پر رہے کم نہ ہوا ہو تو مرض ہے اور زندگی کی امید زیادہ علاج کرائے ۔ عزیمت

یہ ہے۔ می خوانم بر جامہ فلاں بن فلاں جہت آنکہ سبب آزار فلاں بن فلاں بریں جامہ ظاہر گردد وقربۃ الی اللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ الہ واحد احد احد صمد وترا باقیا لم یتخذ صاحبۃ ولا ولدا ولم یکن لہ من الذل وکبرہ تکبیرا لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد ○

(۱۵۰) امتحان آسیب

ان حروف کو مریض کے ہاتھ پر سیاہی سے لکھے اور اس سے کہے کہ اپنے ہاتھ پر نظر جاؤ اگر آسیب ہوگا بفرمان الٰہی حروف سرخ نظر آئیں گے اور اگر آسیب نہ ہوگا بدستور سیاہ نظر آئیں گے۔ حروف یہ ہیں۔ س، ص، ط، س، ی، م، و، سی۔ مجرب ہے۔

(۱۵۱) امتحان آسیب کا مجرب عمل

مٹی کی کوری طشتری پر اس طلسم کو لکھکر مریض پر سے سات مرتبہ اتار کر کوئلے کی آگ پر رکھکر سرخ کریں بعد سرد ہونے کے دیکھیں اگر حروف غائب ہوجائیں تو آسیب و دیو خبیث ہے اور اگر سفید ہوں جادو ہے اور سرخ ہوں تو چڑیل اور سیاہ رہیں تو مرض ہے

||۲۲۵۴ح۵۴۷۳۱۱

(۱۵۲) حاضرات

یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ○ یَا جُمْتَمِیَا وَلُوْیَا سَالِمِیْنَ یَا اِبْرَاھِیْمُ حاضر شو۔ اس کو ہر روز تین سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھ لیا کرے مع ترک گوشت، انڈا، مچھلی، لہسن، پیاز وغیرہ اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ پھر جس وقت آسیب کا حاضر کرنا منظور ہو کہ مریض کے سر پر آکر گفتگو کرے گیارہ بار یا اکیس مرتبہ عطر یا پھول پر دم کرکے مریض کو سنگھا دے

انشاء اللہ تعالیٰ آسیب حاضر ہو کر کہے گا میں فلاں بن فلاں ہوں۔ جو کچھ عامل کہے گا تابعداری کرے گا۔

(۱۵۳) حفاظت از آسیب

حضرت مولی المسلمین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول ہے کہ جو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے سیدھے بازو پر باندھے آسیب و بلا سے محفوظ رہے گا ←

۷۸۶

۵۶۸۱۷	۵۶۸۲۰	۵۶۸۲۴	۵۶۸۱۰
۵۶۸۲۳	۵۶۸۱۱	۵۶۸۱۶	۵۶۸۲۱
۵۶۸۱۲	۵۶۸۲۶	۵۶۸۱۸	۵۶۸۱۵
۵۶۸۱۹	۵۶۸۱۴	۵۶۸۱۳	۵۶۸۲۵

(۱۵۴) دیگر طریقہ

دفع آسیب کیلئے مرد ٹوپی میں اور عورت چوٹی میں باندھے اور تسخیر حاکم کیلئے عمامہ کے پیچ میں باندھے مجرب ہے بفضل خدائے تعالیٰ ↑

(۱۵۵) دفع آسیب

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝ جس شخص پر آسیب کا خلل ہو اس کے کان میں سات بار یہ آیت پڑھے خدا چاہے دفع ہو۔

(۱۵۶) فتیلہ برائے آسیب زدہ

بفضل خدا مجرب ہے اس میں سورۃ مزمل شریف وغیرہ کا نقش ہے اور حضرت سلطان مسعود قدس سرہٗ کی جانب منسوب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

سوختم دیواں و پریاں جناں و خفیاں بھوتاں و بھتنیاں چڑیلاں و کفاران

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۶۹۸۶۶۴	۱۶۹۸۶۶۸	۱۶۹۸۶۷۱	۱۶۹۸۶۵۷
۱۶۹۸۶۷۰	۱۶۹۸۶۵۸	۱۶۹۸۶۶۳	۱۶۹۸۶۶۹
۱۶۹۸۶۵۹	۱۶۹۸۶۷۳	۱۶۹۸۶۶۶	۱۶۹۸۶۶۲
۱۶۹۸۶۶۷	۱۶۹۸۶۶۱	۱۶۹۸۶۶۰	۱۶۹۸۶۷۲

وسحر وجادو و ہر چہ اجانب دراندام فلاں بن فلاں سخت شدہ باشد الٰہی دریں فتیلہ آرد بسوز و خاکستر گردان بحق علیقاً طیقاً انت تعلم مافی قلوبہم حقیقتاً تپ وتپ ولرزہ درد سر و درد نیم سر آنچہ دراندام ہذا باشد بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

پشت پر یہ نقش رہے گا۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

(نوٹ) یہ عمل بار ہا تجربہ کیا گیا بہت مفید ثابت ہوا۔

۱۵۷ ردِ سحر و آسیب اور شفائے جمیع امراض کیلئے آزمودہ ہے اور مجنوں کیلئے مفید ہے

نقش چہار قل، بیری کے سات پتے ثابت لیکر دو

صاف پتھروں کو خوب دھو کر باریک پیس لیں اور ایک کٹورے میں پانی ڈال کر کسی قلم یا پاک چیز سے جنبش دیں کہ حل ہو جائے۔ اور جنبش دیتے وقت الحمد شریف، آیۃ الکرسی۔ ایک ایک بار تینوں قل تین تین بار اول و آخر درود شریف پڑھکر دم کریں۔ ان کے پڑھنے تک جنبش برابر جاری رہے پھر اس میں سے تین گھونٹ مریض کو یا جس پر احتمال سحر ہو پلائیں اور باقی ایک گھڑے پانی میں ڈال دیں جسے نہانا منظور ہو پھر علیحدہ پانی سے استنجا کرے اور مکان کے گوشے میں گڑھا کھود کر اس پانی سے غسل کرے پانی گڑھے سے باہر نہ ہو پھر گڑھا بند کر دیں تین روز متواتر یہ عمل کریں اور پہلی مرتبہ میں اگر فائدہ نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ کریں کیسا ہی سحر ہوگا دفع ہوگا اور آسیب و مرض سے نجات ملے گی یہ نقش پہلے سے لکھکر بیری والے پانی میں ملا دیں۔

۷۸۶

۳۷۰۱	۳۷۰۴	۳۷۰۷	۳۶۹۴
۳۷۰۶	۳۶۹۵	۳۷۰۰	۳۷۰۵
۳۶۹۶	۳۷۰۹	۳۷۰۲	۳۶۹۹
۳۷۰۳	۳۶۹۸	۳۶۹۷	۳۷۰۸

دفع سحر (۱۵۸)

قولہ تعالیٰ وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ط وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ط فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ط وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ط وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ط وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ اس آیت کریمہ کو تانبے کی طشتری پر لکھ کر لوبان کی دھونی دے کر دھو کر سحر زدہ کو بلائیں صحت ہوگی اور اسی پلیٹ میں کھانا بھی کھائیں سحر کا اثر نہ ہوگا اور زخم چشم کے لئے بھی مفید ہے ، اور کندہ کرالیں تو زیادہ آسان و بہتر ہے۔

چھوٹا چراغ اقطاب اربعہ شافی شفا شافی برائے حفاظت اطفال ازبلیات ونظر بد وجملہ آفات باذن اللہ تعالےٰ (۱۵۹)

ہر مہینے کی چوتھی شب کو یہ چراغ خوشبودار روغن اور چار بتی ڈال کر اس طرح روشن کرے کہ چراغ کا رُخ سمتوں کی طرف رہے یعنی چراغ میں جہاں شرقی لکھا ہے وہ رُخ پورب کی طرف اور جہاں مغربی لکھا ہے وہ رخ پچھم کی طرف اور جہاں جنوبی لکھا ہے وہ رُخ دکھن کی طرف اور جہاں شمال لکھا ہے وہ رخ اتر کی طرف رہے اور جب روشن کر چکیں تو اس کی روشنی میں اپنے سب بچوں کو بٹھائیں اور بہتر یہ ہے کہ ہر روز اپنے کھانے میں سے ایک مٹھی آٹا نکال کر علیحدہ رکھتے جائیں جتنا آٹا ہر مہینے پر جمع ہو اس کی روغنی روٹی پکائیں اور کچھ حلوا

پکائیں اس پر فاتحہ دے کر ان چاروں بزرگوں کی جن کے اسمائے گرامی چراغ میں کندہ ہیں انکی
ارواح کو بخشیں تاکہ رزق میں برکت ہو پھر کعبے کی طرف مونھ کر کے اس طرح بیٹھکر کہ چراغ اپنے
سامنے رہے ایکسو چھتر بار یا غنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھے اول و آخر درود
غوثیہ شریف ۱۰۰۱ بار پھر گیارہ بار یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ پڑھے پھر سولہ مرتبہ
یا سادا تنا عبد الکریم المغربی و عبد الجلیل الجنوبی و عبد الرحیم
الشرقی و عبد الرشید الشمالی اغیثونا بحق غوثنا و غوثکم الشیخ
عبد القادر الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہم پڑھکر بچوں اور سب گھر والوں پر
دم کرکے ایک ایک گھونٹ پیئے اور سب کو پلائے ہر مہینے اسی طرح کرے اور ہر سال
رجب کی ۱۴ تاریخ کہ ان چاروں سلاطین کے عرس کی تاریخ ہے فاتحہ وغیرہ میں خاص
اہتمام کرے پھر برکت اس چراغ کی دیکھے۔ اسی چراغ کی بدولت باذن اللہ تعالیٰ ایسے
ایسے مریضوں کو شفا ہوئی جن کو اطبا جواب دے چکے تھے۔

(۱۶۰) برائے شفائے امراض

اگر بیمار کی صحت کے لئے روشن کرے اور جسطرح پڑھنے کو لکھا ہے اسی طرح پڑھے جب پڑھ چکے
تو پندرہ ہزار چار سو پینتالیس بار کہے شافی شفا شفا شافی اول و آخر درود
شریف ۱۱ بار پڑھتے وقت مریضوں کا اس کی روشنی میں بیٹھنا ضروری ہے اگر نہ بیٹھا
جا سکے تو لیٹ سکتے ہیں جب پڑھ چکے تو ایک مریض ہو یا دو جتنے بھی ہوں سب پر دم
کرے اور جو دوا حکیم دیتا ہو اس پر دم کرے مولیٰ تعالیٰ کے فضل سے شفا پائے گا۔

چراغ خورد لگے صفحہ پر

دیکھئے

۳۸۵	۳۸۸	۳۹۲	۳۷۸
شافی	۳۷۹	۳۸۴	۳۸۹
۳۸۰	۳۹۴	۳۸۶	۳۸۳
۳۸۷	۳۸۲	شفا	۳۹۳

(۱۶۱) عمل فراخی رزق

ماہ ثابت عروج ماہ میں بعد مغرب تازہ وضو کرکے دو رکعت نماز صلاۃ الاسرار پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھیں بعد سلام درود غوثیہ پڑھیں گیارہ بار اس کے بعد یَا نَبِیَّ اللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ گیارہ بار پھر گیارہ قدم چلیں اور ہر قدم پر یَا غَوْثَ الثَّقَلَیْنِ وَیَا کَرِیْمَ الطَّرَفَیْنِ اَغِثْنِیْ وَامْدُدْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ پھر طاق بار دعائے مطلب اور اس چراغ صغیر کو چار فتیلہ کے ساتھ موافق جہات کے جلائیں و راس کے

سامنے قبلہ رو بیٹھیں اور گیارہ بار درود غوثیہ اور سولہ بار یا سادا تنا انوار اور گیارہ بار یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ پڑھکر پندرہ سو تینتالیس بار یاغنی یا کریم یا احد یا منعم پڑھکر گیارہ بار درود غوثیہ پڑھکر ختم کریں اور اکتالیس راتیں خالی مکان میں اور خوشبو روشن کریں پھر ہر مہینے کی ۱۴ تاریخ کو یہ عمل خالی مقام پر کریں اور بعد چلہ ختم ہونے کے ۷۵ مرتبہ اسمائے مذکورہ کا پڑھنا کافی ہوگا مگر چار رجب کو پوری تعداد پڑھیں۔

ترکیب فاتحہ

اول درود غوثیہ، بار الحمد شریف ایک بار آیۃ الکرسی ایک بار قل ہو اللہ شریف گیارہ بار پھر درود غوثیہ، بار پڑھکر بارگاہ رب العزت میں عرض کریں کہ الٰہی میرے اس پڑھنے اور (جو شیرنی یا حلوا ہو) کا ثواب اپنے کرم عمیم سے عطا فرما وہ ہماری طرف سے بارگاہ رسالت علیٰ صاحبہا الصلاۃ والسلام میں ہدیہ ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل میں تمام انبیاء کرام ملٰئکہ عظام پھر صحابہ کرام و اہلبیت کرام بعد ازاں تمام مومنین و مومنات کی ارواح کو پہونچے خاص کر حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ و اقطاب اربعہ و حضور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ اور آپ کے جملہ مشائخ کرام کی ارواح مقدسہ کو پہونچے الٰہی اس عمل کی برکت سے رزق میں برکت عطا فرما اور دولت و غنا نصیب فرما۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم۔

تسخیر ہمزاد

نوٹ:۔ اس باب کے عملیات عوام کے لئے نہیں بایں خیال اس باب کو ترک کرنے کا خیال تھا مگر کتاب کی تکمیل کے لئے من وعن مجموعہ شریف سے نقل

کرر ہا ہوں جو صاحب اہل ہوں وہ فائدہ اٹھائیں۔ نااہل کو ایسے عملیات سے بچنا لازم ہے ورنہ ضرر و نقصان ہوگا۔ (مؤلف)

(۱۶۲) تسخیر ہمزاد بایدکہ ایں اسماء دعوت کنندنہ ماہ بدیں طور کہ تا سہ ماہ اسم یا سمیع در تمازت آفتاب پشت دادہ و نظر خود بہ زنخداں سایہ قائم کردہ یکصد و یازدہ بار بخوانند و ہر روز یگاں یگاں بار زیادہ کردہ خواندہ باشد چوں سایۂ خود را دیدہ عمل مذکور قرارت کند چوں باز سایہ غائب شود آں شکل را دیدہ مانند چوں تعداد عمل تمام شود قرارت موقوف کردہ بمقام خود مراجعت کند چوں عرصہ سہ ماہ گزرد ہمیں طور سہ ماہ دیگر اسم یا بصیر خواند بعدہ ہمیں طور باز تا سہ ماہ یا سمیع را بخواند دریں مدّت مسخر خواہد شد۔

(۱۶۳) تسخیر ہمزاد اول ۱۰۰ بار درود بخواند۔ اللھم صل علی سیدنا محمد وعلیٰ اٰل سیدنا محمد بعدد کل ذرۃ مائۃ الف الف مرۃ وبارک وسلم بعدہٗ کلمۂ تمجید ۱۰۰ بار بعدہٗ چہل و یکبار ایں آیۃ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ط بخواند و آفتاب پس پشت دادہ ایں عمل کند و از حدود چشم نگاہ در گوش راست سایہ خود قائم دارد و چشم برہم نزند وقتیکہ آیت مذکورہ تمام کند از ہموں چشم در ہوا دست راست نظر کند شکل آدم طولانی بنظر خواہد آمد و شرح ایں امور بوقت نمودن ایں عمل بفہم خواہد آمد ہمچنیں تا مدتے کہ سایہ اصلی مسخر شدہ قول و قرار نکند ایں عمل خواندہ باشد۔

(۱۶۴) تسخیر ہمزاد باسے از روز آمدہ آفتاب را پشت دادہ ایستادہ اولاً نظر در سایہ خود کردہ بخواند اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم بعدہٗ نظر بسوئے مغرب کردہ بخواند یا حی یا قیوم و نظر سوئے مغرب

تا دیر قائم نماید بعدہ باز بسایہ نظر کند تا قیام نظر بر سایہ ہمیں دو اسمائے مذکور بخواند بعدہٗ باز بمغرب بیند و ہمیں اسمار مذکور تا قیام نظر بسوئے مغرب خوانده باشد اما بسوئے مغرب اکثر بیند و سایۂ خود را اکثر از اں ہمیں سال ایں عمل تا تواند بکند چنداں کہ کثرت خواہد نمود زود تر موثر خواہد شد۔

(۱۶۵) تسخیر ہمزاد

باید کہ در تمازت آفتاب نشستہ سایۂ خود را دیدہ نظر بر کمر سایہ قائم کردہ ایں عمل را یکصد و یازدہ بار بخواند و بر آسماں بیند اگر احیاناً غبار باشد در کوٹھری چراغ روشن کردہ در روشنی آں نشستہ عکس خود را دیدہ ایستادہ ہر دو دست بر سر خود نہادہ عمل مذکور بخواند و وقت قرارت او بعد طلوع آفتاب بقدر رمح بشمس و اگر احیاناً دریں وقت ناغہ شود بوقت دو پہر یعنی بین زوال بخواند عمل این ست بحق یالطیف مسخر وتعین مدت قرارت نیست تا وقتیکہ مطلب حاصل نشود خواندہ باشد اما تا نہ ماہ خواندہ باشد۔

(۱۶۶) عمل تسخیر موکل و این عملیست عجیب و غریب

موثر ہر مطلب از عالم غیب از تصانیف

حضرت پیر و مرشد مدظلہ العالی (نور اللہ مرقدہ) اول باید کہ ایں عزیمت را کہ عدد ش ۱۰۹۳ ہست تا چہل روز با ترک حیوانی مع جمیع شرائط دعوۃ ادا کند ہر روز ایں عزیمت را ایک ہزار و نود و سہ بار تا مدت چہل روز خواندہ باشد روز آخر در حجرہ خالی بسیار بخور روشن کند و ایں عزیمت خواندن بگیرد ناگاہ صقرائیل موکل و محافظ دانہائے سلیمانی تابع ایں عزیمت بصورت خوب حاضر شود و سلام کند باید کہ بجز جواب سلام دیگر ہیچ کلام نہ کند تا آنکہ او خود در کلام آید و گوید کہ از طلبم مقصود چیست آں وقت بعد فراغ قرارت معمولی عزیمت جواب دہد کہ مقصود حضور و تسخیر تو است کہ مدام حاضر باشی و با من بقسم کلمہ محمدی عہد واثق کن کہ ہر گاہ کہ

طلبم حاضر آئی چوں ایں عہد واثق شود او را رخصت کند وایں عزیمت را ہر روز سہ صد و نود بار مدام ورد دارد و عزیمت ایں است اجب یا صقرائیل بحق یا صمد یا قیوم یا رب و اگر در یک چلہ مسخر نشود سہ چلہ ہمیں طور بجا آورد تا سوم انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مسخر خواہد شد و چوں خواہد کہ دانہ سلیمانی کہ ازمی مطلب طلب کند طریقش اینست کہ در جائے خلوت بخور سوختہ غسل کردہ جامہ پاک پوشیدہ ایں عزیمت را بتعداد سہ صد و نود بار بخواند چوں او حاضر و سلام کند باید کہ بعد جواب سلام حکم طلب دانہ مطلوبہ خود کند فورا برائے آوردن آں از نظر پنہاں شود تا آمدن او در آنجا مقیم ماند وقتیکہ حاضر شدہ دانہ مذکور را دہد باید کہ بتعظیم گیرد و بر سر و چشم نہد و از نظر حائض و جنب محفوظ دارد و لازم داند کہ برائے کار خلاف شرع نطلبد چراکہ موکل در تسخیر نخواہد ماند و مضرت خواہد رسانید از ہمچنیں فرمائش باطلہ۔

(۱۶۷) مایکتب علی المسامیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرَاتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ گرد من و گرد خانۂ من و گرد زن و فرزندان من و گرد مال و دوستان من حاضر شدہ حصار شوی و نگہدار باشی یا اللہ بحق سلیمن بن داؤد علیہما السلام و بحق اھیا اشراھیا و بحق علیقا ملیقا تلیقا انت تعلم ما فی قلوبھم و بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ و بحق یا مؤمن یا مہیمن ۝ چار کیلیں چاروں گوشے مکان کے لئے ہر کیل سوا بالشت لمبی ہو اور وزن ایک پاؤ کی کیل ہو اور گول نہ ہو بلکہ چوپہل ہو اس پر مندرجہ بالا عبارت چاروں طرف کھود دی جائے نوک ضرور رہے اس پر ہلدی سے رنگا ہوا کپڑا لپیٹیں اس طرح کہ کیل معلوم نہ ہو اس پر سرخ کلاوہ اس طرح لپیٹیں کہ پیلا پن کپڑے کا ظاہر نہ ہو اور اس کو بانس کی پونگی میں رکھیں اور بانس کی پونگی مٹی کی

پوٹلی میں اور مٹی کی پوٹلی رکابی میں اس پر سے دوسری رکابی ڈھک دیں اور سوا ذراع شرعی زمین کھود کر ایک ایک چاروں کونوں میں دفن کریں نوک کیل کی اوپر رہے قبل دفن تین شب متواتر تلاوت سورۂ بقرہ اور سب سے پہلے سات راتیں متواتر اذانیں ور دار آواز سے کہیں لیٹتے اور کھودتے اور دفن کرتے وقت آیۃ الکرسی شریف برابر پڑھتے رہیں اگر مکان میں کوئی اور گوشہ ہو تو ایک کیل کا اضافہ کریں پائخانے کے دروازے پر اور مکان کے دروازے پر ایک ایک کیل ضرور گاڑی جائے۔

بَابُ النّسَاء

(۱۶۸) برائے حفاظت حمل سوئیوں کا تعویذ حفاظت حمل کے لئے بارہا کا تجربہ شدہ ہے کہ ابتداء حمل سے چار ماہ تک یہ تعویذ ضرور باندھ دیا جائے بوقت بندش سوا گیارہ آنے کی شیرینی پر بڑے پیر صاحب اور بزرگان دین کی نیاز دے کر بچوں کو تقسیم کر دیا جائے۔ تعویذ موم جامہ کر کے باندھ دیا جائے تاگہ اتنا لمبا ہو کہ گلے میں ڈالنے کے بعد ناف تک تاگہ اور تعویذ ناف کے نیچے رہے تعویذ کی عبارت کم از کم سات سطروں میں لکھی جائے ہر سطر پر ایک سوئی رکھکر تعویذ لپیٹا جائے اگر سات سطروں سے زائد ہو جائے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ ہر سوئی پر ایک بار آیۃ الکرسی پڑھکر دم کریں۔ تعویذ یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَاِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ الٰہی بحرمت سورۂ ھود الٰہی بحرمت سورۂ یونس الٰہی بحرمت سورۂ یوسف الٰہی بحرمت سورۂ یٰسٓ الٰہی بحرمت

سورہ مزمل الٰہی بحرمت سورہ مدثر الٰہی بحرمت سورہ اذا الشمس
کورت الٰہی بحرمت سورہ والشمس وضحٰہا الٰہی بحرمت سورہ والضحیٰ
الٰہی بحرمت سورہ الم نشرح الٰہی بحرمت سورہ قل یایہا الکفرون
لا اعبد ما تعبدون ولا انتم عبدون ما اعبد ولا انا عابد
ما عبدتم ولا انتم عابدون ما اعبد[1] الٰہی بحرمۃ این آیاتہا انچہ
مسان و مسانی کہ در بدن طفل فلانہ بن فلانہ باشد دور شود فاللہ خیر حافظا
وھو ارحم الراحمین ٥ تعویذ لکھنے میں اس امر کا خیال رہے کہ جتنے چشم دار حروف
ہیں ان کی آنکھیں کھلی رہیں مثلاً واو۔ قاف۔ ھاء۔ میم وغیرہ فلانہ بنت
فلانہ کی جگہ حاملہ اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

(۱۶۹) استقاط حمل سے حفاظت کیلئے مجرب المجرب ہے

جس عورت کے حمل ضائع ہو جاتے ہوں یا بچہ جیتا نہ ہو اس کے لئے دوشنبہ کے دن دوپہر کو اجوائن اور کالی مرچ پر سورۂ والشمس کو چالیس بار پڑھے ہر بار اول و آخر درود شریف پڑھے اور اجوائن اور مرچوں کو حاملہ ایام حمل سے دودھ چھڑانے تک برابر کھایا کرے۔

(۱۷۰) حفاظت حمل

اس نقش متبرک کو لکھکر کنوئیں کے پانی میں حل کر کے روزانہ نوش کریں پیدائش کے بعد بھی ڈیڑھ تین ماہ تک نوش کرتی رہے ←

۷۸۶

۲۵	۲۰	۲۱
۱۸	۲۲	۲۶
۲۳	۲۴	۱۹

(۱۷۱) جس عورت کا حمل غائب ہو جائے

یہ تعویذ لکھکر پلائے بعنایت مولیٰ تعالیٰ

[1] لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ٥

پھر ظاہر ہوگا موم جامہ کرکے ناف کے نیچے باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ظاہر ہوگا ←

یا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حی

۸	۳	۶	۱
۵	۲	۷	۴
۳	۸	۱	۶
۲	۵	۴	۷

یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی

(۱۷۲) استقرار حمل کیلئے مجرب ہے

اگر حمل گر جاتا ہو تو آیۂ کریمہ اور سورۂ کافرون کسم کے رنگے تاگے کے گیارہ تار جو عورت کے سر سے پاؤں کے انگوٹھے تک ہوں پڑھ پڑھ کر گرہ دیا جائے نو گرہیں لگالے یہ گنڈہ عورت کے گلے میں ڈالے وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

(۱۷۳) استقرار حمل وزن عقیمہ کیلئے

جو عورت بانجھ ہو اس کے لئے ہرن کی جھلی پر لکھ دیں کہ گردن میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۝

(۱۷۴) معین حمل وحمل خام کی روک کیلئے

یہ آیت کریمہ لکھکر کمر میں باندھے اور سات دن روزانہ حاملہ کو پلائیں۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ۝

(۱۷۵) بانجھ عورت کیلئے مجرب ہے

مثلث مضمر و مظہر مصور

۷۸۶

۱۱۵	یاحق	یاباقی
یاعلی	۱۱۲	یاجامع
یاکافی	یاقوی	یاحنان

اجب یافلاں و فلاں بحق یا مصور

مستخرجہ اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ طویل العمر صالح جامع فضائل جسمانیہ وروحانیہ ہوگا باذن اللہ تعالیٰ۔ ان اللہ علی کل شئ قدیرہ

(۱۷۶) عمل برائے زن عقیمہ

جمعرات کے دن عورت روزہ رکھے پھر اسقدر دودھ لیں جو نہ اتنا زیادہ ہو کہ بچ جائے نہ اس قدر کم ہو کہ عورت کو دودھ پینے کے بعد بھوک باقی رہے اس دودھ پر صحیح خواں سے سورۂ مزمل شریف سات بار پڑھوا کر دم کرائیں اور پھر اس وقت سے دودھ کا برتن زمین پر نہ رکھا جائے عورت اس دودھ سے روزہ افطار کرے پھر کوئی چیز شب کو نہ کھائے اگر دودھ ہضم ہو جائے تو جو عمل اس بارے میں مذکور ہیں وہ کرے اور اگر دودھ ہضم نہ ہو جان لے کہ اس کی قسمت میں فرزند نہیں۔

(۱۷۷) عمل استقرار حمل برائے زن عقیمہ

۷۸۶

۱	۳۰۵ عدد	۳۰۱ عدد	۹
۳۰۴ عدد	۷	۲	۳۰۰ عدد
۶	۲۹۵ عدد	۳۰۲ عدد	۳
۳۰۶ عدد	۴	۵	۳۰۰ عدد

دو نقش آیت کریمہ یَاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ گلاب و زعفران سے لکھیں ایک عورت دھو کر پی لے اور دوسرا (بچہ دان) پر باندھیں مگر حیض سے پاک ہونے پر یہ عمل کریں۔

(۱۷۸) برائے زن عقیمہ

چار نقش لکھیں ایک (بچہ دان) پر باندھے اور تین نقش تین دن برابر پیئے اور ہر شب شوہر

۷۸۶

۸	۳۰	۳۳	۱
۳۲	۲	۷	۳۱
۳	۳۵	۲۸	۶
۲۹	۵	۴	۳۴

جماع کرے ←

(۱۷۹) برائے استقرار حمل

اس دعا کو لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے انشاء اللہ تعالیٰ فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔ ح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ اعوذ بکلمٰت اللہ التامات من شر شیطان وھامات ومن کل عین لامات ومن کل اوجاع واسقام وامراض وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَّمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ بحق کھیعص وبحق حم عسق اھیا واشراھیا بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی فی الارض ولا فی السماء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ہ تین دن متواتر یہ تعوید پیئے اور ہر شب شوہر مجامعت کرے۔

(۱۸۰) برائے زن عقیمہ

درج ذیل ترکیب کو غور سے پڑھکر عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ اولاد سے بہرہ ور ہوں گے۔

جس دن عورت ایام ماہواری سے فارغ ہوکر غسل کرے اسی دن یا دوسرے دن شوہر ایک خرما لاکر اس پر سورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ دم کرکے رکھ لے۔ اور عورت پردہ کے بند مکان میں بسم اللہ کہکر کپڑے اتار کر بالکل برہنہ نہائے اور پہلے سے ایک لڑکا تین چار سال کا دایہ الگ گوشے میں بٹھا رکھے اور تھوڑا سا قند سیاہ (گڑ) اپنے پاس

رکھے بعد غسل لڑکے کو بلا کر گرا دے اور شوہر کو بلا کر اس کا موتھ دیکھے مگر اس وقت جماع نہ کریں پھر..... نقش الف[۱] موم جامہ کرکے ناف پر باندھیں۔ اس کے بعد ب[۲] پانی میں گھولکر پی لے پھر تعویذ جس پر ج[۳] لکھا ہے موم جامہ کرکے زیر ناف پیڑو پر باندھے پھر نقش جس پر د[۴] لکھا ہے پانی میں گھول کر پی لے پھر نقش جس پر ہ[۵] لکھا ہے خاص بچہ دان پر باندھے پھر دعا جو اوپر مذکور ہے جس کی ابتدا پر ح لکھی ہے پی لے پھر دُعا جس پر و[۶] ہے گھول کر پی لے یہ سب کام اسی جلسہ میں کرے پھر رات کو شوہر وہ خرما عورت کو کھلائے پھر دونوں سات سات بار یا مصور کہیں اور اول و آخر میں تین بار درود شریف پڑھیں اور صحبت میں مشغول ہوں دوسرے دن علی الصباح قبل نماز دونوں غسل کریں اور عورت بعدِ غسل نقش د[۷] گھول کر پی لے اس کے بعد دعا جس پر ز[۷] لکھا ہے گھول کر پی جائے اور پھر شب کو یا مصور بدستور سابق کہکر مشغول ہوں تیسرے دن قبل نماز غسل کریں اور عورت بعد غسل بدستور د[۷] گھول کر پی لے اور اس کے بعد دعا ح[۸] گھول کر پی لے اور شب کو بدستور یا مصور کہکر ہمبستر ہوں تینوں دن قبل نماز غسل کریں اگر ان تین دنوں میں کامیابی ہو فبہا ورنہ دوسرے مہینہ بعد فراغ ایام ایسا ہی کریں اس طرح جبتک کامیابی نہ ہو ہر ماہ کریں۔ اور اگر ایام کی خرابی ہو تو پہلے علاج کرائیں بعد صحت یہ عمل کریں اس سلسلہ میں شربت دینار اور ہیر اکسیس کی گولیاں بیحد مفید اور بارہا کا مجرب نسخہ ہے اور سینکڑوں عورتیں اس سے کامیاب ہوئی ہیں بفضل خدا۔

نقوش و دعائیں ترتیب سے درج ذیل ہیں۔

۱ — الف — ۷۸۶

یا مصور	یا مصور	یا مصور	یا مصور
یا مصور	یا مصور	یا مصور	یا مصور
یا مصور	یا مصور	یا مصور	یا مصور
یا مصور	یا مصور	یا مصور	یا مصور

ب ۲ — ۷۸۶ — ج ۳

۸	۳۳۰۱	۳۳۰۵	۱
۳۳۰۴	۲	۷	۳۳۰۲
۳	۳۳۰۶	۳۲۹۹	۶
۳۳۰۰	۵	۴	۳۳۰۷

د ۴ — ۷۸۶ — ہ ۵

۸	۳۰	۳۳	۱
۳۲	۲	۷	۳۱
۳	۳۵	۲۸	۶
۲۹	۵	۴	۳۴

روز اول ۱۰۰ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب والشہادۃ ھو الرحمٰن الرحیم رب ابراھیم وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام۔

روز دوم ۱۰۴ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الملک القدوس السلٰم المؤمن المھیمن العزیز الجبار المتکبر ط سبحان اللہ عما یشرکون ہ رب ابراھیم واسمٰعیل واسحٰق ویعقوب علیہم السلام۔

روز سوم ۱۰۳ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو اللہ الخالق الباری المصور لہ الاسماء الحسنیٰ ط یسبح لہ ما فی السموات والارض وھو العزیز الحکیم ہ رب محمد وموسیٰ وعیسیٰ صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین۔

(۱۷۹) برائے زن عقیمہ:- آیت کریمہ او کظلمت فی بحر لجی یغشٰہ موج من فوقہ موج من فوقہ سحاب ط ظلمت بعضھا فوق بعض ط اذا اخرج یدہ لم یکد یراھا ط ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور ہ کو لونگوں پر سات سات بار پڑھ کر بانجھ عورت کو دے کہ وہ غسل حیض کے بعد ایک ایک ہر روز کھا لیا کرے اور اثنائے چلہ میں شوہر کے ساتھ ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ ہو شرط یہ ہے کہ رات کو کھائے پھر اس پر پانی نہ پیئے۔

دیگر:- یہ نقش لکھ کر بانجھ عورت کو دے کہ بعد طہر باندھ لے اور تین رات شوہر کے ساتھ ہم بستر ہو اس کے بعد کھول کر رکھدے پھر دوسرے اور تیسرے طہر میں ایسا ہی کرے غایت دس طہر ہے بفضل خدا ضرور بار آور ہوگی۔

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	یا متکفل	۵

(۱۸۱) عمل برائے قرار وحفاظت حمل از اسقاط۔ از میاں صاحب قبلہ قدس سرہ

۲۱ تار سیاہ تاگا کچا لے کر جو عورت کی پیشانی سے لیکر پیر کے انگوٹھے کے برابر کا ہو اول وآخر درود تنجینا تین تین مرتبہ اور سورۂ قریش ۲۔۳ مرتبہ پڑھ کر گیارہ گرہ دے اور ایک چلہ سے تین چلہ تک عورت کمر پر بعد طہارت اس طرح باندھے کہ گرہ سامنے رہے اور نقوش استقرار حمل گلے میں باندھے یا ناف کے نیچے اور گیارہ روپئے صاحب عمل لے کر ایک تہائی پر فاتحہ بنام چہار انبیاء کرام علیہم السلام پڑھکر تقسیم کرے مقصد پورا ہوگا۔

(۱۸۲) جس کے لڑکیاں ہی ہوتی ہوں وہ اولاد نرینہ چاہے تو حمل تین ماہ کامل ہونے سے قبل ہی ان آیات کو ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے لکھیں اور گلے میں اس طرح ڈالیں کہ ناف کے نیچے رہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ یعلم ماتحمل کل انثی وماتغیض الارحام وماتزداد وکل شئی عندہ بمقدار ہ علم الغیب والشہادۃ الکبیر المتعال ٭ یازکریا انا نبشرک بغلام اسمہ یحییٰ لم نجعل لہ من قبل سمیا۔ پھر لکھیں بحق مریم وعیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد وآلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی سائر انبیائہ وبارک وسلم۔

(۱۸۳) برائے تولد فرزند۔ ایک طرف یہ دعا اور دوسری جانب عورت کا نام لکھ کر عورت کے گلے میں پہنائیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم خالق النفس من النفس المطمئنۃ یا من وھب لداود سلیمٰن ولزکریا یحیی ولمریم عیسیٰ ان تھا ولد اصالحا سمیتہ محمد بالحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔ بچہ پیدا ہو تو اس کا نام محمد رکھیں۔

(۱۸۴) برائے تولد فرزند۔ حمل سے پہلے ۴۰ عدد مغز بادام کے ہر دانہ پر ایک ایک بار سورۂ یٰس پڑھکر دم کریں عورت ایک ایک دانہ روز کھائے۔

(۱۸۵) **برائے تولد فرزند مجرب المجرب ہے**۔ حاملہ کے پیٹ پر انگشت شہادت رکھ کر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ ھٰذَا الْوَلَدُ ذَکَرًا فَسَمَّیْتُہٗ مُحَمَّدًا

(۱۸۶) **تسہیل ولادت**۔ نقش پندرہ ٹھیکری پر لکھ کر دیں کہ بائیں پیر کے نیچے رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بآسانی ولادت ہوگی۔

۷۸۶

۱۰	۱۵	۱	۸
۵	۴	۱۴	۱۱
۱۶	۹	۷	۲
۳	۶	۱۲	۱۳

(۱۸۷) **آسانی وضع حمل**۔ ناف پر باندھا جائے۔

(۱۸۸) **جب تکلیف زیادہ ہو**۔ ران پر باندھا جائے، کھانے کے لئے یہ دیا جائے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

۷۸۶

۱۶	۲۲	۲۸	۲
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۲۰	۱۰	۸	۳۰

(۱۸۹) **آسانی سے ولادت ہو**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَھَبُ لِمَنْ یَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّیَھَبُ لِمَنْ یَّشَاۗءُ الذُّکُوْرَ فلاں بنت فلاں را پسر زائد۔

(۱۹۰) **آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو** اس نقش کو لکھ کر دے کہ عورت ناف پر باندھے یا سیدھے ہاتھ میں لیکر بیٹھ جائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد تر مدت میں ولادت ہوگی۔ بعد ولادت تعویذ کو علاحدہ کردے اور بچہ کو نہلا کر اذان و تکبیر کان میں کہہ کر اس کے گلے میں ڈال دے مجرب ہے۔

(۱۹۱) **برائے تیسیر وضع و تسہیل حیض**۔ اِذَا السَّمَاۗءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اَهْيًا اَشْرَاهِيًا ۔
یہ ایک پارچہ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بائیں بازو پر باندھے بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً کھول دیں۔

ترکیب دیگر یہ ہے کہ آیۃ الکرسی ایک بار اور یہ آیت کریمہ سات بار پڑھ کر گڑ یا پانی پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں۔

(۱۹۲) **اس عورت کی خلاصی کیلئے جسکا بچہ پیٹ میں مرگیا ہو** مٹی کی کوری طشتری پر یہ آیت لکھ کر عورت کو پلائیں خدا چاہے تو مردہ بچے کی ولادت آسانی سے ہوجائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰی فَارِغًا اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِیْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰی قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(۱۹۳) **برائے حبس حیض ونفاس۔** اس نقش کو پوست ہرن پر لکھ کر عورت کی ران میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خون فوراً بند ہوگا۔ نقش یہ ہے ←

۷۵	۶۰۲	۲۲۶
۴۵۲	۳۰۱	۱۵۰
۳۷۶	یاقابض	۵۲۷

(۱۹۴) **برائے حبس حیض ونفاس** مشک زعفران سے لکھ کر زیر ناف باندھے اور ایک مرغ سفید نر یا مادہ صدقہ کرے مجرب وآزمودہ ہے ←

۷۰۷

یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض	یاقابض

یاقابض تضمنت بالقبض والقبض فی قبض نیستک یاقابض خون کہ زیادہ از بیماری آید قبض دہ کردد۔

(۱۹۵) **دفع استحاضہ کے لئے۔** مستخرجہ سیّدنا اعلیٰ حضرت قدس سرہ مجرب ہے۔ چاہیئے اس نقش کو گلے میں پہنائیں اور کسر نویں خانہ میں ڈالی جائے یعنی ۷۳۲ کے بعد ۷۳۴ ہوں ←

یاقابض ادفع استحاضۃ امتی فلانۃ

۷۲۵	۷۳۹	۷۳۶	۷۳۲
۷۳۷	۷۳۱	۷۲۶	۷۳۸
۷۳۰	۷۳۴	۷۴۱	۷۲۷
۷۴۰	۷۲۸	۷۲۹	۷۳۵

(۱۹۶) **برائے اجرائے حیض**۔ جس عورت کا حیض رک گیا ہو اس کے جاری کرنے کے لئے یہ نقش لکھ کر دیں کہ وہ ناف کے نیچے باندھے اور روزانہ اسی نقش کو دھو کر پی لیا کرے مجرب المجرب ہے ←

۷۸۶

۱۸	۳۸	۲
۱۲	۲۲	۳۷
۴۲	یابسط	۳۰

(۱۹۷) **برائے ادرار لبن**۔ دودھ بڑھانے کے لئے مٹی یا تانبے کی رکابی پر کندہ کرا کے عورت اسی میں کھانا کھائے مگر برتن دھویا نہ جائے صرف اسے کپڑے سے صاف کر دیا کریں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الٓرٰ قف تلک اٰیٰت الکتٰب وقراٰن مبین ۰ ربما یود الذین کفروا لو کانوا مسلمین ۰ ذرھم یاکلوا (الی) وانا لہ لحٰفظون سورۃ الحجر۔ ۱۳ پارہ کے آخر سے شروع ہو کر چودھواں پارہ کے اوّل رکوع پر ختم ہے اور اگر درمیان میں نقش درود شفا بھی لکھ دیا جائے تو بہتر اور زیادہ مؤثر ہے نقش یہ ہے۔ (نوٹ) بریلی میں کندہ شدہ نقوش اور یہ رکابی ہر وقت تیار ملتی ہے۔

۷۸۶

۸۸۱	۸۸۴	۸۸۶	۸۷۳
۸۸۷	۸۷۴	۸۸۰	۸۸۵
۸۷۵	۸۸۹	۸۸۳	۸۷۹
۸۸۲	۸۷۸	۸۷۷	۸۸۸

(۱۹۸) **برائے بخت کشادن دختراں**۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ومن کل شیء خلقنا زوجین لعلکم تذکرون ۰ اللھم بحق قولک ھذا وبحرمۃ نبیک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ترزق ھذہ المرأۃ زوجا موافقا غیر مخالف بحق سیدنا ومولانا محمد وآلہ اجمعین

بسم اللہ ۷۸۶ الرحمن الرحیم

صبنا	فقنا	لك	انا نحن
۳۹	۵۹۲	۱۰۲	۳۹۰
۵۹۲	۵۲	۳۸۷	۱۰۱
۳۸۸	۱۰۰	۵۹۳	۵۱

(۱۹۹) **دیگر**۔ مشتری کی ساعت میں لکھ کر لڑکی کے گلے میں پہنائیں اور اگر ہرن کی کھال پر لکھ کر مکان میں آویزاں رکھیں شوہر غیب سے پیدا ہوگا۔

(۲۰۰) **اگر کسی کا شوہر بدافعال ہو۔** اس کی بدعادت چھڑانے کا مجرب عمل

سات ڈھیلے پاک مٹی کے لیکر ہر ایک پر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسٓ شریف پڑھ کر دم کریں اور کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔

(۲۰۱) **معین حمل** سورۂ معارج کا نقش لکھ کر عورت گلے میں پہنے۔

(۲۰۲) **نقش حفاظت حمل عطیہ حضور محدث اعظم قدس سرہٗ**

نقش تکسیر حنہ کی پشت پر کندہ کرائے جمیع امراض کے لئے بھی مفید ہے مجرب المجرب ہے ←

۷۸۶

۲۴	۲۸		۳۱	۱۷
۳۰	[illegible]	۲۰	[illegible]	۲۹
	۲۲	۲۴	۲۶	
۱۹	[illegible]	۲۸	[illegible]	۲۲
۲۷	۲۱		۲۰	۳۲

کھیعص حمعسق

(۲۰۳) **عمل برائے زن عقیمہ** ایک تختی چاندی کی جو روپیہ بھر ہو تو اگر اس پر یہ نقش کندہ کرائیں یہ عطیہ ہے حضرت حاجی سید شاہ طفیل احمد اشرفی الجیلانی کچھوچھوی کا پھر سپید مرغ کے دل سے نیچے کے حصہ سے یہ تعویذ لکھا جائے اور لفظ فلاں کی جگہ اس عورت کا نام اور بنت فلاں کی جگہ اس کی ماں کا نام لکھا جائے اور گیارہ روپئے نیاز کے لیکر فاتحہ نام بزرگان دین دلائیں اور تعویذ عورت کے گلے میں ڈالے اور تختی والا تعویذ روزانہ دھو کر پی لیا کرے اور یہ عبارت اس کے نیچے لکھی جائے۔ الٰہی بحرمت حضرت شاہ راجی عبدالحی یٰسٓ باباحسام وحضرت شاہ نور قطب عالم پنڈوہ مسماۃ فلاں بنت فلاں را فرزند نرینہ تولد شود واز آفات ارضی وسماوی حمل او محفوظ ماند۔ مجرب المجرب ہے ←

۷۸۶

۲۴	۲۸	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۹
۱۹	۳۳	۲۶	۲۲
۲۷	۲۱	۲۰	۳۲

[illegible] علی سید المرسلین محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

۷۸۶

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

(۲۰۴) **برائے ہر بیماری خصوصاً عورتوں کی جملہ بیماریوں کیلئے نیز حفاظت حمل کیلئے خاص عطیہ حضور مفتیٔ اعظم ہند دامت برکاتہم القدسیہ**

بسم اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم سلام قولا من رب رحیم

٣٩٢	٩٩١	٩٩٦	١٣٠
٩٩٥	سلام	شافی	٩٩٢
١٣٢	حفیظ	حافظ	٣٩٠
٩٩٠	٣٨٩	١٣٣	٩٩٧

یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالے اور حمل کے زمانے میں اتنا ڈورا بڑا کر دیں کہ ناف کے نیچے رہے اور اسی کی نقل کر کے پلائیں۔ مجرب بفضل خدا ہے ←

(۲۰۵) **ایام حمل میں جاری خون بند کرنیکا عمل**

اس نقش کو چاندی یا تانبے کے خول میں بند کر کے پیٹ پر باندھیں بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم صل علی سیدنا محمد والہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من کل عین لامات ومن شر شیطان وھامات ومن کل اوجاع واسقام وامراض وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الا ذکر للعلمین اھیا اشراھیا بحق کھیعص وبحق حمعسق بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم برحمتک یا ارحم الراحمین بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الناس ملک الناس الہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وبارک وسلم

٧٨٦

٢٢٥	٢٢٨	٢٣٢	٢١٨
٢٣١	٢١٩	٢٢٤	٢٢٩
٢٢٠	٢٣٤	٢٢٦	٢٢٣
٢٢٧	٢٢٢	٢٢١	٢٣٣

یا قابض الذی یقبض منہ خون رواں از شکم فلانۃ بنت فلاں بحق یا قابض۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ — میکائیل — عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

الٰہی بحرمت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الٰہی بحرمت آبروی خواجہ کرخی سرور الٰہی بحرمت اسم اعظم خود الٰہی بحرمت کلام مجید خود ایں حمل را از اسقاط شدن نگاہ داری بحق اھیا و اشراھیا ان کل نفس لما علیھا حافظ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔

(۲۰۶) **نقش حفاظت حمل** یہ عمل فقیر کے خاندانی بزرگوں کا عطیہ ہے چونکہ مجرب و مفید ہے اس لئے تحریر کر دیا تاکہ اپنے دینی بھائی اس سے فائدہ اٹھائیں۔

(۲۰۷) **برائے ام الصبیان** اس تعویذ کو حاملہ کے گلے میں باندھے اور بچہ پیدا ہو جائے تو بچہ کے گلے میں ڈالے۔

الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا
الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا
الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا
الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا	الااحمد الا

الٰہی بہ برکت ایں تعویذ مبارک دارندہ تعویذ و بچہ اش کہ در کشمکش ست ہر بلا آسیب و جھوگہ وغیرہ نگردد در بکنار والدین خود صد سال برسد آمین ثم آمین بحق سیدنا و مولانا محمد و آلہ الطیبین الطاہرین ثم آمین ثم آمین۔

بابُ الاطفال

(۲۰۸) **گریۂ طفل** اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

۷۸۶

۱	۱۵	۱۴	۴
۱۲	۶	۷	۹
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۳	۳	۲	۱۶

(۲۱۹) **دیگر۔** سورۂ رعد صحیح لکھ کر گلے میں ڈالیں اور بچے پر دم کریں پھر کبھی نہ روئے گا۔

(۲۱۰) **حفاظت صبی** ←

۷۸۶

م۱	ح۱۴	ی۱۱	ط۸
ط۱۲	ی۷	ح۲	م۱۳
ح۶	م۹	ط۱۶	ی۳
ی۱۵	ط۴	م۵	ح۱۰

(۲۱۱) **حفاظت اطفال و حمل**

(۲۱۲) **بچہ دودھ نہ پیتا ہو**

اگر بچّہ دودھ نہ پیتا ہو تو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں اور شیر مادر میں گھول کر پلائیں

۷۸۶

یاحافظ	یاحفیظ	یارقیب	یاوکیل
یاوکیل	یارقیب	یاحفیظ	یاحافظ
یاحفیظ	یاحافظ	یاوکیل	یارقیب
یارقیب	یاوکیل	یاحافظ	یاحفیظ

۷۸۶

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ ومن ھمزات الشیطن وان یحضرون۔

(۲۱۳) **برائے سوکھا**۔ سوکھے کے لیے یہ نقش پیگن پر تین طرف سوئی یا چاقو کی نوک سے گویا کندہ کریں اتوار کے روز جہاں بچہ سوتا ہو وہاں لٹکا دیں۔ بچہ کو اس بیگن کے نیچے اکثر رکھیں جتنا جتنا بیگن سوکھے گا انشاءاللہ سبحانہ تعالیٰ بچہ اتنا اتنا فربہ و توانا و تندرست ہوتا جائیگا باذنہ و کرمہ مولیٰ تعالیٰ (نوٹ) اعداد چال کے لیے ہیں۔

۷۸۶

ط ۶	۱ دلا	دی ۸
۷ لا	ھ ۵	و ۳
مس ۲	ق ۹	ای ۴

(۲۱۴) **ڈبہ اطفال** ایک بالشت کا سرکنڈہ لے کر سورۂ اخلاص و معوذتین تین تین بار دم کرے پھر چھری سے تھوڑا سا کاٹے پھر ایسا ہی کرے تین مرتبہ کرے تین روز کے اندر مرض جاتا رہے گا۔

(۲۱۵) **برائے ام الصبیان**۔ کہ ہندی میں جھوکہ دمسان دھرگی کہتے ہیں۔ خواجہ عبدالکریم مغربی۔ خواجہ عبدالرحیم مشرقی۔ خواجہ عبدالرشید شمالی۔ خواجہ عبدالجلیل جنوبی۔ ان چاروں ناموں کو بطور تعویذ بچوں کے گلے میں ڈالیں اور ہر ماہ قمری کی چار تاریخ کو ان بزرگوں کی فاتحہ حلوا پکا کر پاک جگہ رکھ کر لوبان وغیرہ کی خوشبو کر کے الحمد شریف۔ آیۃ الکرسی۔ سورۂ اخلاص۔ درود شریف اول و آخر پڑھ کر ثواب ان بزرگوں کی روح کو بخشیں اور غریبوں کو کھلادیں اور برکت کی دعا ان سے کرائیں اور چار رجب جو ان حضرات کی وفات کا دن ہے فاتحہ میں زیادہ اہتمام کریں اور فاتحہ دلا کر غریبوں کو تقسیم کردیں۔

(۲۱۶) **دفع مسان اطفال** وغیرہ اس نقش کو کندہ کرا کر چار بتی لگا کر جلائیں اور بچے کو اسکی روشنی میں رکھیں۔

۷۸۶

[illegible] ۱۰	۱۱۴۰۱ ۲	۱۱۴۰۶ ۸
۱۱۴۰۳ ۴	۱۱۴۰۵ ۷	۱۱۴۰۷ ۹
۱۱۴۰۴ ۹	۱۱۴۰۸ ۱۱	۱۱۴۰۲ ۳

(۲۱۷) **دودھ چھڑانے اور ضد کرنیوالے کیلئے** یہ نقش موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔

الوھاب ۷۸۶ ارلک اب

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

(۲۱۸) **بے تکلف دانت نکلنے کا نقش**

۷۸۶

۲	مسع	ع	ھو
و	۲	د	ط
ر	س	وط	و
ولا	ح	ے	حد

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ← ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے تکلف دانت نکلیں گے

(۲۱۹) نقش مجرب برائے سوکھا عدد آیت کریمہ

وان یکاد الذین کفروا۔ ۴۶۹۶۔

۷۸۶

۱۱۷۳	۱۱۷۷	۱۱۸۰	۱۱۶۶
۱۱۷۹	۱۱۶۷	۱۱۷۲	۱۱۷۸
۱۱۶۸	۱۱۸۲	۱۱۷۵	۱۱۷۱
۱۱۷۴	۱۱۷۰	۱۱۶۹	۱۱۸۱

ربع بکسر ۱۱۶۶۲ موم جامہ کر کے بچے کو پہنائیں اور یہ نقش دفع نظر کے لیے بھی مفید ہے ←

باب النظر

(۲۲۰) برائے دفع نظر۔ لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ اور آیت کریمہ وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الا ذکر للعلمین۔ پڑھ کر دم کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بیحد مفید ہے۔

۷۸۶
ھا ھا ھا ھا
۶ ۶ ۶ ۶ ۶
و و و و و
ط ط ط ط ط
اللہ اللہ اللہ اللہ

باب الآلام والاوجاع والاورام

(۲۲۱) برائے دفع درد چوٹ وپھوڑا وغیرہ ہر بیماری کا مجرب عمل

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُکَ شِفَاءً لَّایُغَادِرُ سُقْمًا۔ اول وآخر درود شریف ۳-۳ بار اپنے یا غیر

کے جہاں درد ہو یا چوٹ لگی ہو یا پھوڑا پھنسی ہو یا ان کے علاوہ کوئی اور مرض ہو موضع مرض پر اپنا داہنا ہاتھ رکھ کر سات بار یہ دعا پڑھے اور دم کرے۔ اس کا لحاظ رکھے کہ اگر نامحرم ہو مطلقاً ہاتھ نہ لگائے بلکہ مریض سے ہاتھ مرض کی جگہ پر رکھوائے اسی طرح اگر مرض کی جگہ ہاتھ لگانے کی نہیں ہے تو یہی کرے۔

(۲۲۲) **دفع درد کا دوسرا عمل**:- موضع درد پر ہاتھ رکھ کر ۷ بار دعا پڑھ کر دم کرے بِسْمِ اللّٰهِ شَافِیْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اُسْكُنْ بِاِذْنِ رَبِّیْ وَرَبِّكَ الْعَزِیْزِ

(۲۲۳) **برائے درد پسلی**:- داہنی یا بائیں پسلی میں درد ہو اور دوا سے نہ جاتا ہو درد آسیب سے معلوم ہوتا ہو اس طرف کے بازو پر باندھے اور باندھنے سے پہلے ایک پیسہ ایک انڈا ایک زندہ مچھلی ایک سیر آٹا مریض پر سے اتار کر محتاج کو دیدے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۵	۸	۵	۱۲
۲	۱۱	۱۶	۶
۱۰	۱۳	۱۰	۱۴
۹	۱۸	۹	۱۴

(۲۲۴) **درد دل**:- یہ دعا کثرت سے ورد رکھے۔
یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ

(۲۲۵) **دانتوں کے درد کے لیے مجرب عمل**

تین بار ان آیات کے حروف کو پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے۔ صاحب درد سے کہے کہ موضع درد کو خوب زور سے پکڑے الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ۔ كٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ اُسْكُنْ بِكٓهٰیٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِیَّا اُسْكُنْ بِالَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْكِنِ الرِّیْحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰی ظَهْرِهٖ اُسْكُنْ بِالَّذِیْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ پہلے لفظ ط زمین پر لکھیں اور درد والے کو سامنے بٹھائیں اور ط کے دانہ میں ایک کیل گاڑ دیں پھر پڑھ کر

دم کریں۔ تھوڑی دیر میں درد کافور ہوگا۔

(۲۲۶) **درد گلو**۔ پڑھکر دم کریں اور لکھ کر گلے میں باندھیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی یَامَنْ سَوَّانِیْ یَامَنْ رَزَقَنِیْ وَرَبَّانِیْ یَامَنْ اَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ یَامَنْ تَوَسَّنِیْ وَاٰدْنَانِیْ یَامَنْ عَصَمَنِیْ وَکَفَانِیْ یَامَنْ حَفِظَنِیْ وَکَلَانِیْ یَامَنْ وَفَّقَنِیْ وَھَدَانِیْ یَامَنْ اَعَزَّنِیْ وَاَغْنَانِیْ وَیَامَنْ اَمَاتَنِیْ وَاَحْیَانِیْ یَامَنْ اَنْسَنِیْ وَلَآنِیْ سُبْحٰنَکَ یَالَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَامُجِیْرُ یَامُجِیْرُ یَامُجِیْرُ ؕ

(۲۲۷) **کان کے درد کے لیئے**۔ پاک پیالے میں سورۂ فاتحہ لکھ کر روغن گل سے دھو کر کان میں نیم گرم ٹپکائیں۔

(۲۲۸) **قے اور درد قولنج (پیٹ) کے لیے**۔ قولہ تعالیٰ اولم یر الانسان انا خلقناہ من نطفۃ فاذا ھو خصیم مبین ہ لکھ کر دھو کر پلائیں شفا ہوگی مجرب ہے

(۲۲۹) **عرق النساء کے لیے**۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ اَللّٰھُمَّ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَ کُلِّ شَیْءٍ وَّخَالِقَ کُلِّ شَیْءٍ۔ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَخَلَقْتَ عِرْقَ النِّسَآءِ فِیَّ فَلَا تُسَلِّطْہُ عَلَیَّ بِاَذًی وَّلَا تُسَلِّطْنِیْ عَلَیْہِ بِقَطْعٍ وَّاشْفِنِیْ شِفَآءً لَّا یُغَادِرُ سُقْمًا لَاشَافِیَ اِلَّآ اَنْتَ۔ یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈالے اور ہر نماز کے بعد سات بار کم از کم تین بار پڑھا بھی کریں۔

(۲۳۰) **برائے درد رشتہ** کہ ہندی میں اسے نارو کہتے ہیں ہفتہ یا اتوار کو لکھے اور درد کی جگہ باندھے۔ ح ح ح ح ح ح ح

(۲۳۱) **دیگر** مجرب ہے سورۂ ناس اکیس روز سات سات مرتبہ پڑھکر پیاز آگ میں پکا کر دم کرے اور باندھے۔

(۲۳۲) **ایضاً** مقتہ کے دن لکھ کر گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں سات دن تک

جزلیہ	جزلیہ
جزلیہ	جزلیہ

(۲۳۳) **دیگر** ترکیب سابق کے ساتھ اس نقش کو کھلائیں۔

عو	عو	عو	عو
عو	عو	عو	عو
عو	عو	عو	عو
عو	عو	عو	عو

(۲۳۴) **کنٹھ مالا اور ہر قسم کے ورم۔ درد کے لئے** ، تار نیلے سوت کے لیکر مریض کے قد کے برابر ناپ لیں پھر اس میں ۱۴ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر یہ دعا پڑھکر دم کریں۔ اعوذ بعزۃ اللہ وقدرۃ اللہ وقوۃ اللہ وبرھان اللہ و سلطان اللہ وکنف اللہ وجوار اللہ وامان اللہ وذل اللہ ومنع اللہ وکبریا اللہ ونظر اللہ وبھاء اللہ وجلال اللہ وکمال اللہ ولا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ من شر ما اجد واحاذر وہ گنڈہ مریض پہنے۔

(۲۳۵) **جانور کے کاٹے کا عمل** یہ آیت کریمہ ہر جانور کے کاٹے کا منتر ہے گیارہ بار پڑھکر کاٹنے کی جگہ پر دم کرے۔ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ہ

(۲۳۶) **بچوں کے کان چھیدنے کا عمل** مذکورہ بالا آیت کریمہ کو سات بار پڑھکر سوئی پر دم کر کے کان یا ناک چھیدیں تو درد نہ ہوگا مجرب و آزمودہ ہے۔

(۲۳۷) **عمل کژدم** بچھو کاٹ لے تو سات بار پڑھکر داہنے کان میں دم کرے پھر سات بار پڑھکر بائیں کان میں دم کرے۔ فرعون با لشکر در آب دجلہ غرق شد انشاءاللہ تعالےٰ زہر دور ہو جائے گا۔

(۲۳۸) **سانپ بچھو سے حفاظت کا عمل** :۔ صبح و شام اعوذ بکلمٰت اللہ التامات من شر ما خلق تین تین بار پڑھ لیا کرے یہ عمل حدیث کا ہے۔

(۲۳۹) **سانپ بچھو اور چور سے حفاظت کا مجرب عمل** اول شب یہ دعا پڑھ لیا کرے۔ عَقَدْتُ ذَنَبَ الْعَقْرَبِ وَلِسَانَ الْحَيَّةِ وَكَيْدَ السَّارِقِ بِقَوْلِ اَشْهَدُ

اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ہ

(۲۴۰) **بچھو کے زہر اُتارنے کا مجرب نافع عمل** درد کی جگہ لوہا باندھ دے پھر یہ دُعا پڑھکر دم کرے اور لکھ کر کھلائے سلٰم علی نوح فی العٰلمین وعلی محمد فی المرسلین من حاملات السم اجمعین ہ لادابۃ فی السماء والارض الارب اخذ بناصیتہا اجمعین ہ کذٰلک نجزی عبادہ المحسنین ملن ربی علی صراط مستقیم نوح نوح قال لکم نوح من ذکرنی فلاتاکلوا ان ربی بکل شیٔ علیم وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد و اٰلہٖ وصحبہٖ وسلم

(۲۴۱) **سانپ کے کاٹے کا مجرب عمل** اگر کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہے تو حروف آبی لکھ کر پلائیں حروف آبی یہ ہیں۔ ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ کہ مجموعہ جزکس قثظ ہے۔

(نوٹ) بعض کتابوں میں کچھ اور لکھا ہے مگر اعلیٰحضرت قدس سرہٗ کے مجموعہ میں یہی مذکور ہے اور دو جگہ۔ اس لئے یہ زیادہ معتبر ہے پھر معمولات میں بھی یہی تحریر ہے

(۲۴۲) **مکان سے سانپ بھگانے کا مجرب عمل** جس مکان میں سانپ بکثرت ہوں اُس کے چاروں گوشوں میں ان ساتوں سلام کو جو قرآن مجید میں وارد ہیں چار ڈھیلوں پر سات سات مرتبہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھکر دم کرکے تین ڈھیلے تینوں گوشے میں ڈالدیں اور چوتھا ڈھیلا سانپ نکل جانے کے بعد ڈالا جائے سانپ اس مکان میں نہ رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ چلا جائے گا۔

وہ سلام یہ ہیں سلام علی عبادہ الذین اصطفٰے ہ سلٰم قولا من رب رحیم ہ سلٰم علی نوح فی العالمین ہ سلام علی ابراھیم ہ سلٰم علی موسٰی وھٰرون ہ سلٰم علی اٰل یاسین ہ سلام علی المرسلین ہ بہتر ہے یہ دونوں آیت بھی ملالے۔ سلام علیکم طبتم فادخلوھا خلدین ہ سلٰم ھی حتی مطلع الفجر ہ

(۲۴۳) **کتے کاٹے کا مجرب عمل** جسے کتے نے کاٹ لیا ہو اس کے لیے یہ تین آیتیں روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر لکھیں روزانہ ایک کھلا دیں ان شاء اللہ تعالی دیوانگی سے محفوظ رہے گا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ انھم یکیدون کیدا و اکید کیدا فمھل الکفرین امھلھم رویدا ۱۰ اور اگر ان آیتوں کو لوہے کی چار کیلوں پر ۲۵-۲۵ بار پڑھ کر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں داب دیں وہ گھر شیاطین کے شرور سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ تعالے

(۲۴۴) **برائے دفع بواسیر خونی و بادی** ہر قسم کی بواسیر خونی و بادی کے لیے دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۂ الم نشرح۔ دوسری میں سورۂ فیل اور سلام کے بعد ستر بار کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ چند روز اسی طرح کرے ان شاء اللہ تعالے بواسیر دفع ہو۔

(۲۴۵) **دیگر** اَمَرَ بَتَنَ جَمَتُوْ سَا سَا پھوڑ بواسیر پنڈ ہمارا۔ جتنی دیر پاخانے میں بیٹھے یہ جملے جو کسی کے ہیں ورد زبان رکھے۔

(۲۴۶) **برائے دفع طحال یعنی تلی** بیگن صاف اور سات کانٹے ببول کے جمعرات کے دن ہر کانٹے پر ۳-۳- بار سورۂ قریش دم کرے اور ۶ کانٹے بیگن کے بیچ میں چبھو دے اور ایک کانٹا اس کے دم میں چبھو کر مریض جہاں سوتا ہو اس کے اوپر لٹکا دے اور نیاز محبوب سبحانی رضی اللہ تعالی عنہ دلائے بفضل خدا فائدہ ہوگا۔

(۲۴۷) **دیگر عمل مجرب المجرب ہے** ایک کپڑا لے کر چار تہ کر کے تلی کے مقام پر رکھیں اس کے اوپر ناریل کے پوست کا نصف حصہ رکھ کر اس کے اوپر تعویذ رکھیں اور آگ اس پر رکھیں تا کہ تعویذ مکمل طور سے جل جائے اس تلی کے مقام پر آبلہ پڑ جائے گا اس پر دھویا گھی مل دیں اس کے بعد مرہم لگا دیں۔ ان شاء المولی تعالی

تلی کا مرض دور ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

(۲۴۸) دفع گھیگھا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امرا بر موا امرا فافا مابر مون ہ لکھ کر گلے میں باندھیں۔

(۲۴۹) دیگر:۔ اس آیت کریمہ کو لکھ کر دیدے کہ صاحب مرض دیکھتا ہے فَلَوْلَا اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ۔

(۲۵۰) آماس گلو اس نقش کو لکھکر سونے کے تعویذ میں کرکے ایسا باندھیں کہ ہر وقت گلے سے چپکا رہے۔ عورتوں کے لیے تعویذ کا خول بنائیں اور بچوں کے لیے سونے کے چھوٹے سے پتر بنا کر تعویذ کے اوپر لگا کر موم جامہ کرکے باندھیں مجرب ہے

(۲۵۱) دیگر اس نقش کو لکھکر الٹے بازو پر باندھیں

مطس	مطس
مطس	مطس

انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہوگا۔

(۲۵۲) نکسیر کا عمل یہ نقش اور یہ آیت کریمہ لکھکر پیشانی پر باندھیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

۴۹۶

۵۸۸	۵۸۱	۵۸۶
۵۸۳	۵۸۵	۵۸۷
۵۸۴	۵۸۹	۵۸۲

(۲۵۳) دیگر یہ عمل لکھکر پیشانی پر باندھے دم دم طلع طلع کلم صلع

(۲۵۴) ہر قسم کے درد کے لیے اور بہتر یہ ہے کہ اس کے ساتھ بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ کان ماکان

مممممممممممممم
مممممممممممم
مممممممممممممم

بسم اللہ یکون مایکون بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم برحمتک یا ارحم الراحمین۔ لکھ کر دیں اور گلے میں باندھا جائے۔ مجرب بفضل خدا۔ ہر سطر میں گیارہ میم رہیں گے

(۲۵۵) برائے ناف موم جامہ کرکے ناف پر باندھے اس نقش میں اکیس داؤ دہرے بنیں گے۔

ہر قسم کے بخار ولرزہ کے عملیات وتعویذات

(۲۵۶) **برائے تپ** ۔ بسم اللہ الکبیر اعوذ باللہ العظیم من شر کل عرق نعار ومن شر حر النار۔

(۲۵۷) **دیگر** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ انہ لی لم یزل ولا یزال یزیل الزوال وھو لا یزال وننزل من القراٰن ماھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد والہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم لکھ کر سیدھے بازو پر باندھا جائے۔

(۲۵۸) **گنڈہ برائے بخار مجرب ہے** بخار والا گردن میں باندھے ترکیب ہے کہ بعد نماز ظہر سات تار کچے سوت کے لیکر چاروں قل پڑھکر ایک گرہ لگائے اور قل پڑھنے سے پہلے یہ کہے۔ بستم وقفل کردم تپ فلاں را (فلاں کی جگہ مریض کا نام لے) بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اسی طرح چودہ گرہ لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے بخار کے لیے مفید ہوگا۔

(۲۵۹) **تپ حار کے لیے** یعنی صفراوی بخار کے لیے مجرب المجرب ہے۔ یہ آیت لکھکر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

(۲۶۰) **نقش بخار ہر قسم** یہ نقش لکھ کر داہنی کلائی میں

۷۸۶

۸	۱۱۴۰	۱۱۴۳	۱
۱۱۴۲	۲	۷	۱۱۴۱
۳	۱۱۴۵	۱۱۳۸	۶
۱۱۳۹	۵	۴	۱۱۴۴

باندھیں اور یاحی یاقیوم کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر دیں کر گڑ میں ملاکر مریض کو دونوں وقت کھلائیں ہر قسم کے بخار کے لیے سود مند ہے اور انشاء المولیٰ تعالیٰ چوبیس گھنٹے میں بخار جاتا رہے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظلمین الا خسارا وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وسلم

(۲۶۱) **برائے تپ** پہلے دن اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد وبارک وسلم بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد والہ اجمعین ۔ دوسرے دن ذلک تخفیف من ربکم تیسرے دن اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا لکھ کر مریض کو کھلائیں صحت ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۲۶۲) **عمل تپ مجرب** :- یہ حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رقعہ لکھ کر گلے میں باندھیں اور نیاز حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حسب توفیق دلائیں اور تین تعویذ یاحی یاقیوم کے پلادیں۔ رقعہ یہ ہے کہ برادرم تپ را اعلام میراں محی الدین غوث الثقلین آنکہ اگر تو در وجود فلاں بن فلاں خواہی ماند فردا در گور قاضی رشوت خوار گرفتار خواہد شد خبر کردن شرط است بگریز بگریز بگریز۔

(۲۶۳) **حدت بخار کم کرنے کے لئے** :- ۱۰۰ بار یہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کریں لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا۔

(۲۶۴) **تپ کہنہ دق وسل وغیرہ کیلئے مجرب عمل** :- شام کو کٹورے میں پانی بھر کر شبنم میں رکھ دیں صبح کو بعد نماز اس پر الحمد شریف سات بار آیۃ الکرسی ایک بار تینوں قل ۳۔۳ بار پڑھ کر دم کریں پھر اس پانی کے چھینٹے بقوت مریض کے منہ اور سینہ پر دیں۔ مریض اگر عورت ہو تو شوہر یا محرم چھینٹے دے مریض اگر مرد ہے تو چھینٹے کے ساتھ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَكَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہے اور عورت ہو تو بندگ کے بجائے اَمَتُک کہے۔ نو روز بلا ناغہ ایسا ہی کریں اور چاہیں تو دو گھونٹ پانی بھی پلادیں مگر پلانا ضروری نہیں۔

(۲۶۵) **برائے امراض مزمنہ**۔ تمام امراض مزمنہ کے لئے آیت کریمہ اللہ لطیف بعبادہ کا نقش چینی کی سفید رکابی پر لکھیں اور اس پر دو سو اناسی بار ۲۷۹ بھی کلمہ طیبہ پڑھکر دم کریں اول و آخر درود شریف تین تین بار چلہ ناغہ نہ کریں۔ مریض نقش زبان سے چاٹے۔ ۱۔ ۲ کے اعداد چال بتانے کے لئے ہیں ←

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ ۲	لطیف ۹	بعبادہ ۴
۱۱۱ ۷	۹۳ ۵	۷۵ ۳
۱۰۲ ۶	۵۷ ۱	۱۴ ۸

نصر من اللہ وفتح قریب

(۲۶۶) **برائے تپ ولرزہ**۔ یہ عبارت لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور بجائے لفظ فلاں مریض کا نام لکھیں مجرب ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اے تپ ولرزہ اگر تو در بدن فلاں بمانی بعذاب قاضی شوکی گرفتار خواہی شد۔

(۲۶۷) **برائے تپ ولرزہ**۔ اس آیت کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں یا دھو کر پلائیں یا گڑ میں ملا کر کھلائیں پر اثر ہے اور بارہا تجربہ کیا گیا ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم یَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلَىٰٓ إِبْرَاهِيمَ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ۔

(۲۶۸) **عمل سورۃ الم نشرح برائے جاڑا بخار بلکہ ہر بیماری اور برائے وسعت رزق**

نابالغ لڑکی کے ہاتھ سے کچا سوت کتا کر بکجا کر کے سات گرہ لگائے اس طرح کہ ہر اسم پاک پڑھ کر ایک گرہ لگائے یوں پڑھیں بسم اللہ الرحمن الرحیم الم نشرح یا محمد لک صدرک یا محمد و وضعنا عنک وزرک الذی انقض ظہرک یا محمد ورفعنا لک ذکرک یا محمد فان مع العسر یسرا ان مع العسر یسرا یا محمد فاذا فرغت فانصب یا محمد والی ربک فارغب یا محمد

تپ فلاں بن فلاں دفع شود اور مریض کے گلے میں ڈالے یہ عمل معمولات میں اسیطرح مذکور ہے مگر اسم پاک کے ساتھ ندا جائز نہیں اس لئے یا محمد مصطفٰے ہر جگہ پڑھیں۔ یا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فراخی رزق کے لئے اکاسی بار روزانہ مع بسم اللہ شریف پڑھیں۔

(۲۶۹) **برائے تپ ولرزہ**۔ کوری ٹھیکری تین عدد لیکر ایک پر یا محیط اور دوسری پر یا محیطط اور تیسری پر یا محیططا لکھیں۔ پہلا ٹکڑا باری کے بخار آنے سے ایک گھنٹہ پہلے کپڑے میں لپیٹ کر سیدھے بازو پر باندھے اور دوسرا ٹکڑا دوسری باری کے دن باندھیں اور پہلا ٹکڑا کنویں میں ڈال دیں اور تیسری باری کے دن تیسرا ٹکڑا باندھیں اور دوسرا کنویں میں ڈال دیں اور تیسرا ٹکڑا تین دن بعد کنویں میں ڈالیں اور کنواں وہ ہو جس سے مریض پانی نہ پیتا ہو انشاء المولیٰ تعالیٰ صحت کلی ہوگی۔

(۲۷۰) **دیگر**۔ یہ دعا پڑھکر مریض پر دم کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں اور ایک کاغذ یا طشتری پر لکھ کر پلائیں انشاء المولیٰ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هٰذَا الْكِتَابُ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ثُمَّ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِلَى الْحُمّٰى حَرُّهَا مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ وَ بَرْدُهَا مِنْ زَمْهَرِيْرٍ فَاِذَا جَاءَ كِتَابِيْ هٰذَا فَاخْرُجِيْ مِنْ جَسَدِ فُلَاں بن فلاں یا بنت فلاں وَلَا تَاْكُلِيْ لَحْمَهٗ وَلَا تَشْرِبِيْ دَمَهٗ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۲۷۲) **تپ ولرزہ کے لئے مجرب ہے**۔ مریض اس تعویذ پر پانچ جوتے مارے اور کہے کہ اب کی دفع آئے گا تو پچیس جوتے ماروں گا یہ کہہ کر بائیں بازو پر باندھے یا مچھلی کے سنہ پر لکھ کر بازو پر باندھے

۷۸۶

شداد	فرعون	ابولہب	شیطان
قارون	ابوجہل	نمرود	ہامان
ابولہب	شیطان	شداد	فرعون
نمرود	ہامان	قارون	ابوجہل

اور عداوت کے لئے بھی مجرب ہے اسے مچھلی کے سنہ پر لکھ کر فریقین کا نام لکھ کر دونوں کی گذرگاہ میں گاڑ دے۔

نوٹ ضروری۔ جوتے مارنا ہو تو اس نقش کو ہندی میں لکھے حروف کا ادب ضروری ہے یا ان کے اعداد لکھے۔

نزلہ و زکام و کھانسی و امراض صدر

(۲۷۱) نزلہ۔ تین روز لکھ کر تین دن کھلائیں انشاء اللہ صحت ہوگی۔ پہلے دن اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد وبارک وسلم بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد والہ اجمعین۔ دوسرے دن صبح کو اَلْٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ شام کو عَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا تیسرے دن صبح کو ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ شام کو مِّنْ رَّبِّکُمْ مجرب ہے بفضل خدائے تعالیٰ۔

(۲۷۲) گنڈہ نزلہ تین دھاگا ہاتھ میں لیکر کہے نزلہ فلاں بن فلاں دابستم اس کے بعد سات گرہ لگائے اور تین گرہ لگاتے وقت سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھ کر دم کریں اور دو میں قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور دو میں سورہ فاتحہ اس کے بعد یہ آیت کریمہ پڑھے۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ پھر دونوں سرے باندھ کر پہنا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نزلہ دور ہوگا یہ مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

(۲۷۳) کھانسی۔ بدھ کے دن لکھے اور پلائے سات دن تک۔ ساتوں دن کے لئے بدھ ہی کو لکھ کر دے۔ یا مستبین ۴۸۶ یا مستبین ۴۸۶۔

(۲۷۴) برائے شفائے امراض و حفاظت صدمہ گلے میں باندھیں اور روزانہ پلایا جائے۔ دیگر آیت کریمہ افحسبتم تا آخر یم اللہ کیساتھ لکھکر پانی سے دھوکر پلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاکافی — یاغنی

ی / نا / ی / ھ	ف / ی / ر / ی	ا / م / خ / —	ق / بھ / م / ن
کی / م / م / —	ا / بھ / خ / ن	ف / ن / ر / ھ	ی / ی / ی / ی
ف / بھ / ر / ن	ی / م / ی / —	ط / ی / م / ی	ا / ن / خ / ی
ا / ی / خ / ی	کی / ن / م / ھ	ی / بھ / ی / ن	ف / م / ر / —

۸۷۶

صرع و پتہ

(۲۷۵) مرگی و پت سورۂ واللیل مرگی والے پر پڑھکر دم کریں اور پرانے پت والے کو لکھ کر دھو کر پلائی جائے۔

(۲۷۶) برائے پت سورۂ مجادلہ پت والے پر تین دفعہ پڑھے بعد نماز عصر کے اول و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱، بار۔

(۲۷۷) برائے مرگی مجرب ہے بروز بدھ ایک نقش لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے بازو پر باندھے اور چھ بدھ کو اسی طرح نقوش لکھ کر بدھ کو علٰحدہ علٰحدہ باندھتا رہے ساتویں بدھ کو ساتواں نقش لکھکر اور پچھلے چھ نقوش جو مریض کے بازو پر باندھے ہیں سب کو ایک جگہ موم جامہ کر کے باندھ دیں بفضل شافی حقیقی جل جلالہ وعم نوالہ شفا ہو گی۔

۱۲	۷۸۹	۶
۹	۵	۷
ح	د	د

(۲۷۸) برائے مرگی مثلث حوا خانۂ آتش سے شروع کرے تانبے کی تختی پر لکھ کر اتوار کی رات میں کسی مسلمان سے کندہ کرائے اور مرگی والے کے گلے میں ڈالیں اور اسی تختی کے برابر دوسری تختی چاندی کی تیار کر کے اسی رات میں خیرات کرے مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

(۲۷۹) **مرگی کا مجرب عمل** اس دعا کو چاند رات میں بعد مغرب تانبے کی تختی پر لکھ کر کسی بلند جگہ رکھدیں صبح طلوع آفتاب کے ساتھ فوراً جلدی سے کندہ کریں اور یاد رکھیں کہ میم اور واؤ کے سر کھلے رہیں اور ایک ٹکڑا بیخ مرجان اور ایک گرہ عود صلیب کی لیکر دونوں

دوسری جانب	ایک طرف
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یامذل کل جبار عنید بقھر عزیز سلطانہ یامذل	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا مخلص لہ الدین

کو تاگہ میں منسلک کر کے اسی تاگے کے اندر یہ نقش بھی شامل کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں کہ پہنے رہے۔ واضح رہے کہ مرجان و عود صلیب کو تانبے کی تختی سے علاحدہ رکھیں۔

درد سر و درد نیم سر

(۲۸۰) **درد سر** سورۂ الھٰکم التکاثر پڑھ پڑھ کر درد سر والے کا سر پکڑ کر دم کرتے جانا بہت ہی مفید ہے۔ نیز بعد عصر زیادہ مفید ہے۔

(۲۸۱) **درد کا بہترین عمل** یہ اسمائے باری تعالیٰ پڑھ کر دم کرے نیز کاغذ پر لکھ کر دے کہ مریض سر پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى يَا نُوْرُ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا خَالِقَ النُّوْرِ يَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ يَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرُ لَيْسَ مِثْلَهٗ نُوْرٌ يَا مُقَدِّرَ النُّوْرِ يَا نُوْرًا قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ يَا نُوْرًا فِي النُّوْرِ سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ۔

(۲۸۲) **درد سر** سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر دم کرے درد جاتا رہے گا۔

(۲۸۳) **دیگر درد سر کیلئے مفید و مجرب** سورۂ ناس سات بار پڑھ کر دم کرے

اور مریض سے پوچھے کہ درد کہاں ہے اگر باقی ہو تو پھر سات مرتبہ دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے درد زائل ہوگا اگرچہ معاذ اللہ شقیقہ ہی کیوں نہ ہو ٹھیک ہو جائے گا۔

(۲۸۴) **درد سر کا عجیب عمل** درد کی جگہ انگشت شہادت سے تین بار لِیَعُدَّ بِھِمْ لکھے اور پوچھے اگر درد باقی ہو تو دوبارہ سہ بارہ لکھے اگر درد ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جائے تو وہاں لکھے چند بار میں ٹھیک ہو جائے گا۔

(۲۸۵) **درد کا بہترین عمل** درد سر پیدا شد آب خواست آب نیافت خشک رفت بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ تین بار پڑھکر مریض پر دم کرے اس کے بعد سورۂ تکاثر بھی دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

(۲۸۶) **درد سر کے مجرب تعویذات** ان تینوں نقوش کو لکھکر مریض سر پر باندھے بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کے درد کے لئے نافع ہے اور بارہا مریض صحتیاب ہوئے ہیں۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ
الٰہی درد سر و درد نیم سر نعد دفع سود
م م م م م م م

۷۸۶

ھواللہ	ھواللہ
ھواللہ	ھواللہ

وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد و آلہ وصحبہ اجمعین و بارک وسلم

۷۸۶

۸	۸	۸	۸
۸	۸	۸	۸
۸	▲	۸	۸
۸	۸	۸	۸

(۲۸۷) **درد کہنہ و لاعلاج مجرب عمل** مریض موضع درد کو اپنے ہاتھ سے پکڑے اور عامل قل اعوذ برب الناس ناس ناس پڑھے اور چھری پر دم کرکے زمین پر خط کھینچے پھر مریض سے پوچھے کہ درد کہاں ہے مریض ہاتھ اٹھا کر ملاحظہ کرے اگر درد دوسری جگہ سرک گیا ہو اس جگہ پکڑے عامل اس کے بعد کی آیت یوں پڑھے ملک الناس ناس ناس اور

چھری سے اسی طرح کرے اور مریض سے پوچھے اگر پہلی مرتبہ میں درد اپنی جگہ سے نہ ہٹا ہوگا۔ دوسری مرتبہ میں ضرور ہٹے گا چند مرتبہ یہی کرے۔ کبھی پہلی ہی مرتبہ میں زائل ہوجاتا اور کبھی پوری سورت اسی طرح پڑھنی پڑتی ہے مگر چھ بار سے زیادہ ضرورت نہیں ہوتی ضرور درد اچھا ہوجاتا ہے جس کا درد بہت پرانا ہواور ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہو یعنی لاعلاج ہو۔ خدا کے فضل سے مجرب ہے۔

جنون

(۲۸۸) **جنون** یہ نقش لکھکر گلے میں باندھے مستخرجہ حضور سیدنا سرکار اعلیٰ حضرت عظیم البرکت قدس سرہ العزیز

۳۴۹۳	۳۵۰۷	۳۵۰۴	۳۵۰۱
۳۵۰۵	۳۵۰۰	۳۴۹۴	۳۵۰۶
۳۴۹۹	۳۵۰۲	۳۵۰۹	۳۴۹۵
۳۵۰۸	۳۴۹۶	۳۴۹۸	۳۵۰۳

(۲۸۹) **جنون کا مجرب تعویذ**

۷۸۶

موسیٰ الرضا بن الامام علی	حصنی لا الہ الا اللہ	علیہ وسلم صلی اللہ تعالیٰ	عنہم رضی اللہ تعالیٰ
جبرئیل قال حدثنی	بن ابی طالب عن ابیہ علی	موسیٰ الکاظم حدثنی ابی	رب العزۃ سمعت یقول قال
الحسین عن ابیہ	حبیبی قال حدثنی	ومن دخل حصنی امن من عذابی	الصادق جعفر عن ابیہ
دخل حصنی فمن قالہا	محمد الباقر عن ابیہ	زین العابدین عن ابیہ	رسول اللہ وقرۃ عینی

فالج ولقوہ

(۲۹۰) لقوہ وفالج۔ سورۂ زلزال لوہے کے برتن پر لکھ کر دھو کر پلائی جائے۔
دیگر ترکیب۔ سورۂ زلزلت لوہے کے برتن میں لکھ کر دیں کہ مریض اس کو دیکھے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

(۲۹۱) حفاظت از فالج ولقوہ نیز زخم چشم ومکروشر دشمناں وموذیات ودرد دل سے محفوظ رہے گا۔ اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ) الْمُحْسِنِیْنَ ۔ اس آیت کریمہ کو سونے کے وقت پڑھے۔ لقوہ وفالج سے محفوظ رہے گا اور جو شخص زعفران وگلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھے چشم کے زخم ومکروشر دشمناں اور سانپ بچھو اور مرض درد دل سے محفوظ رہے گا۔

طاعون اور وبا

(۲۹۲) دفع طاعون اور ہیضہ وبخار۔ یہ تعویذ اس طرح لکھا جائے اور اس کا باندھنا حافظ طاعون ہے اور ہر ایک تعویذ کے ساتھ شیرینی پر فاتحہ مولوی شکر اللہ صاحب ومولوی سکندر علی صاحب کی دلا کر باندھے۔

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

(۲۹۳) دفع وبا۔

یا لطیف لم یزل ⁂ الطف بنا فیما نزل
انت قوی بغنا ⁂ عن قہرک یوم الحلل
لی خمسۃ اطفی بہا ⁂ حر الوباء الحاطمہ

المصطفیٰ والمرتضیٰ ۞ وابناھما والفاطمۃ

لکھ کر مکان میں آویزاں کیا جائے اور گلے میں پہنا بھی جائے۔

(۲۹۴) چیچک۔ ۷۸۶ اے سیتلا ترا قاضی لمیب پرسی ودعا گفتی۔ اگر لڑکا ہو تو داہنے کان میں تین مرتبہ پڑھکر دم کریں اور شیرنی حسب مقدور پر فاتحہ حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ اور حضرت پیران پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی دلاکر بچوں کو تقسیم کردیں۔

(۲۹۵) چیچک جس وقت کہ بخار شروع ہوا اور چیچک کا شبہ ہو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا اور اگر نکلے گی تو بہت آسانی سے اور صحت نصیب ہوگی۔ یہ نقش بغیر نقطہ کے لکھا جائے گا اور اعداد صرف چال بتانے کے لئے ہیں۔

۷۸۶

۱۰ الحمد للہ	۵ رب العالمین	۳ الرحمن الرحیم	۱۵ مالک یوم الدین
۲ ایاک نعبد	۱۲ وایاک نستعین	۱۵ اھدنا الصراط	۷ المستقیم
۱۳ صراط الذین	۲ انعمت	۷ علیہم غیر المغضوب	۱۲ علیہم
۸ ولا الضالین	۱۱ آمین	۱۴ بسم اللہ	۱ الرحمن الرحیم

(۲۹۶) دیگر یہ نقش سورۂ فاتحہ مظہر و مضمر لکھ کر گلے میں باندھے خدا کے فضل سے چیچک نہ نکلے گی اور اگر نکل آئی ہو تو ایک گلے میں باندھے اور ایک نقش روزانہ دھوکر پلائے آخر الامر صحت نصیب ہوگی۔

۷۸۶ ۲۶۶

الحمد للہ رب العالمین	۳۲۱ الرحمن	۲۸۹ الرحیم	۲۲۱ مالک یوم الدین
۳۲ ایاک	۱۳۶ نعبد	۲۸ وایاک	۵۶۰ نستعین
۳۰۸ اھدنا الصراط	۶۸۱ المستقیم	۱۰۹۱ صراط الذین	۵۶۱ انعمت
۱۵۵ علیہم	۲۰۸۹ غیر المغضوب	۱۳۳۳ علیہم ولا الضالین	۱۰۱ آمین

(۲۹۷) چیچک کا مجرب عمل۔ گڑ کے تین ٹکڑے لیکر گولی بنالیں ہر ایک پر یہ آیت تین تین بار پڑھکر دم کریں اور مریض کو تین دفعہ میں کھلادیں انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن سے صحت ہوگی بسم اللہ الرحمن الرحیم عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ

وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

(۲۹۸) عطیہ از سید حسن رسول نما رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ نقش پہلی محرم کو لکھا جائے اور گلے میں ڈالے اور کبھی نہ اتارے انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا اور دوم خسرہ بچوں کو پہنا دیں۔

۷۸۶

۲۳۳	۲۳۱۶	۳۳۱۳	۲۰۳۰	۲۳۱۴
۲۳۹	۱۳۳	۲۳۱۵	۲۳۸	۲۳۱۱
۱۳۱۸	۲۳۵	۲۳۷	۲۳۱۷	۲۳۷
۳۱۲	لہ	♡	ھہ	۷

(۲۹۹) دیگر۔ نقش لکھ کر پرانے پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھے

۸۸، ههههه // × ۶۶۶۶۶۶۶

ھ د ص م

یہ نقش ہیضہ۔ اسہال قے وغیرہ میں بھی مفید ہے۔

امراض چشم

(۳۰۰) دعا برائے روشنی چشم آیۃ الکرسی ہر نماز کے بعد ایکبار پڑھی جائے اور نماز پنجگانہ کی پابندی کرے جن دنوں میں عورت کو نماز کا حکم نہیں ان میں بھی پانچوں نماز کے وقت آیت الکرسی اس نیت سے کہ اللہ کی تعریف ہے نہ اس نیت سے کہ کلام اللہ ہے پڑھ لے اور اس کلمہ پر پہونچے ولا یؤدہ حفظہما دونوں ہاتھوں کی انگلیاں آنکھوں پر رکھ کر اس کلمہ کو گیارہ بار کہے پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیرے۔

(۳۰۱) دیگر عمل۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نور، نور، نور، نور، نور۔ سپید چینی کی پلیٹ پر اسے اس طرح لکھیں کہ میم اور واو کے سر کھلے رہیں اور آب

زمزم شریف اور وہ نہ ملے تو آب باراں اور وہ نہ ملے تو آب جاری اور وہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھوکر دو سو چھپن مرتبہ اس پر یانور پڑھ کر دم کریں اول و آخر ۳-۳ بار یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرُ یَا نُوْرَ النُّوْرِ صَلِّ عَلٰی نُوْرِكَ النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ یہ پانی آنکھوں میں لگائیں اور باقی پی لیں یہ اعمال ایسے قوی التاثیر ہیں کہ اگر صدق اعتقاد ہو تو ان شاء اللہ گئی ہوئی آنکھیں واپس آجائیں۔

(۳۰۲) **روشنی چشم**۔ جس شخص کو ضعف بصر کی شکایت ہو وہ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ بعد نماز پڑھ کر پوروں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیر لیا کرے۔

(۳۰۳) **روشنی چشم**۔ سرمہ دانی میں ایک عدد لونگ مع پھول کے ڈالدیں ایک ماہ کے بعد نکال کر دوسری لونگ پھولدار ڈالیں اسی طرح ہر مہینے بدلتے رہیں اور وہی سرمہ روز لگائیں قوت بصر اتنی تیز ہوگی کہ چشمہ کی عادت چھوٹ جائے گی مجرب و آزمودہ ہے۔

(۳۰۴) **جملہ امراض چشم**۔ مستخرجہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھیں اور لکھ کر گلاب سے دھو کر آنکھوں میں لگائیں اور تھوڑا سا پی لیں۔ صبح و شام پڑھ کر دونوں پر دم کریں اور اپنی آنکھوں پر دم کرنا ہو تو شہادت کی انگلی پر دم کریں اور آنکھوں پر ملیں اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ۔

نور بسم اللہ الرحمن الرحیم نور نور

فکشفنا	عنک غطاءک	فبصرک	الیوم حدید
۳۹۳	۱۱۲	۵۳۲	۱۱۶۹
۱۱۱	۳۹۰	۱۱۷۲	۵۳۳
۱۱۷۱	۵۳۴	۱۱۰	شافی

(۳۰۵) **برائے حدت بصر**۔ اس نقش کو لکھ کر پانی سے دھو کر آنکھوں میں لگائیں مجرب ہے ←

۷۸۶

یا بصیر	یا بصیر	یا بصیر
یا سمیع	یا سمیع	یا سمیع
یا حکم	یا حکم	یا حکم

(۳۰۶) **دیگر** یا اھل یثرب لا مقام لکم فارجعوا ہ اسی طرح جیسا کہ اس سے پہلے والے عمل میں گزرا ہے عمل کریں۔

(۳۰۷) عمل دفع حدت بصر و درد چشم کیلئے مجرب ہے۔ یہ دعا سات بار پڑھ کر دم کریں۔ صحت ہوگی ان شاء اللہ العزیز الصمد بسم اللہ الرحمن الرحیم فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

دفع ہم وغم

(۳۰۸) دفع ہم وغم۔ سورۂ یوسف شریف کی اس طرح تلاوت کرے کہ جہاں جہاں حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام کا نام پاک آئے یا عزیز ۵۶ مرتبہ کہے بہت زیادہ موثر ہے۔

(۳۰۹) ہر غم وپریشانی فکر وتردد کے دفع کا عمل اور جمعیت خاطر نصیب ہونے کی دعا اس کے فوائد عجیبہ سے یہ ہے کہ اگر پہاڑ برابر بلا دریا کی مثل مصیبت اس دعا کے پڑھنے والے پر ہو اور تردد وافکار پیش آئیں ہرگز اس کا دل اس کے اثر سے متاثر نہ ہوگا اور دل جمعی رہے گی۔ چاہیے کہ بعد نماز فرض بعد سلام داہنا ہاتھ سر پر رکھ کر ایک بار یہ دعا پڑھے اس کے بعد دوسرے اذکار و دعا میں مشغول ہو دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحُزْنَ۔

(۳۱۰) ہر غم ومصیبت کے دور ہونے کا مجرب عمل۔ چاہیے کہ ان اشعار کو سو مرتبہ حضور قلب کے ساتھ پڑھے۔

وکم للّٰہ من لطف خفی ؞ یدق خفاہ عن فہم الزکی

وکم یسر اتی من بعد عسر ؞ ففرج کربۃ القلب الشجی

وکم امر تساء بہ صباحا ؞ وتاتیک المسرۃ بالعشی

اذا ضاقت بک الاحوال یوما ؞ فثق بالواحد الفرد العلی

توسل بالنبی فکل عبد ؞ یغاث اذا توسل بالنبی

(۳۱۱) **دفع وسواس** ۔ جس کو وسوسہ ہوتا ہو یعنی خیالات فاسد گزرتے ہوں اس کو چاہئے کہ ورد ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ کا رکھے وسوسہ دور ہوگا۔

(۳۱۲) **دفع وسوسہ وکاہلی وسستی** ۔ اس آیت کریمہ کو جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت گلاب وزعفران سے سات کاغذ کے ٹکڑے پر لکھے اور روزانہ ایک ایک دھو کر پی جائے سات دن تک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔

(۳۱۳) **برائے استقامت دل** ۔ اس دعا کو بعد ہر نماز کے ۱۱۔۱۱ بار پڑھے اور اس قدر نہ ہوسکے تو روزانہ صرف گیارہ بار پڑھے یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم۔

(۳۱۴) **برائے مغفرت** ۔ دو سو بار روزانہ باوضو پڑھے مولیٰ تعالیٰ چاہے تو اس کے پچاس سال کے گناہ معاف ہوں بشرطیکہ اس پر کوئی قرض نہ ہو اور اگر سوتے وقت داہنی کروٹ پر قبلہ رو سو بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ روز قیامت داہنی کروٹ ہی پر جنت میں داخل ہو قل ھو اللہ احد شریف

(۳۱۵) **صفائی قلب** ۔ آیت کریمہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے بہت زیادہ مفید ہے اور قلب کا مجلیٰ ہے۔

(۳۱۶) **برائے سوزش دل۔** جو شخص سورۂ والطارق کسی پینے کی چیز پر پڑھکر پی لے سوزش کے لئے بیحد مفید ہے۔

(۳۱۷) **زیادتی حفظ و قوت قلب۔** مشک و زعفران گلاب میں پیس کر سورۂ یٰسٓ شریف یا اس کا نقش ملاکر کھلائیں۔

(۳۱۸) **دیگر۔** ایک روٹی پکاکر اس کے دونوں طرف سورۂ قریش لکھکر کھلائیں صبح کے وقت۔

(۳۱۹) **برائے ہول دل و اختلاج قلب۔** اس نقش کو لکھکر گلے میں باندھیں کہ نقش دل پر رہے

۸۶

لاحول	ولاقوۃ	الاباللہ	العلی العظیم
العلی العظیم	الاباللہ	ولاقوۃ	لاحول
ولاقوۃ	لاحول	العلی العظیم	الاباللہ
الاباللہ	العلی العظیم لاحول	لاحول	ولاقوۃ

(۳۲۰) **صبر اور ثبات قدمی اور دلجمعی کیلئے** حروف بادی لکھ کر دھو کر پلائیں اور وہ یہ ہیں۔ ب۔ ی۔ و۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝

(۳۲۱) **ذہن کھولنے کیلئے۔** ہر روز سبق سے پہلے اکتالیس مرتبہ پڑھکر سبق شروع کریں۔ اِلٰهِيْ اَنْتَ اِلٰهٌ عَالِمٌ وَّاَنَا عَبْدُكَ جَاهِلٌ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْزُقَنِيْ عِلْمًا نَّافِعًا وَّفَهْمًا كَامِلًا وَّطَبْعًا زَكِيًّا وَّقَلْبًا صَفِيًّا حَتّٰى اَعْبُدَكَ وَلَا تُهْلِكْنِيْ بِالْجَهَالَةِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

(۳۲۲) **برائے قوت حافظہ مجرب۔** رات کو سوتے وقت سورۂ الم نشرح شریف سترہ بار پڑھکر سینہ پر دم کریں اور صبح کو اٹھکر سبق یاد کرنے سے پہلے سترہ بار پڑھ کر تھوڑے پانی پر دم کر کے پی لیں انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہوگا اور جو پڑھا جائے گا یاد رہے گا مجرب و آزمودہ ہے۔

(۳۲۳) نقش تطمئن القلوب۔ یہ نقش دل کی بیماریوں کے لئے ہے۔ چاہیئے کہ اس کی نقل کر کے چینی کی پلیٹ پر اکیس روز پلائے اگر پڑھنے سے بچہ بھاگے یا ماں باپ کا حکم نہ مانے شریر و آوارہ ہو تو اس نقش کو کندہ کرا کے بچے کے گلے میں ڈالے اور ہر روز اسی نقش کو دھو کر پلائے اسی طرح دل کی گھبراہٹ کے لئے پہنے اور دھو کر پیئے

۷۸۶

ی	د	ا	ھ
۵	۱	۴	۱۰
۴	۱۰	۵	۱
۱	۵	۱۰	۴

یا بدیع السموات والارض یا بارئ

(۳۲۴) دیگر۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم سلم قولا من رب رحیم دل مار اکن مستقیم بحق ایاک نعبد وایاک نستعین یا لطیف یا نور یا حق یا ھادی یا مبین یا صبور وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وسلم بہتر ہے کہ اوپر والے نقش کے ساتھ اس دعا کو بھی پہنائیں اور پلائیں۔

بدخوابی وغیرہ

(۳۲۵) بدخوابی کے لئے۔ یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں موم جامہ کر کے مجرب ہے بفضل خدائے تعالیٰ

۷۸۶

عم	۲	۸	۲
۸	۲	عم	۲
۲	[illegible]	۲	عم
۲	عم	۲	۸

(۳۲۶) نیند میں چونکنے اور رونے کے لئے

یہ دونوں دعائیں لکھ کر گلے میں ڈالیں اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ من ھمزات الشیطن وان یحضرون ۔ اعوذ

بکلمات اللّٰہ التامۃ من کل عین لامۃ و شر شیطان وھامۃ۔

(۳۲۷) **برائے دفع کثرت احتلام**۔ سورۂ نوح شریف پڑھکر سوئے تو احتلام سے محفوظ رہے گا اور سوتے وقت حضرت عمر فاروق اور مولیٰ علی کا نام سینے پر انگلی سے لکھ لیا کرے۔

۷۸۶

بحق عمر فاروق	بحق ابابکر صدیق
از حیاء عثمان بیاید	بگریزد شیطان لعین

پیش من بہ ہیبت علی شیر حیدر

(۳۲۸) **ایضاً** مجرب ہے اس نقش کو لکھکر موم جامہ کرکے کمر میں باندھے۔

(۳۲۹) **نیند سے بیدار ہونے کی دعا**۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا تا آخر سورت پڑھکر دعا کرے کہ فلاں وقت میں بیدار ہو جاؤں اسی وقت آنکھ کھلے گی انشاء اللّٰہ تعالیٰ مجرب ہے۔

(۳۳۰) **مسک الماء**۔ اس نقش کو لکھ کر زبان کے نیچے رکھے اگر خلاصی چاہے نقش نکال دے

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

(۳۳۱) **ایضاً** مثل سابق اثر رکھتا ہے

۸۹ ط ا ط ۹ اا اا

۹ ط ط ۹ ااا ۸

(۳۳۲) **برائے امساک** یہ دونوں نقش لکھ کر کمر میں باندھے مجرب و آزمودہ ہے۔

ایک طرف

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

۷۸۶ دوسری طرف

۲	۲	۳۲	ع ۳	عہ	۳۴
۹	۹	۹	۸	ع ۵	ع ۲
۲۳	عہ ۳	عہ ۱	۹۹	۸۸۳	۲۲

دردِ ناف

(۳۳۳) **دردِ ناف**۔ یہ آیت کریمہ لکھ کر ناف پر باندھے وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۔

(۳۳۴) **نقش ہر کام کیلئے**۔ خصوصاً درد ناف کے لئے مرد داہنے ہاتھ میں اور عورت بائیں ہاتھ میں باندھے ناف اسی وقت اپنے مقام پر آجائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

(۳۳۵) **برائے ناف**۔ بدھ کے دن بعد زوال لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے ←

۳۸۱۶	۳۸۱۹	۳۸۲۲	۳۸۰۹
۳۸۲۱	۳۸۱۰	۳۸۱۵	۳۸۲۰
۳۸۱۱	۳۸۲۴	۳۸۱۷	۳۸۱۴
۳۸۱۸	۳۸۱۳	۳۸۱۲	۳۸۲۳

(۳۳۶) **ایضاً** اس نقش کو اس طرح تحریر کریں کہ ح کے حلقہ کو لکھتے وقت حبس دم کر کے لکھیں اور ایک سانس میں لکھیں اور درد کی جگہ باندھیں۔ ←

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا بدوح طلمہ حسہ یا بدوح طلمہ حسہ
یا بدوح

(۳۳۷) **برائے درد ناف مفید و مجرب ہے** ←

امرہ	علی	غالب	واللہ
ولکن	امرہ	علی	غالب
اکثرالناس	ولکن	امرہ	علی
لایعلمون	اکثرالناس	ولکن	امرہ

(۳۳۸) **درد ناف**۔ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد والہ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى صلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد والہ اجمعین ۰

برص و یرقان

(۳۳۹) **برص و یرقان**۔ سورہ بیّنہ پڑھ پڑھ کر برص و یرقان والے پر دم کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں کھانے پر دونوں وقت یہ سورت صحیح خواں سے پڑھوا کر

دم کر کے کھلائیں خدا چاہے بہت زیادہ فائدہ ہو۔

(۲۴۰) دفع یرقان۔ سورۂ یٰسٓ مٹی کی رکابی پر کندہ کر کے دیں کہ چالیس شب و روز کا کھانا اسی میں لے کر کھائے۔ رکابی دھوئی نہ جائے ہاں نوالہ سے اس قدر صاف کر لیں کہ دھونے کی حاجت نہ رہے۔

ترقی روزی و روزگار و حصول غنا

(۲۴۱) وسعت رزق۔ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ پانچسو بار اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار بعد نماز عشا قبلہ رو باوضو ننگے سر ایسی جگہ جہاں سر اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ یہاں تک کہ سر پر ٹوپی بھی نہ ہو۔ پڑھا کریں۔

(۲۴۲) کشادگی رزق اور روزگار کے لئے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔ سو بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف وقت فجر درمیان سنت و فرض پڑھا کریں۔

(۲۴۳) ترقی رزق۔ روزیہ نقش لکھکر دو ایک لونگ اور ذرا سی شکر سرخ اس میں رکھ کر لکڑی کی آگ میں جلائے یا کنویں کے اندر ڈالے اور فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے۔

فلاں ۷۸۶ بن فلاں

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

(۲۴۴) وسعت رزق کا مجرب عمل۔ سورۂ نصر کی تلاوت بعد نماز فجر اکیس ۲۱ بار بعد نماز ظہر بائیس ۲۲ بار اور بعد نماز عصر تیئس ۲۳ بار بعد نماز مغرب چوبیس ۲۴ بار بعد نماز عشا پچیس ۲۵ بار اور اتنا ہی اول و آخر درود شریف۔ کشائش رزق کے لئے بیحد مفید ہے سورۂ نصر سورہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ الآیہ ہے۔

(۳۴۵) **وسعت رزق کا مجرب عمل**۔ اس دعا کی دعوت وسعت رزق کے لئے اور برکت کے واسطے اکسیر اعظم ہے اور بزرگان دین نے پڑھا ہے اور اس کی برکت سے دین و دنیا کی ترقی ملی ہے۔ عروج ماہ ثابت میں شروع کرے تعداد زکات ایک ہزار ایک بار ہے۔ جس مدت میں چاہیں پڑھیں۔ مگر طاق ایام ہوں ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۱۱، اور کسر آخر دن اضافہ کر کے پڑھیں۔ بعد ادائیگی زکات ہر روز عمل کے اثر کو باقی رکھنے کے لئے ایک بار یا تین بار بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں۔ پرہیز جمالی و جلالی دونوں رکھیں اور ممکن نہ ہو تو صرف جمالی بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد و علی آل سیدنا و مولانا محمد وبارک وسلم وَبِكَ أَسْتَغِيثُ فَأَغِثْنِي وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ فَاكْفِنِي يَا كَافِيْ أَكْفِنِي الْمُهِمَّاتِ مِنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَيَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَيَا رَحِيْمَهُمَا أَنَا عَبْدُكَ بِبَابِكَ ٥

(۳۴۶) **تلاش معاش**۔ سورۂ اخلاص کا پڑھنا تلاش معاش کے لئے مع بسم اللہ ایک ہزار ایک بار اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ عروج ماہ میں نہایت موثر ہے۔

(۳۴۷) **برائے کشائش**۔ بعد نماز عشاء وتر سے پہلے دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد یَا لَطِيْفُ سو بار اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار اور الٹے ہاتھ کو سینہ پر گردن کے پاس رکھے مجرب ہے۔

(۳۴۸) **دیگر**۔ عروج ماہ میں پہلی شب سے شروع کرے ہر روز بعد نماز عشا اول و آخر درود شریف ۳۔۳ بار اور بہتر بار یہ پڑھے یا باسط الذی یبسط الرزق لمن یشآء بغیر حساب (ہر روز ایک چلہ کرے) پھر تاثیر ملاحظہ کریں۔

(۳۴۹) **دفع محتاجی کا عمل**۔ سورۂ فلق ہر روز تیس بار پڑھے محتاج نہ ہوگا۔

(۳۵۰) **فراخئ رزق کا بہترین عمل**۔ مجرب ہے بفضل خدا۔ سنت و وتر کے درمیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۸۶، مرتبہ پڑھے اس کے بعد کھڑے ہو کر ہزار بار یا رَبِّ پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار بیحد کشائش ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۳۵۱) دفع محتاجی۔ روزآنہ بعد نماز عشا سورۃ واقعہ پڑھنا بیحد مفید ہے اور اس کے عامل کو انشاء اللہ کبھی محتاجی نہ آئے گی۔

(۳۵۲) ترقی دوکان کیلئے یہ نقش مجرب ہے

اللہ الذی سخر لکم البحر لتجری ۴۸۷

۳۱۱۳	۳۱۱۶	۳۱۱۹	۳۱۰۵
۳۱۱۸	۳۱۰۶	۳۱۱۲	۳۱۱۷
۳۱۰۷	۳۱۲۱	۳۱۱۴	۳۱۱۱
۳۱۱۵	۳۱۱۰	۳۱۰۸	۳۱۲۰

(۳۵۳) برائے برکت۔ مال و زر میں برکت کے لئے اس نقش کو لکھ کر مال کے اندر رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ نقش یہ ہے ←

یا عزیز

العزیز	العزیز	العزیز	العزیز

(۳۵۴) برائے فتوح۔ ہر روز بعد عشا یا صبح سات نقش لکھ کر بیس مرتبہ یہ دعا پڑھے یا جبرئیل یا دردائیل یا رفائیل یا تنکفیل بحق یا بدوح ۴۰ دن بعد ان نقوش کو جمع کر کے آٹے کی گولی بنا کر دریا میں ڈالے ←

یابدوح یاجبرئیل یابدوح

<table>
<tr><td>۱۰</td><td colspan="2">۹</td><td>۱</td></tr>
<tr><td rowspan="2">۶</td><td>۲</td><td>۷</td><td rowspan="2">۱۴</td></tr>
<tr><td>۸</td><td>۳</td></tr>
<tr><td>۴</td><td colspan="2">۱۱</td><td>۵</td></tr>
</table>

(۳۵۵) برائے ترقی و فتوح۔ اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے اور ایک نقش کاغذ پر لکھ کر فریم کرا کے دوکان یا مکان میں لٹکائے اور ہر ایک اسم کو ان کے اعداد کے موافق بعد نماز عشا یا فجر کے پڑھتا رہے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار ضروری ہے۔

نقش یہ ہے ←

۴۸۶

یاباسط	یافتاح	یارزاق	یاغنی
یاغنی	یارزاق	یافتاح	یاباسط
یافتاح	یاباسط	یاغنی	یارزاق
یارزاق	یاغنی	یاباسط	یافتاح
۴۲	۴۸۹	۳۰۸	۱۰۶۰

(۳۵۶) نقش یامنان برائے وسعت رزق

یہ نقش چاندی کے پتر پر شرف آفتاب میں کندہ کرا کے انگوٹھی میں پہنے یا گلے میں پہنے ←

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یامنان ذاالاحسان قد علم کل
الخلائق منہ یامنان

(۳۵۷) برائے فتوح و دست غیب

اگر کوئی پریشان حال ہو اور خرچ نہ رکھتا ہو اسے چاہئے کہ ان دونوں نقشوں کو لکھ کر فتیلہ بنائے اور نئے چراغ میں خوشبو دار تیل ڈالکر روشن کرے اور اس کی روشنی میں ان چاروں اسماء کو سوسو بار پڑھے اول و آخر ۷۔۷ مرتبہ درود شریف اسی طرح اکیس دن متواتر پڑھے اور شرائط دعوت مثل ترک حیوانات وغیرہ کے ساتھ عمل کرے وہ اسماء یہ ہیں ←

۷۸۶

۳۸۳	۳۸۶	۳۸۹	۳۷۴
۳۸۸	۳۷۶	۳۸۲	۳۸۷
۳۷۷	۳۹۱	۳۸۴	۳۸۱
۳۸۵	۳۷۹	۳۷۸	۳۹۰

عبدالکریم مغربی رحمۃ اللہ علیہ

(۳۵۸) برائے فتوح وکشائش رزق مجرب

دعوت اسم رزاق کشائش رزق کے لئے یہ ہے چاہئے کہ تبیس ۳۲ روز ہر دن سولہ نقش اسم رزاق کے لکھے اور ہر نقش پر یا اموا کیل بحق یا رزاق تین سو آٹھ بار پڑھکر علیحدہ علیحدہ دم کرتا رہے اور ہر روز نقش کی گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈالے بعد اختتام دعوت روزانہ دو نقش لکھ کر ہر ایک پر وہی عمل کر کے ایک نقش عمامہ میں یا ٹوپی میں رکھے اور دوسرا مصلے کے نیچے روزمرہ کا خرچ ملے گا سولہویں خانہ میں کہ خالی ہے نقش کے اعداد زیر نقش لکھے اور اس خانے میں روزانہ جسقدر خرچ کی ضرورت ہو وہ تعداد لکھے یہ نقش بہت سے بزرگوں کا آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	خانہ مطلب	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

۸۵

(۳۵۹) خزانہ غیب سے روزی پہونچنے کا مجرب عمل۔ جہاں سے وہم وگمان نہ ہو اس جگہ سے روزی ملے گی۔ اول درود مستغاث ایکبار پڑھے اس کے بعد آیۃ کریمہ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ه ایک ہزار ایک بار پڑھے پھر ایک بار درود مستغاث اسی طرح چالیس دن وقت مقررہ پر پڑھے خواہ بوقت صبح یا بوقت شام مگر رات بہتر ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کا اثر پانچویں یا چھٹے دن ظاہر ہو جائے گا کہ غیب سے روزی ملے گی مگر لانے والے سے کچھ نہ پوچھے اور مزاحمت نہ کرے کہ تم کون ہو اور کہاں سے آئے ہو۔ بعد اختتام دعوت کے اول و آخر درود شریف اور دس مرتبہ آیت کریمہ ہر نماز کے بعد پڑھا کریں تاکہ عمل باقی رہے اور اگر یہ میسر نہ ہو تو صرف ایک بار نماز کے بعد پڑھا کریں اور یہ عمل بروج ثابت میں عروج ماہ میں کریں۔ (نوٹ) سال میں چار مہینے ثابت اور چار منقلب اور چار ذوجسدین کے ہوتے ہیں۔ ثابت یہ ہیں جیٹھ، بھادوں، اگھن، پھاگن منقلب۔ ذوجسدین کا بیان آگے آئے گا۔

(۳۶۰) واسطے دولت مند ہونے کے۔ اور جس کے پاس دلہن کے جہیز کی استطاعت نہ ہو۔ غسل کرکے پھر کامل وضو کر کے دو رکعت نماز غایت عجز کے ساتھ ادا کرے پھر ایک سو مرتبہ یَا لَطِیْفُ وَیَا کَافِیْلُ پڑھ کر یہ کلمات کہے یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْنِیْ بِلُطْفِکَ یَا لَطِیْفُ اور پڑھنے کے وقت اس نقش پر نظر رکھے چند روز کی مداومت سے تمام مرادیں پوری ہوں گی اور اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے نقش یہ ہے ←

۸۶

ف	ی	ط	ل
ل	ط	ی	ف
ی	ف	ل	ط
ط	ل	ف	ی

(۳۶۱) مال کی زیادتی کے لئے۔ لکھ کر گولک یا جیب میں رکھے کبھی گولک خالی نہ ہوگی اور موکل کے نام کو پشت پر لکھے نام موکل کا یہ ہے "یا دردائیل"

۳۰۱۹	۳۰۰۳۲	۳۰۰۲۹	۳۰۲۶
۳۰۳۰			۳۰۳۱
۳۰۲۴			۳۰۲۱
۳۰۳۳	۳۰۰۲۲	۳۰۰۲۳	۳۰۲۸

(۳۶۲) مال میں برکت کا مجرب۔

عمل۔ تین نقش لکھے ایک گلے میں ڈالے دوسرا جہاں روپئے پیسے رکھتا ہو تیسرا دوکان یا مکان میں آویزاں کرے مال میں برکت ہو نقش یہ ہے ←

ادائے دین

(۳۶۳) ادعیہ برائے ادائے دین۔ اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تُعْطِیْھِمَا مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ نماز جمعہ کے بعد ستر بار اول و آخر درود شریف ۳۔۳ بار۔

کے ساتھ پڑھے۔ اور کسر آخری دن میں پورا کرے اول و آخر درود شریف دس دس مرتبہ آخر میں یہ دعا ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم تین بار پڑھے۔

قصیدہ بردہ شریف

(۷۰۵) قصیدہ بردہ شریف مقبول بارگاہ حضور سید الکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اکثر علماء واولیاء اس کی برکت سے مستفید ہوئے ہیں اور زیارت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے ہیں یہ قصیدہ حمیدہ حضرت شرف الدین ابوعبداللہ بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصنیف ہے۔ آپ کی پیدائش سنہ ۶۰۸ھ ہے اور وفات سنہ ۶۹۴ھ ہے۔ اور سبب تالیف اس قصیدہ کے شروع میں مذکور ہے۔ شائقین وہاں سے معلوم کریں۔ بعض خواص اس کے درج ذیل ہیں ناظرین اس سے فائدہ اٹھائیں۔ جملہ حاجات ظاہری و باطنی کے لئے اکسیر ہے۔

اول برائے زیادتی عمر۔ ایک ہزار بار، دوم برائے دفع بلا ۱۱ بار، سوم برائے دفع قحط ۳۰ بار، چہارم برائے زیادتی نعمت و دولت ۷ بار، پنجم برائے آسانی آبلہ اکتالیس بار، ششم جملہ بلاؤں سے حفاظت کے لئے ایکبار روزانہ، ہفتم بانجھ عورت کے لئے سولہ بار پڑھ کر دم کرے اور پانی پر دم کر کے پلائے۔

ہشتم۔ ایک مرتبہ پڑھکر بچے پر دم کرے تو عمر دراز ہو اور بلاؤں سے محفوظ رہے۔

نہم۔ لڑکیوں کے بخت کھولنے کے لئے شب جمعہ عروج ماہ میں بعد نماز عشاء سترہ بار پڑھکر دعا کرے یہ عمل سات جمعہ کرے۔

دہم۔ سونے کے وقت جس مقصد کی نیت سے پڑھکر سو جائے اس کے اچھے برے ہونے کی اطلاع ہو جائے گی

یازدہم۔ دشمنوں کے دفع کے لئے پرانے قبرستان میں جاکر اکتالیس بار چالیس دن تک پڑھے۔

دوازدہم۔ قوت حافظہ کے لئے ایک بار گلاب پر پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔

سیزدہم۔ ہر مشکل امر کے لئے تین روز روزہ رکھے اور ہر روز اکیس بار پڑھے وہ مشکل آسان ہوگی

چہاردہم۔ اس قصیدہ مبارکہ کو مشک و زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھنے سے

جملہ بلاؤں سے نجات ہوگی۔

پانزدھم۔ اس قصیدۂ مبارکہ کو کمال ادب واحتیاط سے تین مرتبہ پڑھے زیارت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔

شانزدھم۔ اور اس قصیدۂ مبارکہ کو پڑھکر گلاب پر دم کر کے اپنے کپڑے پر چھڑک لے تو لوگوں کی نظر میں عزیز ومکرم ہوگا۔

ھفدھم۔ سفر میں ایک مرتبہ پڑھنے سے صعوبت سفر سے نجات رہے گی۔

ھیجدھم۔ جملہ حاجات کے لئے جمعہ کی رات میں ۲۷ مرتبہ پڑھکر حلوا پر نیاز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دلائے وہ حاجت پوری ہوگی۔

نوزدھم۔ طاعون اور وبائی امراض کے دفع کے لئے ہر روز تین مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

بستم۔ اس کی کثرت سے زیارت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا اور قبر میں زیارت نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے مستفیض ہوگا۔

بست ویکم۔ جس مکان میں یہ قصیدۂ مبارکہ پڑھا جائے سات چیزوں سے محفوظ رہے گا۔ ۱ آسیب وجن وغیرہ اس گھر سے بھاگ جائیں گے ۲ مرض آنکھ سے نجات ہوگی ۳ وبا سے نجات ملے گی ۴ زخم چشم نہ ہوگا ۵ مرض برص ۶ اچانک موت سے نجات ہوگی ۷ دین دنیا کا نقصان نہ ہوگا۔

بست دوم۔ جس کو کسی کام میں نقصان ہوتا ہو وہ اکتالیس روز تک پڑھے۔

بست وسوم۔ درد چشم ودرد قولنج ودرد شکم کے دفع کے لئے روز گیارہ بار پڑھے۔

بست وچھارم۔ ادائیگی قرض کے لئے اکہتر ایک بار پڑھے۔

بست وپنجم۔ گلاب پر تین بار دم کر کے دردزہ والی عورت کی پیٹھ پر پانی مل دے فوراً بچہ پیدا ہوجائے گا اور بچہ کو اسی پانی سے غسل دے کر پھر دوسرے پانی سے نہلائیں تو بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا مگر ایسی جگہ نہلائیں کہ پانی پر کسی کا پیر نہ پڑے۔

بست وششم۔ اس قصیدہ کو پڑھنے سے کشتی وجہاز ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

بست وھفتم۔ قید سے نجات پانے کے لئے تین مرتبہ اس قصیدہ کا پڑھنا مفید ہے۔

بست وھشتم۔ اگر کوئی شخص غائب ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ زندہ ہے یا مر گیا۔ تو بدھ کی رات میں تین مرتبہ پڑھکر سو جائے اس کا حال معلوم ہوگا۔

بست ونہم۔ جو زمین قابل زراعت نہ ہو اس کے لئے اس قصیدہ کو تین بار پڑھکر پانی یا بیج پر دم کرکے اس زمین میں ڈالیں۔

سی ام۔ گناہوں کی مغفرت کے لئے شب جمعہ میں تین بار پڑھے انشاء المولیٰ تعالیٰ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے اور فراخی رزق کے لئے ایک چلہ ایکسو تیس ۱۳۰ بار پڑھے پھر روزانہ ایک مرتبہ۔

اسلامک پبلشر کی اہم مطبوعات

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
سیرت الرسول المعروف ضیاء النبی	1800/-	طیب الوردہ شرح قصیدہ بردہ	80/-
موطا امام محمد	225/-	رفع یدین اور آمین کے احکام	8/-
شمائل ترمذی	250/-	احکام قربانی وعقیقہ	10/-
غنیۃ الطالبین	150/-	ضیاء الحدیث	55/-
تاریخ الخلفاء	150/-	مزارات اولیاء اور توسل	30/-
علم خیر الانام	90/-	اسلام اور عصری ایجادات	35/-
جنتی زیور	90/-	دیوبند سے بریلی تک	20/-
سیرت مصطفےٰ	120/-	تفسیر سورۃ الفاتحہ	15/-
سامان آخرت	100/-	رسول اللہ ﷺ کی بچوں سے محبت	15/-
ایمان تقریریں	70/-	کتاب الصلوٰۃ	16/-
قرآنی تقریریں	70/-	جمال مصطفےٰ	40/-
حقانی تقریریں	70/-	مجدد الف ثانی	40/-
نوارنی تقریریں	70/-	راہِ حق	15/-
عرفانی تقریریں	70/-	حدیث نبوی	35/-
جہنم کے خطرات	50/-	نزھۃ المجالس (اوّل)	165/-
مسائل قرآن	70/-	نزھۃ المجالس (دوم)	165/-
کرامات صحابہ	60/-	تعلیمات اعلیٰ حضرت	40/-
روحانی حکایات	100/-	عقیدۂ علم غیب	18/-
غرائب القرآن	50/-	قصیدہ بردہ شریف مترجم	18/-
عجائب القرآن	50/-	شفاعت رسول	25/-
سیرت غوث پاک	50/-	فضائل نعلین حضور	60/-
اعمال رضا	75/-	نماز پڑھنے کا آسان طریقہ	10/-
احکام شریعت	60/-	مسائل حج وزیارت المعروف انوار البشارۃ	15/-
قانون شریعت (مکمل جلد)	100/-	درس القرآن	40/-

Scanned by CamScanner

پیش لفظ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ الْكَرِيْمِ السَّتَّارِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ السَّيِّدِ الْاَبْرَارِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ وَعَلٰى مَنِ اتَّبَعَهُمْ مِّنَ التَّابِعِيْنَ وَالصُّلَحَاءِ الْمُهْتَدِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔

امابعد رب کریم کا فضل عمیم ہے کہ مجموعہ اعمال رضا حصہ سوم ناظرین کی خدمت میں پیش کرنیکی سعادت حاصل کر رہا ہوں اس حصہ کی ترتیب کافی عرصہ سے مکمل ہو چکی تھی مگر کتابت کی دشواریوں کے سبب ابتک منظر عام پر نہ آسکا حصہ اول و دوم کی اشاعت کئی بار ہو چکی ہے۔ اور ناظرین اس سے مستفید ہوئے ان ہی کے اصرار کے سبب حصہ سوم کو مرتب کیا گیا ہے بعض احباب نے اس جانب توجہ دلائی کہ مجموعہ اعمال رضا میں مزید تصحیح کی ضرورت ہے اور پھر سے کتابت کرائی جائے اور عمدہ کتابت و طباعت کے ساتھ پیش کیا جائے اس بنا پر حصہ اول و دوم کی دوبارہ کتابت کرا کے اور تینوں حصوں کو یکجا کر کے مجلد کرانے کا عزم مصمم ہے اور انشاء اللہ آئندہ ایڈیشن اسی طرح پیش کیا جائے گا۔

حصہ سوم میں اسمار حسنٰی باری تعالی کے خواص اور قرآن عظیم کی ایک سو چودہ سورتوں کے خواص اور ان کے نقوش درج ہیں اور چہل و یک اسمائے خواص و فوائد نقوش مذکور ہیں نیز درود مستغاث۔ دعائے مغنی۔ مسبعات عشر کے فوائد بھی درج ہیں۔ بہر حال یہ حصہ خواص و عوام کیلئے اکسیر ہے اس حصے کی تیاری میں مجموعہ اعمال قلمی۔ کاشف الاستار شریف۔ انوار احمدیہ نی معمولات العزیزیہ وغیرہ سے مدد لی گئی ہے اور تصحیح کا خاص خیال رکھا گیا ہے پھر بھی اگر ارباب علم و نظر کو کوئی خامی نظر آئے تو براہ کرم مطلع کر دیں تاکہ تصحیح کرا دی جائے۔ مولیٰ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کو شرف قبولیت فرمائے۔

قاضی محمد عبد الرحیم بستوی

اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ

۱ اللہ ۶۶ خدا	۲ رحمٰن ۲۹۸ بہت مہربان	۳ رحیم ۲۵۸ رحم والا	۴ ملک ۹۰ بادشاہ
۵ قدوس ۱۷۰ نہایت پاک	۶ سلام ۱۳۱ سلامتی دینے والا	۷ مؤمن ۱۳۶ امان بخشنے والا	۸ مہیمن ۱۴۵ حفاظت فرمانیوالا
۹ عزیز ۹۴ عزت والا	۱۰ جبار ۲۰۶ عظمت والا	۱۱ متکبر ۶۶۲ بڑائی والا	۱۲ خالق ۷۳۱ پیدا کرنے والا
۱۳ باری ۲۱۳ بنانے والا	۱۴ مصور ۳۳۶ ہر ایک کو صورت دینے والا	۱۵ غفار ۱۲۸۱ بڑا معاف فرمانیوالا	۱۶ قہار ۳۰۶ غالب
۱۷ وہاب ۱۴ بہت دینے والا	۱۸ رزاق ۳۰۸ بہت روزی دینے والا	۱۹ فتاح ۴۸۹ مصیبت کھولنے والا	۲۰ علیم ۱۵۰ علم والا
۲۱ قابض ۹۰۳ تنگی کرنے والا	۲۲ باسط ۷۲ کشائش کرنیوالا	۲۳ خافض ۱۴۸۱ پست کرنے والا	۲۴ رافع ۳۵۱ بلند کرنے والا
۲۵ معز ۱۱۷ عزت دینے والا	۲۶ مذل ۷۷۰ ذلت کرنے والا	۲۷ سمیع ۱۸۰ سننے والا	۲۸ بصیر ۳۰۲ دیکھنے والا
۲۹ حکم ۶۸ حکم کرنے والا	۳۰ عدل ۱۰۴ عدل فرمانے والا	۳۱ لطیف ۱۲۹ پاک بڑا باریک بیں	۳۲ خبیر ۸۱۲ خبردار

نمبر	اسم	نمبر	اسم	نمبر	اسم	نمبر	اسم
۳۳	حلیم ۸۸ حلم والا	۳۴	عظیم ۱۰۲۰ بڑائی والا	۳۵	غفور ۱۲۸۶ بخشنے والا	۳۶	شکور ۵۲۶ قدر فرمانے والا
۳۷	علی ۱۱۰ بلند	۳۸	کبیر ۲۳۲ بڑائی والا	۳۹	حفیظ ۹۹۸ حفاظت والا	۴۰	مقیت ۵۵۰ روزی دینے والا
۴۱	حسیب حساب لینے والا	۴۲	جلیل ۷۳ جلال والا	۴۳	کریم ۲۷۰ کرم فرمانیوالا	۴۴	رقیب ۳۱۲ نگہبانی والا
۴۵	مجیب ۵۵ دعا سننے والے	۴۶	واسع ۱۳۷ وسعت دینے والا	۴۷	حکیم ۷۸ حکمت والا	۴۸	ودود ۲۰ محبت والا
۴۹	مجید ۵۷ بزرگی والا	۵۰	باعث ۵۷۳ مردہ کا زندہ کرنیوالا	۵۱	شہید ۳۱۹ نگہبان	۵۲	حق ۱۰۸ سچائی والا
۵۳	وکیل ۶۶ کارساز	۵۴	قوی ۱۱۶ زبردست	۵۵	متین ۵۰۰ قدرت والا	۵۶	ولی ۴۶ وارث خلق
۵۷	حمید ۶۲ سب خوبیوں سراہا	۵۸	محصی ۱۴۸ گھیرنے والا	۵۹	مبدی ۵۶ ظاہر فرمانیوالا	۶۰	معید ۱۲۴ دوبارہ پیدا فرمانیوالا
۶۱	محی ۶۸ زندہ کرنیوالا	۶۲	ممیت ۴۹۰ موت دینے والا	۶۳	حی ۱۸ زندہ	۶۴	قیوم ۱۵۶ قائم رکھنے والا
۶۵	واجد ۱۴ پانے والا	۶۶	ماجد ۴۸ بزرگی والا	۶۷	واحد ۱۹ ایک ۔ یکتا	۶۸	صمد ۱۳۴ بے نیاز
۶۹	قادر ۳۰۵ قدرت والا	۷۰	مقتدر ۷۴۴ قدرت والا	۷۱	مقدم ۱۸۴ بڑھانے والا	۷۲	مؤخر ۸۴۶ پیچھے کرنے والا

نمبر	اسم	عدد	معنی
۷۳	اول	۳۷	قدیم ہر شی سے پہلے
۷۴	آخر	۸۰۱	ہمیشہ رہنے والا
۷۵	ظاہر	۱۱۰۶	ہر شی پر غالب
۷۶	باطن	۶۲	ہر شی کا جاننے والا
۷۷	والی	۴۷	کام بنانے والا
۷۸	متعال	۵۵۱	بلندی والا
۷۹	بر	۲۰۲	نیکوکار
۸۰	تواب	۴۰۹	بہت توبہ قبول کرنیوالا
۸۱	منتقم	۶۳۰	بدلہ لینے والا
۸۲	عفو	۱۵۶	معاف کرنیوالا
۸۳	رؤف	۲۸۶	بہت مہربان
۸۴	مالک الملک	۲۱۲	ملک کا مالک
۸۵	ذوالجلال والاکرام		عظمت اور بزرگی والا
۸۶	مقسط	۲۰۹	انصاف کرنیوالا
۸۷	جامع	۱۱۴	جمع کرنے والا
۸۸	غنی	۱۰۶۰	بے نیاز
۸۹	مغنی	۱۱۰۰	بے پرواہ کرنیوالا
۹۰	مانع	۱۶۱	روکنے والا
۹۱	ضار	۱۰۰۱	نقصان پہنچانیوالا
۹۲	نافع	۲۰۱	نفع پہنچانے والا
۹۳	نور	۲۵۶	روشن کرنیوالا
۹۴	ہادی	۲۰	ہدایت کرنے والا
۹۵	بدیع	۸۶	بغیر نمونہ کے پیدا کرنیوالا
۹۶	باقی	۱۱۳	ہمیشہ رہنے والا
۹۷	وارث	۷۰۷	مالک
۹۸	رشید	۵۱۴	سیدھی تدبیر والا
۹۹	صبور	۲۹۸	بڑا تحمل کرنیوالا
۱۰۰	مغیث	۱۵۵۰	مددگار
۱۰۱	کافی	۱۱۱	کفایت کرنیوالا
۱۰۲	دافع	۱۵۵	دفع کرنے والا
۱۰۳	احد	۱۳	اکیلا
۱۰۴	منعم	۲۰۰	بخشش کرنیوالا
۱۰۵	معطی	۱۲۹	عطا کرنے والا

اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ امام ترمذی نے اس روایت کی تخریج فرمائی ہے ولید بن مسلم سے انھوں نے شعیب بن ابی حمزہ سے وہ ابی الزناد سے

وہ اعرج سے وہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے وہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور اس میں مذکورہ بالا ننانوے اسماء ہیں اور دوسری روایت بھی اسی طرح ہے مگر اس کے آخر میں کافی زیادہ ہے اور کہا گیا ہے کہ نصیبی کی روایت میں مقیت کے بدلے مغیث ہے اور بعض روایتوں میں مانع کے بجائے دافع ہے۔

اقول ویدل علیہ قولہ تعالیٰ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰہِ النَّاسَ بَعْضَھُمْ بِبَعْضٍ وقولہ اِنَّ اللّٰہَ یُدٰفِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ اور در منثور اور جامع کبیر میں ۳ ناموں کا اضافہ ہے۔ ۱۔۲۔۳۔ احد صمد سے پہلے اور منتقم سے پہلے ۴۔ امنیعم اور مانع سے پہلے ۵۔ معطی ۱۲۹ ہے۔

فوائد و خواص اسمائے حسنیٰ باری تعالیٰ

قال اللّٰہ تعالیٰ اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا اور اللہ ہی کے بہترین نام ہیں تم ان ناموں کے ذریعہ اسے پکارو اور حدیث شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا ان اللّٰہ تعالیٰ تسعۃ وتسعین اسماء من احصاھا وقرأھا وعمل بھا دخل الجنۃ (ترمذی و مشکوٰۃ شریف)

یعنی بیشک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو شخص انھیں یاد کرے گا اور پڑھے گا اور عمل کرے گا جنت میں داخل ہوگا۔ حضرات مشائخ کرام نے ہر ایک نام مبارک کی خاصیت اور پڑھنے کی ترکیب بیان فرمائی ہے اگرچہ وہ خواص اور ترکیب کتب حدیث میں وارد نہیں

ہیں مگر مجتہدین طریقت کو یہ خاصیتیں مکشوف ہوئی ہیں اور ان حضرات نے انھیں اپنی کتابوں میں تحریر فرمایا ہے تاکہ طالب صادق ان فیوض و برکات سے محروم نہ رہے حضرت شیخ محقق عبدالحق دہلوی قدس سرہٗ کا رسالہ مبارکہ "المطلب الاعلیٰ فی شرح اسماء الحسنیٰ" مشہور ہے یہ خواص حضرت شیخ کے اس رسالہ اور مخزن الدعوات و جواہر خمسہ و کاشف الاستار وغیرہا سے منقول ہے۔

یا اللہ ۶۶ اسم ذات ہے اور تمام صفات الٰہیہ کا جامع ہے جو شخص ہزار بار روزانہ اس اسم شریف کا ورد رکھے صاحب یقین و مستجاب الدعوات ہو اور جو شخص سو مرتبہ روزانہ پڑھے اس کا باطن کشادہ ہو جائے اور اس اسم کا مربع پُر کر کے گلے میں ڈالے تو تپ و لرزہ کے لئے مفید ہے اور کند ذہن بچے کو سات دن یا گیارہ دن یا اکیس دن صبح نہار منہ تازی روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ یا اللہ لکھ کر کھلانے سے بچہ کا ذہن کھل جاتا ہے

۷۸۶

۸	۱۱	۴۶	۱
۴۵	۲	۷	۱۲
۳	۴۸	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۷

اور شفائے امراض کے لئے ۶۶ مرتبہ لکھ کر مریض کو پلائیں اور آسیب زدہ کو بھی دھو کر پلائیں اور جو کوئی اس اسم کو کسی برتن میں بلا تعداد جسقدر اس برتن میں گنجائش ہو لکھ کر دھو کر اس کا پانی مصروع یا آسیب زدہ پر چھڑک دے تو اس کا آسیب جل جائیگا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

یا رحمٰن (جمالی) ۲۹۸ نسیان و غفلت اور سختی قلب دور ہونے کے لئے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ورد رکھے کامیاب ہو اور واسطے درد اور صحت دل و سینہ و جگر و جملہ امراض کے لئے یہ مربع مفید ہے۔

۲۷۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۷۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۷۰
۱۰	۲۶۹	۴	۱۵

یارحیم جمالی ۲۵۸

جو شخص اس اسم مبارک کو بعد نماز صبح سو مرتبہ پڑھے مخلوق اس پر مہربان ہو اسم یارحمٰن یارحیم لوہے یا تانبے کے پتر پر کندہ کرا کے انگشتری میں بجائے نگینہ رکھ کر پہنے کوئی تکلیف و مصیبت اسے نہ پہونچے اور ہر حاجت پوری ہو جمعہ کے دن کندہ کرانا بہتر ہے۔ اور ہر حاجت کے لئے جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد کسی سے کلام نہ کرے کسی جگہ بیٹھ کر ان تینوں اسمائے مبارکہ یا اللہ یارحمٰن یارحیم کو پڑھتا رہے۔ جب آفتاب غروب ہو جائے تو سر سجدہ میں رکھکر حاجت عرض کرے مراد حاصل ہوگی اور تاخیر ہو تو دوسرے تیسرے جمعہ کو بھی اسی طرح عمل کرے۔ یہ عمل مجرب و آزمودہ ہے اور فقیر نے کئی شخصوں کو اہم کاموں کے لئے بتایا وہ کامیاب ہوئے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۳۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۳۰
۱۰	۲۲۹	۴	۱۵

یاملک (مشترک) ۹۰

تصفیہ قلب اور تسخیر اور حصول منصب و مرتبہ کے لئے ہر روز نوّے مرتبہ پڑھنا ازحد مفید ہے اور اسم مبارک القدوس کے ساتھ ملاکر پڑھنے سے جاہ اور مرتبہ قائم و باقی رہتے ہیں۔

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

یاقدوس ۱۷۰ مشترک

ہر روز سو بار زوال آفتاب کے وقت پڑھے صفائی قلب نصیب ہو اور جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھکر کھائے صفات جمیلہ اور ملکوتیہ پیدا ہوں گے۔ فراخی رزق کے لئے ہزار مرتبہ پڑھکر کھانے پر دم کرے اس کھانے میں برکت و وسعت ہو خصوصًا دعوتوں کے کھانے میں اتنی برکت ہوگی کہ سب کو بفضل خدا کافی ہوگا۔

۷۸۶

۴۲	۴۵	۴۸	۳۵
۴۷	۳۶	۴۱	۴۶
۳۷	۵۰	۴۳	۴۰
۴۴	۳۹	۳۸	۴۹

عمل دیگر: بعد نماز صبح درود شریف سو بار اللہ الصمد تین سو بار یا قدوس

ہزار بار پڑھنا فراخی رزق کے لئے مجرب ہے۔

یا سلام ۱۳۱ (جمالی)

اس اسم پاک کو ایک سو نوے (۱۹۰) مرتبہ پڑھکر شیرینی پر دم کر کے مخالف کو کھلائے مہربان ہو اور بیمار کے لئے ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھ کر دم کرے صحت ہو۔ اور گھبراہٹ و بےچینی کے لئے دو سو (۲۰۰) مرتبہ پڑھکر دل پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے پلائے۔ اور پڑھتے وقت دایاں ہاتھ دل پر رکھے۔ اضطراب دور ہو نیز جو کوئی تین ہزار بار تین دن تک کسی بیمار کے لئے پڑھے بیمار بہت جلد شفایاب ہوگا۔

۷۸۶

۳۲	۳۵	۳۹	۲۵
۳۸	۲۶	۳۱	۳۶
۲۷	۴۱	۳۳	۳۰
۲۴	۲۹	۲۸	۴۰

یا مومن ۱۳۶ (جمالی)

اگر اس اسم مبارک کو ایک سو ساٹھ بار روزانہ پڑھے شیطان کے شر سے محفوظ رہے اور چاندی کے نگینہ پر کندہ کرا کے پہنے تسخیر کا فائدہ حاصل ہو۔

۷۸۶

۲۳	۳۷	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۲۲	۳۸
۲۸	۴۲	۳۵	۳۱
۳۴	۳۰	۲۹	۴۱

یا مہیمن ۱۴۵ (جمالی)

اگر اس اسم کو غسل و طہارت کے ساتھ ہر روز سو مرتبہ پڑھے تو دلوں کے بعید پوشیدہ باتیں معلوم ہوں اور جملہ آفات سے پناہ میں رہے اور وہ شخص جنتی ہو بشرطیکہ اس اسم کی مواظبت کرے۔

یا عزیز ۹۴ (جلالی)

اگر اس اسم مبارک کو روزانہ سنت و فرض فجر کے درمیان ۴۱ بار پڑھے تو محتاجی دور رہے اور اس اسم پاک کے مظہر و مضمر نقوش کو کندہ کرا کے پہننا تسخیر اور جلب منافع کے لئے بہت مفید ہے۔

یا عزیز ۷۸۶ مظہر و مضمر

ز ۲۳	ی ۲۶	ز ۲۹	غ ۱۴
ع ۲۸	ر ۱۷	کھ ۳۲	ر ۲۲
ی ۱۸	ر ۳۱	ش ۲۴	ر ۲۱
ر ۲۵	ع ۲۰	ر ۱۹	ی ۲۷

یا جبار ۲۰۶ (جلالی)

مقہوری دشمناں کے لئے بعد نماز جمعہ تین سو بار پڑھے اور مسبعات عشر کے

یا جبار ۷۸۶

۵۱	۵۴	۵۷	۴۴
۵۶	۴۵	۵۰	۵۵
۴۶	۵۹	۵۲	۴۹
۵۳	۴۸	۴۷	۵۸

بعد ۲۱ بار پڑھنا ظالموں کے شر سے نجات کے لئے از حد مفید ہے اور نقش کندہ کرا کے ہاتھ میں پہننا مخلوق کے اندر دبدبہ پیدا ہونے کے لئے مفید ہے۔

یَا مُتَکَبِّرُ (۶۶۲ جلالی) قبل از جماع دس۱۰ مرتبہ پڑھے فرزند نصیب ہو اور پرہیزگار ہو اور ہر کام کے شروع میں پڑھنا حصول مراد کے لئے مفید ہے۔

یَا خَالِقُ (۷۳۱ جمالی) جو شخص اس اسم پاک کا ورد کثرت سے کرے اس کا دل اور منہ روشن و منور ہو اور اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو پیدا کرے تا کہ عبادت کرے اور اس بندہ کے حق میں دعا کرے۔ اور قیامت کے دن اس کا چہرہ نورانی ہو۔

یَا بَارِیُ (۲۱۳ مشترک) جو شخص اس اسم کو ہفتہ بھر سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ قبر میں اسے تنہا نہ چھوڑے گا بلکہ ریاض قدس میں جگہ دے گا اور اگر حکیم ڈاکٹر اس اسم پاک کا ورد رکھیں تو ان کا علاج صحیح رہے۔ اور محبت و تسخیر کے لئے خوشبودار پھولوں پر ۷۵ بار پڑھ کر اس کا اور اپنا نام لے کر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے تو اس کی محبت اس کے دل میں پیدا ہو۔

یَا مُصَوِّرُ (۳۳۶ جمالی) بانجھ عورت اور اس کا شوہر دونوں سات دن روزہ رکھیں اور افطار کے وقت اکیس۲۱ بار اس اسم پاک کو پانی پر دم کر کے اسی سے افطار کریں انشاء اللہ نیک فرزند نصیب ہوگا اور جلد اول میں اس عمل کا نقش مذکور ہے۔

تسخیر کیلئے وضو کرنے کے وقت انگشت شہادت سے پیشانی پر لکھے جس سے ملاقات کرے وہ اس کا دوست ہو۔

یَا غَفَّارُ (۱۲۸۱ جمالی) بعد نماز جمعہ سو مرتبہ یہ پڑھے یَا غَفَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ بخشدے گا۔

یَا قَہَّارُ (۳۰۶ جلالی) ہر کسی بھی مشکل و دشوار گزار کام کے لئے ہر روز سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے مشکل آسان

ہوگی۔ اور مقہوری دشمناں کے لئے جمعہ کے دن جمعہ کے فرض و سنت کے درمیان سو مرتبہ پڑھے تو دشمن مقہور ہو جائیں گے اور تفریق کے لئے عمل باب العداوت میں گزر چکا ہے۔

یَا وَهَّابُ (۱۴ جلالی) یہ اسم بہت سے کاموں کے لئے مفید و مجرب ہے۔ جو شخص نماز چاشت کے بعد سر سجدہ میں رکھکر سات بار پڑھے وہ مخلوق سے مستغنی و بے نیاز ہو جائے۔ فراخی رزق کے لئے بعد عشاء ایک ہزار ایک سو پینتیس ۱۱۳۵ مرتبہ اس طرح پڑھے۔ یَا وَهَّابُ ذَا الطَّوْلِ روزی بروے فراخ شود۔

ہر اہم حاجت کیلئے جو شخص دشمن کے پنجہ میں گرفتار ہو یا قید میں ہو یا ملازمت سے معزول ہو یا انشراح صدر نہ ہوتا ہو۔ وہ تین شب متواتر آدھی رات کو اٹھکر کامل طہارت کرے اور صحن یا مسجد میں دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کرے پھر تین سجدہ کر کے ہاتھ اٹھا کر بلند آواز سے یا وہاب سو مرتبہ پڑھے پھر دعا مانگے اور اپنی حاجت عرض کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

عمل خاص تونگری و فراخی رزق جمعرات یا جمعہ کو روزہ رکھے فجر کی نماز سے پہلے سو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد چار رکعت نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پندرہ مرتبہ اور قل ہو اللہ شریف پانچ مرتبہ پڑھے بعد سلام یا وہاب ۱۴ بار پڑھکر دعا کرے۔

نوٹ:۔ یہ نماز طلوع فجر سے پہلے پڑھے کہ بعد فجر نفل نماز مشروع نہیں ہے۔

دیگر:۔ بعد نماز عشاء یا وہاب چار ہزار چار سو چالیس بار ایک نشست میں چالیس دن تک پڑھے۔

دیگر یا وہاب هَبْ لِیْ مُلْكَ عِشْقِكَ يَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مُلْكَ رِزْقِكَ يَا وَهَّابُ ۷۰۰ مرتبہ روزانہ ایک چلہ پڑھے۔

یَا رَزَّاقُ (۳۰۸ رحمانی) جو شخص صبح صادق کے بعد نماز فجر کے پہلے گھر کے ہر گوشہ میں دس مرتبہ

۴۸۶

ان اللہ	ھوالرزاق	ذوالقوۃ	المتین
المتین	ذوالقوۃ	ھوالرزاق	ان اللہ
ھوالرزاق	ان اللہ	المتین	ذوالقوۃ
ذوالقوۃ	المتین	ان اللہ	ھوالرزاق

پڑھے وہ فقر و فاقہ سے خلاصی پائے مگر داہنے جانب سے شروع کرے اور قبلہ رو ہو کر پڑھے۔

دیگر:۔ روزانہ پانچ سو پینتالیس بار پڑھنا فراخی رزق کے لئے مجرب ہے اور اس کا نقش اپنے پاس رکھنا بھی مفید ہے اور اسم رزاق کی دعوت کا طریقہ جلد اول صـ ۹۴ پر ہے۔

یا فتاح ۴۸۹ جمالی

صفائی قلب و نورانیت کے لئے مفید ہے چاہئے کہ بعد نماز صبح سینہ پر ہاتھ رکھکر سات یا ستر مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھے۔

دیگر:۔ برائے فراخی رزق ۴۸۹ بار روزانہ بعد فجر ورد رکھے۔

یا علیمُ مشترک (۱۵۰)

اس اسم پاک کی کثرت معرفت باری تعالیٰ کے لئے مفید ہے اور یا علیم اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے چالیس دن تک نہار منہ پلانے سے بچہ صاحب علم ہوگا اور حافظہ اس کا روشن ہو جائے گا۔

دیگر:۔ امر مخفی کے معلوم کرنے کے لئے تین راتیں متواتر وضو کر کے دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے پھر اس اسم پاک کو ڈیڑھ سو مرتبہ پڑھکر درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے وہ امر ظاہر ہوگا۔

دیگر:۔ جمعہ کی شب میں اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں چار سو پچاس مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھکر دعا کرے جو مشکل ہوگا آسان ہو جائے گا۔

یا قابضُ (۹۰۳)

عذاب قبر سے حفاظت کے لئے چالیس دن تک روٹی کے ٹکڑے پر لکھکر کھائے اور اسی طرح عمل کرنے سے فاقہ سے بھی محفوظ رہے گا۔

دیگر:۔ مقہوری دشمناں کے لئے تین راتیں متواتر ہزار بار مقہوری کی نیت سے پڑھے اور نکسیر یا حیض یا بواسیر کے خون کو روکنے کا تعویذ جلد اول میں گزر چکا ہے۔

یَا بَاسِطُ (۲۷) (جمالی) فراخی رزق کے لئے صبح کو ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ پڑھے اور ہاتھوں کو چہرہ پر مل لے انشاءاللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور روزآنہ گیارہ سو بار پڑھنا تنگدستی سے نجات دلاتا ہے۔

دیگر۔ بعد نماز صبح یا عشاء گھر کے صحن یا مسجد میں ایسی جگہ کھڑا ہو کہ آسمان اور اس کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو اور سر برہنہ ہو کر اول سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سو مرتبہ یا باسط پڑھے اور قبلہ کی طرف دم کرے بعد ازاں سو مرتبہ یا باسط پڑھکر مغرب و شمال کے گوشہ کی جانب دم کرے اس کے بعد شمال کی جانب اس کے بعد شمال و مشرق کے گوشہ کی جانب پھر مشرق کی طرف اس کے بعد مشرق و جنوب کے گوشہ کی جانب پھر جانب جنوب پھر جنوب و مغرب کے گوشہ کی طرف ہر دفعہ سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے بعد ازاں آسمان کی طرف پھر زمین کی جانب سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے سب مجموعہ ایک ہزار ایک مرتبہ ہوا پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھکر فراخی رزق کے لئے بارگاہ رب العزت میں دعا کرے یہ عمل چالیس روز کرے اگر مراد کو پہنچے تو مداومت کرے ورنہ بعد تین چلے کے ترک کر دے۔

پرہیز گوشت گاؤ، مچھلی، لہسن، پیاز سے کرے۔

دیگر برائے دفع سحر اگر کسی پر سحر کا اثر اس طریقہ کا ہو کہ جسم میں سوئی کی طرح چبھن معلوم پڑتی ہو تو اس اسم کو لکھکر گرم پانی میں ڈال لے اور سر اور داڑھی اسی پانی سے دھووے انشاءاللہ صحت کلی ہو اور اجرائے حیض کے لئے جلد اول ص ۶۳ میں نقش مذکور ہے۔

یَا حَافِظُ (۱۴۸۱) جمالی دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے ہر روز سات ہزار بار پڑھنا مفید ہے۔

عمل دیگر:۔ تین دن روزہ رکھے اور ان ایام میں بے تعداد جس قدر ہو سکے پڑھے۔

چوتھے دن روزہ رکھکر خلوت میں دو رکعت نماز نفل ادا کرکے ستر ہزار بار ایک جلسہ میں پڑھکر سجدہ میں جاکر دعا دفع اعدا کے لئے کرے۔

یَا رَافِعُ جلالی (۳۵۱) دوپہر کو یا آدھی رات کو ہر روز سو بار پڑھے بزرگ یدہ اور تونگر ہو جائے۔

یَا مُعِزُّ جلالی (۱۱۷) جو شخص شب جمعہ یا دوشنبہ کو بعد نماز مغرب اکتالیس بار پڑھے۔ مخلوق کی نظر میں اس کی عزت و حرمت و ہیبت زیادہ ہو اور جو شخص یَا عَزِیْزُ یَا مُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ کثرت سے پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو عزیز فرمائے۔

یَا مُذِلُّ جلالی (۷۷۰) جو شخص کسی ظالم یا دشمن کے درمیان گرفتار ہو جائے وہ اسم پاک کو پچھتر مرتبہ پڑھکر سجدہ میں جاکر یہ دعا کرے۔ الٰہی مرا از شر فلاں امان دہ۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی امان میں فرمائے گا۔

دیگر:۔ اگر دشمناں کسی کے ملک پر قبضہ کریں اور اس کو مقابلہ کی قوت نہ ہو اسے چاہئے کہ روزآنہ دس ہزار مرتبہ پڑھکر دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ دشمنوں کو دفع فرمائے گا۔ یہ عمل اکتیس دن پڑھے۔

یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ جلالی (۱۸۰) جمالی (۳۰۲) جو شخص جمعرات کے دن اس اسم پاک کو نماز چاشت کے بعد یا سمیع پانچسو مرتبہ پڑھے اور بعضوں نے فرمایا کہ ہر روز سو مرتبہ پڑھے وہ مستجاب الدعوات ہو۔ اور جو شخص یا بصیر کو صبح کے فرض و سنت کے درمیان سو مرتبہ پڑھے عند اللہ مقبول و منظور ہو۔

دیگر:۔ اور جو شخص ان دونوں ناموں کو ہر روز چار سو اسی بار پڑھے کسی کا محتاج نہ ہو۔

دیگر:۔ اور جو شخص صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے۔ اس کے تمام کام پورے ہوں۔ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔

دیگر۔ جو شخص بعد نماز یابصیر تین سو مرتبہ پڑھے اس کے کام بلاسعی کے پورے ہوں۔

یاحکم جلالی (۶۸) جو شخص جمعہ کی شب میں اس اسم پاک کو اس قدر پڑھے کہ بیخود ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو معدن اسرار کرے۔

یاعدل جلالی (۱۰۴) جو شخص جمعہ کی شب میں روٹی کے اکیس ٹکڑوں پر اس اسم کو لکھ کر کھائے مخلوق اس کی تابع فرمان ہو۔

یالطیف جمالی (۱۲۹) محتاجی دور ہونے کے لئے اور مرض قوی کے دفع ہونے کے لئے اور لڑکی کا شوہر ملنے کے لئے مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ طہارت کرکے تنہائی میں دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھکر سو بار یالطیف پڑھے تا حصول مراد جاری رکھے انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔

دیگر:۔ سخت دشوار امور کے لئے منگل، بدھ، جمعرات کو روزہ رکھے اور بدھ کی رات میں آدھی رات کے بعد غسل کرکے تحیۃ الوضو پڑھکر دو رکعت نماز پڑھکر حضرت مخدوم جہانیاں و حضرت شاہ قطب عالم قدس سرہما اللہ کی روح کو ایصال ثواب کرے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیۃ الکرسی امن الرسول تا الیک المصیر اور سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے بعد سلام دعا حصول حاجات اور مرشد کی حیات کی دعا کرے اگر مرشد زندہ نہ ہو تو دوگانہ کے ثواب میں انھیں بھی شریک کرے بعد ختم دعا پانچہزار پانچسو سینتالیس بار یالطیف پڑھے پھر اس دعا کو سینتالیس بار پڑھے اسی طرح جمعرات و جمعہ کی شب میں بھی کرے انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ اِلٰهِىْ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ اللَّطِيْفِ اللَّطِيْفِ لِلَّطِيْفِ

يَامَنْ وَسِعَ لُطْفُهٗ اَهْلَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَلْطُفَ لِيْ مِنْ خَفِيِّ لُطْفِ الْخَفِيِّ الْخَفِيِّ الَّذِيْ اِذَا لَطَفْتَ بِهٖ لِاَحَدٍ مِّنْ عِبَادِكَ لَكُفِيَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ. اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ اُلْطُفْ لِيْ اَللّٰهُمَّ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ يَا خَفِيَّ الْاَلْطَافِ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ بِحَقِّ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ اور اس کا ایک مجرب عمل جلد اول میں ہے۔

یاخبیر شترک (۸۱۲)

جو شخص اپنے نفس بدکیش میں گرفتار ہو وہ اس اسم شریف کی کثرت کرے نجات پائے گا۔

یاحلیم جمالی (۸۸)

غصہ کو دفع کرنے کے لئے سو مرتبہ پڑھنا مفید ہے اور اگر کھیتی کے لئے کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر کھیت میں چھڑکے تو کھیتی کو کوئی آفت نہ پہونچے۔ اور بیمار کے سرھانے سورۂ فاتحہ ایک بار یاحلیم گیارہ بار پڑھ کر دم کرے صحیح و تندرست ہو جائے اور اختلاج قلب کے لئے سینہ پر ہاتھ رکھکر دو سو مرتبہ پڑھے شفا ہو اور یہ ممکن نہ ہو تو پانی پر دم کر کے پلائے۔

یاعظیم جمالی (۱۰۲۰)

جو شخص اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے خلائق کی نظر میں مکرم و معظم ہو۔

یاغفور جمالی (۱۲۸۶)

صفائی قلب کے لئے بیحد مفید ہے اور جو شخص سجدہ میں سر رکھکر تین بار یارب اغفرلی پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے۔ اور جس شخص کو درد سر یا اور کوئی مرض شدید ہو جائے اس اسم کو نو مرتبہ لکھکر کھلائیں صحت ہو۔ لکھنے میں ف کا سر کھلا رہے۔ (یاغفور) اور جسے بخار آتا ہو یا سر میں درد ہو۔ وہ اس اسم پاک کو کاغذ پر لکھکر اس کی گیلی سیاہی پر روئی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روئی میں جذب کرلے

اور اس ٹکڑے کو کھالے۔ تین دن میں شفا ہوگی۔

یَاشَکُورُ
جمالی (۵۲۶)

یہ اسم تنگی معاش کے لئے پڑھنا مفید ہے اور تیزی بصر کے لئے اسم مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے آنکھوں میں وہ پانی ڈالیں اور چہرہ پر ملیں۔ بصارت زیادہ ہو اور تنگی جاتی رہے۔

یَاعَلِی
جلالی (۱۱۰)

جو شخص اس اسم پاک کو ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھے عزت نصیب ہو اور سفر میں پڑھے تو بخیر و عافیت وطن واپس آئے۔ اور خونی بواسیر کیلئے ایک ہزار مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے انشاء اللہ سات روز میں خون بند ہوگا۔ اور اولاد ہونے کے لئے تین سو بار پڑھکر دم کرنا مفید ہے۔

یَاکَبِیرُ
جمالی ۲۳۲

جو شخص اس اسم کو ایک سو بار پڑھے لوگوں کی نظر میں ہیبت و باوقار ہو جائے اور اس سے کام نہیں۔

یَاحَفِیظُ
جمالی ۹۹۸

جو شخص جلنے، ڈوبنے اور نظر بد سے خوف رکھتا ہو ہر روز اس اسم پاک کو سولہ مرتبہ پڑھے اور اس کا نقش لکھ کر بازو پر باندھے ہر آفت سے بیخوف ہو جائے گا اور اگر اس نقش کے مفردات نقش اجل کے ساتھ تانبا یا چاندی کے پتر پر کندہ کراکے بچوں کے گلے میں ڈالیں ہر بلا سے محفوظ رہیں۔

یَامُقِیتُ
جلالی (۵۵۰)

جو بچہ بری عادت رکھتا ہو اور روتا ہو اس کے لئے کلام پاک کو سات مرتبہ پڑھکر ایک خالی کوزہ میں دم کرکے اس سے پانی پلائیں۔ اور جو شخص روزہ رکھنے سے خوف ہلاکت محسوس کرتا ہو وہ پھولوں پر گیارہ بار پڑھکر دم کرے تو قوت نصیب ہوگی اور روزہ رکھ سکے گا۔

یَاحَسِیبُ
جمالی (۸۰)

جو شخص چور یا پڑوسی یا زخم چشم سے پریشان ہو وہ سات روز صبح و شام ستہتر مرتبہ روزانہ اس طرح پڑھے۔ حسبی اللہ الحسیب۔

لیکن جمعرات سے شروع کرے ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

یاجلیل جمالی (۷۳) جو شخص مشک و زعفران سے اس اسم پاک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق کی نظر میں مکرم و معظم ہو۔

یاکریم جمالی (۲۷۰) جو شخص اس اسم مبارک کو سونے کے وقت کثرت سے پڑھے اور سو جائے فرشتے اس کے حق میں یہ دعا کرتے رہیں گے۔ اکرمک اللہ یہاں تک کہ وہ خلائق کی نظر میں مکرم ہو جائے گا۔

یارقیب جمالی (۳۱۲) جو شخص روزانہ اس اسم پاک کو سات مرتبہ پڑھکر زن و فرزند اور اپنے اوپر دم کرے سب آفت و بلا سے محفوظ رہیں۔

یامجیب جلالی (۵۵) جو شخص اس اسم پاک کو بکثرت پڑھے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے جو دعا کرے قبول ہو۔

یاواسع جلالی (۱۳۷) اس اسم پاک کے پڑھنے والے کو قناعت و برکت حاصل ہوگی۔

یاحکیم جمالی (۷۸) جس کو کوئی سخت حاجت پیش آئے اس اسم کی مداومت کرے پوری ہوگی۔

یاودود جمالی (۲۰) میاں بیوی کی محبت کے لئے یا دو شخصوں کے درمیان عداوت ہو اس اسم پاک کو ایک ہزار ایک بار شیرینی یا کھانے پر دم کر کے کھلائیں محبت و اتفاق ہوا اور دوسری ترکیبیں پہلے گذر چکی ہیں۔

یامجید جمالی (۵۷) آبلہ، جذام و برص کے لئے مفید ہے چاہیئے کہ ایام بیض یعنی ۱۳۔۱۴۔۱۵ کو روزہ رکھے افطار کے وقت اس اسم کی کثرت کرے یا اس کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے صحت ہوگی یا سات ہزار مرتبہ اس نام پاک

کو پڑھکر پانی پر دم کرکے پی لے اور سات مرتبہ یہ دعا ہاتھ اٹھا کر پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّئِ الْاَسْقَامِ اور جو شخص لوگوں کی نظر میں بے عزت ہو صبح کے وقت ننانوے مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ معظم و مکرم ہو جائے۔

یاباعث جمالی (۵۷۳)

دل میں نور پیدا ہونے کے لئے دو سو ایک مرتبہ سینہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھے اس کا دل منور ہو جائے۔

یاشہید جمالی ۳۱۹

جس کے بچے نافرمان ہوں وہ صبح کے وقت ان کی پیشانی پر ہاتھ رکھکر اور آسمان کی طرف منہ کرکے اکیس بار پڑھے اللہ تعالیٰ انھیں نیک کر دے گا۔

یاحق جمالی (۱۰۸)

جس کا سامان چوری ہو جائے یا گم ہو جائے وہ یہ نقش لکھکر سامان کی تفصیل اندر رکھے اور آدھی رات کو اٹھکر وضو کرکے وہ نقش ہاتھ میں لے کر آسمان کی طرف منہ کرکے یاحق ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھے اور اس اسم مبارک کو بارگاہ خداوندی میں شفیع بناکر سامان ملنے یا پتہ لگنے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ حاصل ہوگا۔

یاحق
یہاں سامان کی تفصیل لکھی جائے

دیگر:۔ جو شخص قید ہو گیا ہو وہ آدھی رات کو سر برہنہ ہو کر ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر دعا کرے خلاصی نصیب ہو۔

یاوکیل جمالی (۶۶)

بجلی کی کڑک کے وقت یا آندھی و تیز بارش کے وقت یا آگ لگنے کے وقت اس اسم کی کثرت بہت مفید ہے اور سب آفتوں سے نجات رہے گی۔

یا قوی جلالی (۱۱۶)

دشمن کو دفع کرنے کے لئے باوضو سپید کپڑا پہن کر قبلہ رو بیٹھکر ایک ہزار ایک آٹے کی گولیوں پر یا قوی لکھے پھر طشت میں رکھ کر چھت پر رکھدے تاکہ پرند کھا جائیں دشمن دفع ہوں گے اگر کوئی شخص لکھنا نہ جانتا ہو تو وہ ہر ایک گولیوں پر ایک ایک مرتبہ پڑھکر دم کرکے پرندوں کو ڈالدے مگر پہلی صورت زیادہ بہتر اور مجرب ہے اور جمعہ کے دن اس اسم مبارک کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد تین ہزار بار پڑھے نسیان دور ہوگا اور سات جمعہ تک عمل جاری رکھے۔

یا متین جمالی (۵۰۰)

جس بچے کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اسے یا متین کا غذ پر لکھکر پلا دیں۔ تسلی ہوگی اور ماں کا دودھ کم ہو تو اسی اسم پاک کو لکھکر پلادیں دودھ زیادہ ہوگا۔

یا ولی جمالی (۴۶)

جس کی عورت نافرمان و بد عادت ہو اس اسم کی کثرت کرے خصوصا ملاقات سے پہلے۔

یا حمید جمالی (۶۲)

جو شخص فحش گو ہو اور زبان محفوظ نہ رہتی ہو وہ اس اسم پاک کو پیالے میں لکھکر یا کندہ کرائے اور اسی سے پانی ہمیشہ پیے انشاء اللہ زبان محفوظ ہو جائے گی اور عبارت یوں لکھے۔ یا حمید الفعال ذا المن علی جمیع خلقہ بلطفہ یا حمید۔

یا محصی جلالی (۱۴۸)

جو شخص اس اسم پاک کو شب جمعہ میں ایک ہزار ایک بار پڑھے عذاب قبر اور عذاب محشر سے بے خوف ہو جائے۔

یا مبدی جلالی (۵۶)

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو اسے چاہیئے کہ جب حمل سے ہو جائے روزانہ نوسے مرتبہ صبح کو پڑھکر شہادت کی انگلی پر دم کرکے شکم کا حصار کرے حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے گا۔ اور اس کی مداومت کرنے والا صدق

وصواب کا حامل ہوگا۔

یا معید جلالی (۱۲۴)
اگر کوئی غائب ہوگیا ہو اس کے لئے سونے کے وقت مکان کے چاروں گوشوں میں ستر ستر مرتبہ یا معید پڑھکر یہ کہے۔ یَا مُعِیْدُ رُدَّ عَلَیَّ فُلَانًا فلانا کی جگہ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لے انشاء اللہ جلد آجائیگا۔ یا اس کی خبر آجائے گی۔ اور کسی نے قرض لے لیا ہو اور نہ دیتا ہو تو اس کے نام کے عدد کے برابر پڑھے انشاء اللہ دیدے گا۔

یا محی جلالی (۶۸)
بدن میں درد ہو یا عورت کو درد خاص ہو تو سات دن ہر روز سات سات مرتبہ پڑھکر اپنے اوپر دم کرے شفا ہوگی۔

یا ممیت جلالی (۴۹۰)
جو شخص نفس امارہ سے عاجز ہو وہ سونے کے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس اسم پاک کو پڑھتے ہوئے سو جائے اس کا نفس مغلوب ہوگا۔

دیگر:۔ ہلاکی دشمن کے لئے ہفتہ کی رات میں چار سو نوے مرتبہ پڑھے۔ دشمن مقہور ہوگا۔

یا حی جلالی ۱۸
جو شخص بیمار رہتا ہو ہر روز ستر مرتبہ پڑھکر دم کرے یا کسی سے دم کرائے اگر ہر روز ستر بار پڑھے عمر دراز ہو اور اسکی قوت روحانیہ زیادہ ہو اور بعض کے نزدیک یا حی یا قیوم اسم اعظم ہے۔

یا قیوم جلالی ۱۵۶
صبح کو اس اسم کی کثرت قوت تصرف پیدا کرتی ہے اور مہمات کے لئے بھی مفید ہے۔

یا واجد جلالی (۱۴)
تونگری کے لئے اس اسم پاک کی کثرت مفید ہے اور اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو اس اسم پاک کو لکھ کر ہاتھ میں رکھکر یا واجد پڑھتے ہوئے تلاش کرے مل جائے گی۔ اور کھانے کے وقت ہر نوالہ کے ساتھ پڑھنے سے وہ کھانا پیٹ میں نور ہو جاتا ہے۔

یَامَاجِدُ (۴۸) جلالی — جو شخص اس اسم پاک کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل میں نور پیدا کرے گا۔

یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ جلالی ۱۹ - ۱۳ — جو شخص خائف ہو وہ اس اسم پاک کو ایک ہزار ایک بار پڑھے اس کے دل سے خوف زائل ہوگا اور مقرب بارگاہ ہوگا۔ اور اگر فرزند کی آرزو ہو تو اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

دیگر:۔ اولاد نرینہ پیدا ہونے کے لئے اس اسم پاک کے نقش کو زن و شوہر دونوں اپنے پاس رکھیں۔

یَاصَمَدُ جمالی (۱۳۴) — جو شخص آدھی رات کو یا صبح کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے وہ صادق الحال والقال ہوگا۔ اور ہرگز کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہوگا اور اس کی کثرت فقر و فاقہ کو دور کرتی ہے اور اللہ الصمد کا عمل جلد اول میں گزرا کہ ہر اہم کام کے لئے مجرب ہے۔

دیگر:۔ مالداری کے لئے اس کی کثرت مفید ہے۔

دیگر:۔ حصول غنا کے لئے اس طرح پڑھے کہ اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف اور درمیان میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھکر سورۂ اخلاص شروع کرے۔ قل ھو اللہ احد اللہ الصمد اللہ الصمد کو سو مرتبہ پڑھے آخری مرتبہ لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد پڑھے پھر اسی طرح شروع کرے گیارہ سو مرتبہ اللہ الصمد گیارہ مرتبہ میں پڑھے انشاء اللہ جلد مقصود حاصل ہو۔

دیگر:۔ ایک چلہ تک روزانہ تین ہزار ایک سو پانچ مرتبہ اول و آخر درود شریف ۲۵، ۲۵ بار پڑھے اور پرہیز جلالی کرے۔

یَاقَادِرُ جلالی (۳۰۵) — حل مشکلات کے لئے اکتالیس بار پڑھکر دعا کرنے سے قبول ہوگی۔

دیگر :۔ دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے یاقوی یاقادر ایک ہزار ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے۔

یَامُقْتَدِرُ جلالی (۷۴۴)
جو شخص بیدار ہونے کے وقت آنکھیں بند کرکے اکیس۲۱ بار پڑھے دل سے غفلت دور ہو اور سب کام ٹھیک سے انجام کو پہنچیں۔

یَامُقَدِّمُ جلالی (۱۸۴)
جو شخص جنگ یا کسی خوف کی جگہ ہو اور دل میں استقلال نہ ہو تو اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے۔ اور اس کی کثرت طاعت الٰہی کی جانب متوجہ کرتی ہے۔

یَامُؤَخِّرُ جلالی (۸۴۶)
جو شخص ہر روز سو بار پڑھے اس کا دل اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کی یاد میں رہے اور ہر روز اکتالیس۴۱ بار پڑھنے سے اس کا نفس مطیع ہوگا۔

یَااَوَّلُ جلالی (۳۷)
جس کے اولاد نہ ہوتی ہو وہ ہر روز اکتالیس۴۱ بار چالیس۴۰ دن پڑھے اس کی مراد بر آئے۔

یَااٰخِرُ جلالی (۸۰۱)
جو شخص آخر عمر کو پہنچ گیا ہو اور کوئی نیک عمل نہ کرسکا ہو وہ اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ عاقبت بخیر ہوگی۔

یَاظَاهِرُ جلالی (۱۱۰۶)
جو شخص اشراق کے وقت پانچسو مرتبہ پڑھے اس کی آنکھ روشن ہوگی۔ اور جو استوار (ٹھیک دوپہر) کے وقت اکتالیس بار پڑھا کرے ہر شخص اپنے دل کی بات اسے بیان کردیا کرے اور گھر کی دیوار پر لکھے تو دیوار سلامت رہے۔

یَابَاطِنُ مشترک ۶۲
جو شخص نماز فجر کے بعد تینتیس۳۳ بار پڑھے اسرار الٰہی کا جاننے والا ہو جائے اور اس کی مداومت تسخیر قلوب کا فائدہ دیتی ہے۔

یَاوَالِی جلالی (۴۷)
جو شخص کورے پیالہ پر لکھکر اس میں پانی بھر کر گھر کے در و دیوار پر ڈالے وہ گھر تمام آفتوں سے محفوظ رہے۔

دیگر :۔ تسخیر کے لئے گیارہ بار پڑھ کر کسی کے سامنے جائے وہ مسخر ہوگا۔

یا متعال جلالی ۵۵۱ — دشوار گزار کاموں کے لئے اس کی کثرت بیحد مفید ہے اور عورت حائضہ اس اسم کی کثرت کرے تو اس کی آفتوں سے خلاصی پائے گی۔

یا بَرُّ جلالی ۲۰۲ — جو شخص سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرکے اللہ تعالیٰ کی سپردگی میں دیدے بالغ ہونے تک وہ بچہ بلاؤں سے محفوظ رہے۔

دیگر :۔ اور جو شخص شراب پینے یا بدکاری میں مبتلا ہو اسے ہر روز سات بار پڑھ کر اپنے دل پر دم کرے اس کا دل ان افعال سے بیزار ہو جائے گا۔

یا توّاب جمالی (۴۰۹) — جو شخص چاشت کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار پڑھے اللہ تعالیٰ اسے توبۃ النصوح نصیب فرمائے گا۔ اور جو شخص اس کی کثرت کرے اس کا نفس اصلاح و طاعت کی طرف مائل ہو۔

یا منعم جمالی (۲۰۰) — اس اسم پاک کی کثرت و مداومت سے غنی ہوگا۔ اور اگر دو شنبہ کو مغرب و عشاء کے درمیان دو سو پانچ بار پڑھے صاحب نعمت و جاہ ہوگا۔

دیگر :۔ فتوحات کثیرہ کے لئے ماہ ثابت میں پہلی تاریخ کو بعد نماز فجر دریا جائے اور دریا میں غسل کرکے قبلہ رو کھڑے ہو کر یا منعم چار ہزار چار سو چوالیس ۴۴۴۴ بار پڑھے پھر پورب کی طرف منھ کرکے طلوع آفتاب کے وقت نقش منعم لکھے اور ہاتھ میں لے کر دو سو بار یا منعم پڑھے۔ اس کے بعد نقش ٹوپی میں رکھ کر مکان چلا آئے جب دوسرا دن ہو طلوع آفتاب کے بعد اس نقش کو ٹوپی سے نکال کر پانی سے دھو کر پی لے اور دوسرا نقش لکھ کر ہاتھ میں لے کر مشرق کی طرف منھ کرکے دو سو بار یا منعم پڑھے اور نقش ٹوپی میں رکھ لے پھر تیسرے دن اسی طرح کرے اور اسی طرح روزآنہ کرے اور ہر عروج ماہ میں تجدید دعوت کر لیا کرے۔ اور دریا جانا ممکن نہ ہو تو گھر میں غسل کرکے عمل کرے اور خانہ خالی میں چار آنہ لکھے ایک

سال تک اور سال دوم میں ایک روپیہ اور سال سوم میں ایک اشرفی لکھے نقش یہ ہے۔

۲۸۶

۴۲	۶۰	۹۸	
۹۴	۶	۲۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۳۴	۱۸	۱۰۴

یا منتقم جمالی (۶۳۰) دشمن کو دوست بنانے کے لئے تین جمعہ ان کے اعداد کے موافق پڑھے۔

دیگر:۔ برائے انتقام دشمن انار کی اکیس ٹہنی لیکر ایک پر تین تین بار یا منتقم پڑھ کر دم کر کے دشمن پر یا اس کی جانب ڈالے دشمن تباہ ہوگا مگر حرام سے بچے

یا عفو مشترک (۱۵۶) جس کے گناہ بہت ہوں وہ اس اسم شریف کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کے سب گناہ معاف فرمائے گا۔

یا رؤف جمالی (۲۸۶) کسی ظالم کے پنجے سے مظلوم کو چھڑانے کے لئے اس اسم پاک کو دس مرتبہ پڑھ کر اشارہ سے ظالم کے منہ پر دم کرے اور اس مظلوم کی شفاعت کرے وہ مہربان ہو کر مان لے گا اور اس کی مداومت کرنے والے کا دل مہربان ہوگا۔

یا مالک الملک جلالی (۲۱۲) اس اسم شریف کی کثرت تونگری بخشتی ہے اور عزت وجاہ نصیب ہوتی ہے۔ ہر کام بنتے ہیں اور اس کے ساتھ دعا کرنے

یا ذا الجلال والاکرام جلالی (۱۱۰۰) سے مقبول ہوتی ہے اور آصف بن برخیا نے حضرت بلقیس کا تخت لانے کے لئے اسی اسم کو پڑھا تھا۔

یا رب ۲۰۲ جمالی اگر کسی شخص کو بیگانوں میں معظم کرنا ہو تو اس کو بھیجنے کے بعد گھر میں حصار کر کے اس اسم کی کثرت کرے وہ ان کے درمیان معظم ہوگا۔

یا مقسط جلالی (۲۰۹) وسوسہ شیطانی سے محفوظ رہنے کے لئے اس اسم پاک کو سو مرتبہ پڑھنا از حد مفید ہے۔

دیگر:۔ حصول مقصد کے لئے سات سو مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

یا جامع جلالی (۱۱۴)

جو شخص اپنے کسی عزیز سے دور ہو اور ملاقات چاہے وہ اتوار کے دن چاشت کے وقت غسل کر کے پاک کپڑے پہن کر آسمان کی جانب منہ کر کے اس اسم کو دس مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ ایک انگلی بند کرے پھر دونوں ہاتھوں کو منہ پر مل لے جلد ہی مہجور سے ملاقات ہوگی۔

دیگر:۔ حصول مراد کے لئے بعد نماز جمعہ ایک سو بیالیس ۱۴۲ مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

یا غنی جلالی (۱۰۶۰)

جو شخص طمع میں مبتلا ہو اور اس سے نجات چاہتا ہو اس اسم کو گیارہ یا اکیس یا اکتالیس بار پڑھکر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ہر عضو پر مل لے چھٹکارا نصیب ہوگا۔

دیگر:۔ اور حصول غنا کے لئے ہر روز ستر مرتبہ پڑھے کسی کا محتاج نہ ہوگا اور مال میں برکت ہوگی۔

یا مغنی جمالی (۱۱۰۰)

جو شخص اس اسم پاک کو دس جمعوں تک ہر جمعہ کو دو ہزار بار پڑھے۔ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے۔ اور بعض حضرات نے ایک ہزار بار کہا ہے۔

یا معطی ۱۲۹

جو شخص یا مُعطِیَ السَّائِلِین کی کثرت کرے فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہو جائے اور کسی کا محتاج نہ ہو۔

یا مانع جلالی (۱۶۱)

موافقت زوجین کے لئے جب بستر پر لیٹے اکیس بار پڑھے حق تعالیٰ خفگی کو دور کر دے گا۔

یا ضار جلالی (۱۰۰۱)

جو شخص کسی منصب بلند پر ہو اور اس پر ثابت رہنا چاہے وہ ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو سو مرتبہ پڑھا کرے اور بعضوں نے کہا کہ یا ضار یا نافع ہر ایک سو سو مرتبہ پڑھے۔

یا نافع جمالی (۲۰۱):۔ جو شخص سفر میں جاتا ہو وہ ہر روز اس اسم پاک کو چالیس ۴۰ مرتبہ پڑھ لیا

کرے محفوظ رہے اور اگر سفر دریا میں غرق کا خوف ہو تو ہزار بار پڑھے کسی کام کو شروع کرنا چاہے تو اکتالیس بار پڑھکر شروع کرے سب کام بنیں گے۔

یانور جمالی (۲۵۶) جو شخص جمعہ کی شب میں سات بار سورۂ نور اور ایک ہزار ایک بار یانور پڑھے اس کا دل منور ہو جائے اور جو صبح کو پڑھے اس کا دل روشن ہو۔

یاھادی جمالی (۲۰) جو شخص آسمان کی جانب منہ کرکے ہاتھ اٹھاکر یاہادی بلاتعداد پڑھے اور ہاتھ منہ اور آنکھوں پر مل لے اہل معرفت کے مرتبہ کو پہنچے۔

یابدیع جلالی (۸۶) جس شخص کو کوئی سخت مہم ہو اور ہزار بار یا سات ہزار بار اس اسم پاک کو اس طرح پڑھے یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اس کی مہم آسان ہو جائے اور اگر سونے کے وقت باوضو قبلہ رو پڑھتے پڑھتے سو جائے خواب میں جو چاہے دیکھے۔

یاباقی (۱۱۳) جلالی جو شخص جمعہ کی رات میں سو مرتبہ پڑھے اس کے سب عمل مقبول بارگاہ خداوندی ہوں اور بیماری و تکلیف میں اس کی کثرت مفید ہے۔

یاوارث (۷۰۷) جمالی جو شخص اس اسم کو طلوع آفتاب کے وقت ہر روز پڑھے کوئی زحمت نہ پہنچے اور اگر بلاتعداد اس کی کثرت کرے اپنے جیسے لوگوں میں تفوق حاصل ہو۔

یارشید جمالی (۵۱۴) جو شخص کسی کام کی تدبیر نہ جانتا ہو وہ مغرب و عشا کے درمیان ہزار بار پڑھے صحیح تدبیر اس کے قلب میں القا ہو گی اور اس اسم کی بلاتعداد کثرت ہر کام کو بے سعی انجام پانے میں معین ہے۔

یاصبور (۲۹۸) جلالی جو شخص کسی سخت مصیبت یا بیماری میں گرفتار ہو وہ بعد عشا ۳۳ ہزار مرتبہ پڑھے وہ مصیبت یا بیماری دور ہو گی۔

دیگر:۔ دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہنے اور ان کی زبان بندی کے لئے آدھی رات کو اس کی کثرت مفید ہے۔

جدول حروف ابجد مکتوبی و ملفوظی مع اعداد

حروف مکتوبی	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک
عدد مکتوبی	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰
حروف ملفوظی	الف	با	جیم	دال	ہا	واو	زا	حا	طا	یا	کاف
عدد ملفوظی	۱۱۱	۳	۵۳	۳۵	۶	۱۳	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۰۱
حروف مکتوبی	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت
عدد مکتوبی	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰
حروف ملفوظی	لام	میم	نون	سین	عین	فا	صاد	قاف	را	شین	تا
عدد ملفوظی	۷۱	۹۰	۱۰۶	۱۲۰	۱۳۰	۸۱	۹۵	۱۸۱	۲۰۱	۳۲۰	۴۰۱
حروف مکتوبی	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ					
عدد مکتوبی	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰					
حروف ملفوظی	ثا	خا	ذال	ضاد	ظا	غین					
عدد ملفوظی	۵۰۱	۶۰۱	۷۳۱	۸۰۵	۹۰۱	۱۰۶۰					

جدول نود و نہ نام باری تعالیٰ

اسماء	احد	وہاب	واجد	حی	واحد	ودود	ہادی	اول	ولی	بدی	والی
اعداد مکتوبی	۱۳	۱۴	۱۴	۱۸	۱۹	۲۰	۲۰	۳۷	۴۶	۵۶	۴۷
اعداد ملفوظی	۱۵۵	۱۳۳	۱۱۲	۲۰	۱۶۸	۹۶	۱۶۳	۱۹۵	۹۵	۱۳۹	۲۰۶
اسماء	ماجد	مجیب	مجید	باطن	حمید	اللہ	وکیل	حکم	محی	باسط	جلیل
اعداد مکتوبی	۴۸	۵۵	۵۷	۶۲	۶۲	۶۶	۶۶	۶۸	۶۸	۷۲	۷۳
ملفوظی	۲۸۹	۱۵۷	۱۸۹	۲۲۰	۱۴۵	۲۵۹	۱۹۶	۱۸۱	۱۶۱	۱۳۳	۲۰۶
اسماء	حکیم	حسیب	بدیع	حلیم	ملک	عزیز	عدل	حق	علی	باقی	جامع
اعداد مکتوبی	۷۸	۸۰	۸۶	۸۸	۹۰	۹۴	۱۰۴	۱۰۸	۱۱۰	۱۱۳	۱۱۴
ملفوظی	۱۹۲	۱۴۳	۱۷۹	۱۸۱	۲۶۲	۱۵۷	۲۳۶	۱۹۰	۲۰۲	۳۰۶	۳۵۴

اسماء	قوی	معز	معید	لطیف	معطی	سلام	صمد	مؤمن	واسع	مہیمن	محصی
اعداد مکتوبی	۱۱۶	۱۱۷	۱۲۴	۱۲۹	۱۲۹	۱۳۱	۱۳۴	۱۳۶	۱۳۷	۱۴۵	۱۴۸
ملفوظی	۲۰۵	۲۲۸	۲۶۶	۱۷۳	۲۴۱	۳۹۲	۲۲۰	۲۹۹	۳۷۴	۳۰۳	۲۰۵
اسماء	علیم	قیوم	عفو	نور	مانع	قدوس	سمیع	مالک الملک	مقدم	صادق	منعم
اعداد مکتوبی	۱۵۰	۱۵۶	۱۵۶	۲۵۶	۱۶۱	۱۷۰	۱۸۰	۱۸۱	۱۸۴	۱۹۵	۲۰۰
ملفوظی	۳۰۲	۲۹۵	۳۲۴	۳۲۰	۴۳۷	۳۴۹	۳۵۱	۸۱۷	۳۹۶	۴۲۲	۳۱۶
اسماء	نافع	بر	رب	جبار	مقسط	باری	کبیر	رحیم	کریم	رؤف	رحمٰن
اعداد مکتوبی	۲۰۱	۲۰۲	۲۰۲	۲۰۶	۲۰۹	۲۱۳	۲۳۲	۲۵۸	۲۷۰	۲۸۳	۲۹۸
ملفوظی	۴۲۸	۲۰۴	۲۰۴	۳۶۸	۴۰۱	۳۳۶	۳۱۶	۳۱۱	۴۰۳	۵۰۶	۴۰۱
اسماء	صبور	بصیر	قادر	قہار	رزاق	رقیب	شہید	مصور	رافع	تواب	فتاح
اعداد مکتوبی	۲۹۸	۳۰۲	۳۰۵	۳۰۶	۳۰۸	۳۱۲	۳۱۹	۳۳۶	۳۵۱	۴۰۹	۴۸۹
ملفوظی	۳۱۲	۳۱۰	۵۲۸	۴۹۹	۵۰۱	۳۹۶	۴۱۲	۳۹۹	۵۲۳	۵۲۸	۶۰۲

اسماء	ممیت	متین	رشید	شکور	مقیت	متعال	باعث	منتقم	ستار	متکبر	
اعداد مکتوبی	۴۹۰	۵۰۰	۵۱۴	۵۲۶	۵۵۰	۵۵۱	۵۷۳	۶۳۰	۶۶۱	۶۶۲	
ملفوظی	۵۹۲	۶۰۸	۶۰۷	۶۷۵	۶۸۳	۸۱۴	۷۴۵	۸۶۸	۸۳۳	۷۹۶	
اسماء	وارث	خالق	مقتدر	مذل	آخر	مؤخر	قابض	حفیظ	ضار	عظیم	
اعداد مکتوبی	۷۰۷	۷۳۱	۷۴۴	۷۷۰	۸۰۱	۸۴۴	۹۰۳	۹۹۸	۱۰۰۱	۱۰۵۰	
ملفوظی	۸۲۶	۹۶۴	۹۰۸	۸۹۲	۹۱۳	۱۰۰۳	۱۱۰۰	۱۰۰۲	۱۱۱۷	۱۱۳۲	
اسماء	ذوالجلال والاکرام	غنی	مغنی	غفار	غفور	خافض	خبیر				
اعداد مکتوبی	۱۰۳۲	۱۰۶۰	۱۱۰۰	۱۲۸۱	۱۲۸۶	۱۴۸۱	۸۱۲				
ملفوظی	۲۰۴۱	۱۱۷۷	۱۲۴۷	۱۴۵۳	۱۳۵۵	۱۵۹۸	۸۱۶				

اسم اعظم

اسم اعظم کی تحقیق میں علمائے محققین وائمہ دین رضی اللہ عنہم نے بہت کاوش کی ہے مگر یہ ان اسرار سے ہے جس کے اظہار کا حکم نہیں تھا۔ اسی لئے اس کے بارے میں اختلاف ہے۔ اور شب قدر ساعت جمعہ کی طرح اس میں اقوال بہت ہیں۔ حضور اعلیحضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ نے اپنے والد ماجد حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب قدس سرہٗ کی کتاب مستطاب احسن الدعا لآداب الدعا کے حاشیہ مسمی بہ ذیل المدعا میں مفصل کلام فرمایا ہے جس کا خلاصہ درج ذیل ہے تاکہ ناظرین اس سے فائدہ اٹھائیں۔

۱ امام احمد بن حنبل اور ترمذی ونسائی اور حاکم اور بیہقی اور ضیا نے مختارہ میں اس حدیث کو روایت فرمایا اور لفظ حاکم کے ہیں۔ حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم نہ بتادوں کہ جب وہ اس سے پکارا جائے اجابت کرے اور جب اس سے سوال کیا جائے عطا فرمائے وہ دعا یہ ہے جو یونس علیہ السلام نے تین بار تاریکیوں میں کی تھی۔ لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ خاص یونس علیہ الصلاۃ والسلام کے لئے تھا یا سب مسلمانوں کے لئے ہے فرمایا کیا تو نے خدائے تعالیٰ کا ارشاد نہ سنا کہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ پس ہم نے یونس کی دعا قبول فرمائی اور اسے غم سے نجات دی اور یوں ہی نجات دیں گے ایمان والوں کو۔

فائدہ ۔ حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ مستجاب الدعوات تھے جو دعا فرماتے قبول ہوتی تھی۔

۲۔ امام احمد و ابن ابی شیبہ و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و ابن حبان و حاکم نے روایت کی کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہتے سنا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ارشاد فرمایا خدا کی قسم تو نے اللہ تعالیٰ سے وہ اسم اعظم لے کر سوال کیا کہ جب اس سے سوال کیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اور جب اس سے دعا کی جاتی ہے قبول فرماتا ہے۔ ائمہ احادیث نے فرمایا کہ اسم اعظم کے بارے میں یہ حدیث سب احادیث سے جید و صحیح ہے اور اس کی اسناد میں کوئی طعن نہیں ہے۔

۳۔ ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجہ و ابن ابی شیبہ نے اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اور الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔

۴۔ حضرت سری بن یحییٰ قدس سرہ بعض اولیاء سے راوی میں دعا کرتا تھا اللہ تعالیٰ سے کہ مجھے اسم اعظم دکھا دے۔ مجھے آسمان میں ایک ستارہ نظر پڑا جس پر لکھا تھا۔ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔

۵۔ بعض علماء نے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ کو اسم اعظم کہا ہے۔

۶۔ امام احمد و ابن ابی شیبہ اور ائمہ اربعہ و ابن حبان و حاکم نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زید بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یوں دعا کرتے سنا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدَ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ فرمایا یہ اللہ کا وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے پکارا جائے اجابت کرے اور جب مانگا جائے عطا فرمائے۔

۷ ابن ماجہ نے روایت کی کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یوں دعا کی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ حضور نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے فرمایا ان میں اسم اعظم ہے۔

۸ حاکم نے ابو درداء و عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی یہ حضرات فرماتے ہیں اسم اعظم رَبِّ رَبِّ ہے اور اس کی مؤید یہ حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ یَارَبِّ یَارَبِّ کہتا ہے۔ رب عزوجل فرماتا ہے لبیک اے میرے بندے مانگ کہ تجھے دیا جائے (ابن ابی الدنیا نے حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی)

۹ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم اَللّٰہُ اَللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہے۔

۱۰ ابو امامہ باہلی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد قاسم بن شامی فرماتے ہیں کہ اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

۱۱ امام قاضی عیاض قدس سرہ نے بعض علماء سے نقل فرمایا ہے کہ اسم اعظم کلمہ توحید ہے۔

۱۲ بعض صوفیاء کرام نیز امام فخر الملۃ والدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے کلمہ ھو کو اسم اعظم بتایا ہے۔

۱۳ جمہور علما نے فرمایا کہ اللہ اسم اعظم ہے حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ شرط یہ ہے کہ تو اللہ کہے اور اس وقت تیرے دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ ہو۔ (ملا علی قاری)

۱۴ بعض محققین علما نے بسم اللہ شریف کو اسم اعظم بتایا ہے اور حضور سرکار غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ بسم اللہ شریف زبان عارف سے ایسی ہے جیسے کُنْ کلام خالق سے۔

۱۵ حضور نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم فرماتے ہیں جو ان پانچوں کلموں سے ندا کرے اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے اللہ پاک عطا فرمائے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

۱۶ حدیث میں ہے کہ جو شخص یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ تین بار کہے فرشتہ کہتا ہے مانگ کہ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ نے تیری طرف توجہ فرمائی۔

۱۷ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ پانچ بار یَا رَبَّنَا

۱۸ یہی خاصیت اسمائے حسنیٰ کی ہے۔

۱۹ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہتے سنا فرمایا مانگ کہ تیری دعا قبول ہوئی۔

۲۰ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما مروی ہے کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل میرے پاس کچھ دعائیں لائے اور عرض کیا کہ جب حضور کو کوئی حاجت پیش آئے انھیں پڑھکر دعا مانگئے یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ
يَا كَاشِفَ السُّوْٓءِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ
يَا اِلٰهَ الْعٰلَمِيْنَ بِكَ اُنْزِلُ حَاجَتِيْ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا فَاقْضِهَا۔

مسبعات عشر۔ اس کا پڑھنے والا ہر آفات دینی اور دنیوی سے محفوظ رہتا ہے اور دس موکل اس کے مال کی حفاظت کیا کرتے ہیں. طلوع آفتاب اور غروب سے پہلے روزانہ پڑھ لیا کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھکر سورۂ فاتحہ سات بار آیۃ الکرسی سات بار. سورۂ کافرون سات بار سورۂ اخلاص سات بار سورۂ فلق سات بار. سورۂ ناس سات بار. کلمہ تمجید سات بار درود شریف سات بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ پھر یہ سات بار پڑھے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاۗءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پھر یہ دعا سات بار پڑھے۔
اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ بِيْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِفْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَهْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَهْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ كَرِيْمٌ مَّلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

دیگر: حضرت قطب عالم سید جلال الملۃ والدین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر فرصت نہ ہو تو مسبعات عشر کے بجائے اس دعا کو سات بار یا کم از کم ایک بار مع تسمیہ روزانہ پڑھ لیا کرے وہی فائدہ حاصل ہوگا
بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مَا شَاۗءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاْ لَمْ يَكُنْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَاۗبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

خواص القرآن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حدیث میں ہے کُلُّ اَمْرٍ ذِی بَالٍ لَا یُبْدَأُ فِیْہِ بِبِسْمِ اللّٰہِ فَھُوَ اَقْطَعُ یعنی جو کام بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع نہ کیا جائے وہ ابتر ہے۔ دوسری روایت میں ہے مَنْ اَرَادَ اَنْ یُّنَجِّیَہُ اللّٰہُ مِنَ الزَّبَانِیَۃِ تِسْعَۃَ عَشَرَ فَلْیَقْرَأْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ جو شخص چاہے کہ زبانیہ (۱۹ فرشتے جہنم کے عذاب دینے والے) سے نجات پائے وہ بسم اللہ شریف پڑھے۔

بسم اللہ کی خاصیت بہت زیادہ ہے جس طرح بھی پڑھے خواہ ورد کرے تنہا یا بضم بعض عزائم۔

استخارہ مجرب متبرک راتوں میں کہ بدھ، جمعرات، جمعہ پیر کی راتیں ہیں سونے کے وقت وضو کر کے کسی سے کلام نہ کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھ کر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے اور دعائے مطلب کرے۔ قبلہ رو سر شمال کی جانب کرکے سو جائے اگر ایک رات میں معلوم ہو بہتر ہے ورنہ تین راتیں مسلسل کرے۔

دیگر: برائے حصول فتوحات ہزار بار ایک چلہ اکیس روز میں یا تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ چالیس دن میں پڑھے کامیاب ہوگا۔

دیگر: قضائے حاجات کے لئے سو موٹ ماہ قمری میں نو چندی جمعرات کو روزہ رکھے اور افطار انگور یا کشمش یا خرمات کرے اور اگر یہ چیزیں نہ مل سکیں تو شیرینی سے پھر بعد

مغرب ایک سو بیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے پھر عشا کی نماز کے بعد بستر پر بسم اللہ شریف اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے اور صبح کی نماز کو بسم اللہ شریف کے عدد کے برابر پڑھے اور نقش مظہر و مضمر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

دیگر۔ برائے قضائے حاجت یہ دعا کاغذ پر لکھ کر دریا میں ڈالے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ إِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔ اس کے بعد ستر بار یہ دعا پڑھے۔ اِلٰهِي بِحُرْمَةِ كُنْ فَيَكُوْنُ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔ اور گھر لوٹ کر آئے اور سو مرتبہ پہلی دعا پڑھے اکیس دن تک یہی عمل کرے۔

دیگر۔ سرکش مفسدین کے دفع کے لئے نزول ماہ میں نحس دن مثل شنبہ یا سہ شنبہ ارزیز کے ٹکڑے پر نقش مظہر بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھے اور اس شخص کا نام اس نقش میں داخل کرے (یعنی) اس کے بعد یہ دعا سات بار پڑھ کر نقش پر دم کرے بعد ازاں انگوزہ و لہسن (ہینگ) خام کی دھونی دے کر چولھے کے قریب میں دفن کرے کہ گرمی نقش کو نہ پہنچے ورنہ طالب کو ضرر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم

اور دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْأَعْظَمِ وَهُوَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الَّذِيْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْأَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ مِنْ خَشْيَتِهِ الْقُلُوْبُ أَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَأَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ فِيْ

فلاں (یہاں اسکا نام لے) اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ یَرْجِعُ عَمَّا ھُوَ فِیْہِ فَاھْدِہٖ وَ وَفِّقْہُ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ لَا یَرْجِعُ فَاَنْزِلْ عَلَیْہِ بَلَآئَکَ وَسَخَطَکَ وَغَضَبَکَ وَاَھْلِکْہُ یَا قَاھِرُ یَا قَھَّارُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا اَللّٰہُ یہ عمل مارہرہ مطہرہ کی کتاب میں بھی مذکور ہے۔

دیگر۔ بخار کے لئے یہ دونوں نقش مفید و مجرب ہیں۔ مریض کے سرہانے رکھے۔

بسم — الرحیم
ولاحول — الا باللہ
العلی العظیم

اور بسم اللہ شریف کے نقوش مثلہ و مضمر و دوپایہ مثلث جلد اول میں گزر چکے ہیں۔

خواص سورۃ فاتحہ

کہ در کتاب مطہرہ مذکور است۔ ترکیب عمل سورۂ فاتحہ مطابق اختیار حضرت شیخ ابن عربی و امام محمد غزالی علیہما الرحمۃ یہ ہے اس سورۃ کو سبع مثانی کہتے ہیں یعنی سات آیت۔ ہر آیت کے لئے دو اسم ہیں۔ اس طرح

الحمد للہ رب العالمین یا حی یا قیوم الرحمن الرحیم یا رؤف یا عطوف مالک یوم الدین یا عالم السر والاخفیٰ یا مقلب القلوب والابصار ایاک نعبد وایاک نستعین یا سمیع یا قریب اھدنا الصراط المستقیم یا قادر یا مقتدر صراط الذین انعمت علیھم یا حکیم یا قدیم غیر المغضوب علیھم والضالین یا قاھر یا عزیز۔ چاہئے کہ بعد ہر نماز دس دس مرتبہ پڑھے اس ترتیب سے کہ ہر آیت اور ہر نام کو دس دس بار پھر اس قسم کو دس بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

اَسْئَلُكَ بِحَقِّ سَبْعِ الْمَثَانِیْ وَبِحَقِّ قُرْآنِ الْعَظِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ دُعَاءِ نَبِیِّكَ وَحَبِیْبِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّالْجَاءُ فِیْ كَهْفِكَ وَاسْتَوْطِنُ فِیْ حِرْزِكَ وَلَمْ یَتَّقِ الْاٰیَاتِ اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ یَارُوْقَائِیْلُ وَجَمِیْعَ الْمَلٰٓئِكَةِ بِعِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ جَلَالِ وَّجَمَالِ وَجْهِ اللّٰهِ الْفَاتِحَةِ كِتَابِ اللّٰهِ اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ یَامَعْشَرَ الرُّوْحَانِیِّیْنَ مِنَ الْعُلْوِیَّةِ وَالسُّفْلِیَّةِ مِنْ خُدَّامِ هٰذِهِ السَّبْعِ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ اَنْ تَقْضِیْ حَاجَتِیْ بِاَسْرَعِ مِنْ لَمْحِ الطَّرْفِ فَاِنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّبِالْاِجَابَةِ جَدِیْرٌ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ ہر حاجت و مشکل کے آسان کرنے کے لئے مجرب ہے۔

سورۂ بقر

حدیث میں ہے ان الشیطان ینفر من البیت الذی یقرء فیہ سورۃ البقر رواہ مسلم کذا فی المشکوٰۃ یعنی شیطان بھاگ جاتا ہے اس گھر سے جس میں اس سورۃ کی تلاوت کی جائے نیز فرمایا اس کے پڑھنے میں برکت ہے اور چھوڑنے میں حسرت ہے۔

زیادتی حافظہ کیلئے نوچندی جمعرات کو پاک برتن میں مشک و زعفران سے لکھکر کنویں کے پانی سے رات میں دھو کر پی لے، نو جمعرات ایسا ہی کرے اور دن میں روزہ رکھے قوت حافظہ زیادہ ہو۔ آیت کریمہ الکرٰ تا مفلحون۔

خلل ام الصبیان کیلئے آیت کریمہ واذ قتلتم نفسا فادارأتم (الی) لعلکم تعقلون مفید ہے ترکیب یہ ہے کہ سوا بالشت نے لیکر چاقو یا چھری لیکر جڑ کی جانب سے بچہ کے پیٹ پر پھرائے اور اس آیت کو تین بار دم

کرے پھر اس سے کو کسی گوشہ یا صحرا میں دفن کر دے دوسرے دن اسی طرح کرے تین دن یا سات دن ایسا ہی کرے صحت ہوگی۔

دیگر:۔ اگر ان دونوں آیتوں کو لکھ کر سونے والے کے سینہ پر رکھدے جو کچھ اس کے دل میں ہوگا بیان کر دے گا۔

زیادتی شیر اس آیت کریمہ ثم قست قلوبکم من بعد ذلک فھی کالحجارۃ او اشد قسوۃ (الی) وما اللہ بغافل عما تعملون ہ کو لکھ کر روئی کے ٹکڑے میں ملا کر عورت کو کھلائے دودھ زیادہ ہوگا۔

بیدار ہونے کیلئے آیت واذجعلنا البیت مثابۃ للناس (الی قولہ) والرکع السجود ہ چند بار سونے کے وقت پڑھ کر دل پر دم کرے جس وقت چاہے بیدار ہو جائے۔

برائے عقد اللسان صبغۃ اللہ ومن احسن من اللہ صبغۃ ونحن لہ عابدون ہ ۴۱ بار بعدہ العجل ۳ بار الوحا ۳ بار الساعہ ۳ بار لوہے کی کیل پر دم کرے مکان میں گاڑ دے۔

بخار کیلئے ذلک تخفیف من ربکم ورحمۃ فمن اعتدی بعد ذلک فلہ عذاب الیم ہ ایک لکڑی لیکر مریض بخار کو سامنے بٹھائے اور مریض کے چاروں طرف اس آیت کو ۳۔ ۳ بار پڑھے اور ہر مرتبہ لکڑی کو زمین پر مارے بخار دور ہو جائے۔

درد شقیقہ یہ نقش مجرب ہے درد کی جگہ باندھے۔ ←

فمن کان منکم مریضا

یا صمد

جنگ میں ہزیمت نہ ہو سورۂ بقرہ، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء، سورۂ مائدہ

میں چار آیتیں ہیں ہر ایک دس دس قاف پر مشتمل ہیں ان کو علم زعفران سے لکھ کر علم کو لشکر میں سامنے رکھے شکست نہ ہو۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔ اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (الی) وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ۔ دوم آل عمران میں لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْٓا (الی) عَذَابَ الْحَرِیْقِ ۔ سوم سورہ نساء میں۔ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَیْدِیَكُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ (الی) وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا چہارم سورہ مائدہ میں وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ (الی) مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ۔

خواص آیت الکرسی

جاننا چاہیے کہ خواص و فوائد آیت الکرسی بہت زیادہ ہیں اور حصول مراد و دفع اعداء و تسخیر دلہا و جلب منافع و ازالہ مرض اثر عظیم رکھتی ہے۔

حصول مراد و دفع اعداء

متصل سلام فجر فرض قبلہ رو اسی جگہ پڑھ کر چالیس مرتبہ اور اسی طرح بعد مغرب آٹھ مرتبہ پڑھے۔

تسخیر و حصول نفع اور دفع نقصان کیلئے

بعد ہر نماز فرض دس وقف پر دس انگلیاں دونوں ہاتھوں کی بند کرے لیکن شروع داہنے ہاتھ کی چھنگلیا سے کرے اور ختم بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر کرے پھر تین بار سورۂ الم نشرح مع بسم اللہ اور تین بار سورۂ اخلاص معہ تسمیہ پڑھے اور درود شریف تین بار اور سورۂ فاتحہ ایک بار اس طرح کہ بسم اللہ کے الرحیم کی میم سورۂ فاتحہ کی الحمد سے ضم کرے اور پڑھ کر آسمان کی جانب دم کر کے انگلیاں کھول کر جسم پر مل لے اور میان دو یار لفظ من ذا الذی یشفع اشارہ محبت و تسخیر دلہا کرے اور میان دو عین لفظ یشفع عندہ اشارہ تجلیہ قلب و صفائے دل تصور میں لائے اور درمیان دو میم لفظ یعلم ما بین ایدیہم اشارہ مقہوری اعداء دل میں لائے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ بعد فرض آیت الکرسی ایک بار عقد انگشتاں کرکے

پڑھے اور صرف دو ہیمن کے درمیان اشارہ ہر حاجت کرے اور بعد اتمام ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دونوں ہاتھ جسم پر پھیرے۔

برائے ازالہ مرض بلغم نمک کی سات کنکریوں پر سات سات مرتبہ پڑھکر دم کر کے صبح کے وقت کھائے۔

خواب پریشان کے دفع کیلئے جب سونے چلے تو بستر پر تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھکر آیۃ الکرسی تین بار پڑھے اور لفظ ولا یؤدہ حفظہما وھو العلی العظیم تین بار پڑھے پھر اپنے اوپر دم کر کے سو جائے۔

برائے بھول و درد جگر و خفقان چینی کی رکابی پر تین مرتبہ لکھکر پانی سے دھوکر پلائے اور پینے کے وقت یہ کلمہ پڑھے نَوَیْتُ الشِّفَآءَ مِنَ الْعِلَّةِ الْفَلَانِیَۃِ اور الفلانیہ پر اس مرض کا نام لے۔

دشمن پر مصیبت و زحمت ڈالنے کا عمل سونے کے وقت یہ عمل کرے کہ آیت الکرسی دو سو مرتبہ پڑھے اور پانچ اسمائے باری کہ آیت الکرسی کے اندر ہیں یا اللہ یا حی یا قیوم یا علی یا عظیم ہر سو مرتبہ پر ایک ہزار تین سو ستر بار پڑھے پھر یہ پڑھے۔ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ عَرْشِکَ وَبِرُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ تُرْسِلَ خَادِمَ هٰذِهِ الْاٰیَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اِلٰی فلان بن فلان فی صفتی وحیلتی یشھب من ھم وحرب من نار اس کے بعد دشمن کی جانب کسی حربہ سے اشارہ کرے۔ اس کو زحمت پہونچے گی۔ پھر درود و سلام پڑھکر دعا کر کے سو جائے۔ یہ عمل ایک جمعہ کرے اگر مقصد حاصل نہ ہو تو سات جمعہ تک کرے۔

حفظ مال کیلئے ۔ سونے کے وقت آیۃ الکرسی و چاروں قل تین تین بار پڑھکر

شہادت کی انگلی پر دم کرکے گھر کے گرد اشارہ حصار کرے اور تین دستک دے۔

برائے حصول جاہ و منفعت و وسعت رزق و ادائے قرض

آیت الکرسی چالیس دن تک صبح کی نماز یا عشا بعد اکتالیس یا ایک سو ایک بار پڑھے۔ اور گوشت کھائے۔ مچھلی اور جماع سے پرہیز کرے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعتصمت باللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم القائم الدائم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم حاضر ناظر لہ ما فی السموات وما فی الارض قادر قدیر علی کل مخلوق من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ کریم رحیم یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم لا خلاف ولا کذب جبار قہار غفار ستار ولا یحیطون بشئی من علمہ الا بما شاء اللہ الرحمٰن الرحیم وسع کرسیہ السموات والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم حافظ حفیظ رقیب وکیل ناصر نصیر بحق اللہ الذی لا زوال لملکہ ولا فناء لحکمہ حکم حاکم حکیم بحق نبی اللہ حبیب اللہ اسمہ حامد احمد محمود فی التوراۃ والانجیل والزبور والفرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم والصدیق والفاروق وذی النورین والمرتضٰی ائمۃ رضوان اللہ تعالٰی اجمعین وبحق الشیخ عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ سخرلی من اھل السموات والارض اقض حاجتی یا قدیر القادرین وبحکمک یا احکم الحاکمین برحمتک یا ارحم الراحمین ٥

حصول مراد کیلئے

آدھی رات کو قبلہ رو ہوکر آیت الکرسی شریف ایک سو ستر بار یا متعدد اس کے حروف کے پڑھنا مفید ہے اور تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے دعا کرے حاجت پوری ہوگی۔

زیادتی حافظہ کیلئے ۔ زعفران سے ہتھیلی پر لکھکر چاٹے سات دن متواتر قوت حافظہ

زیادہ ہوگی۔ قولہ تعالیٰ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ آخر سورۃ
یعنی ان دو آیتوں کی کثرت بار قرض سے سبکدوش کراتی ہے۔

قوت حافظہ چینی کے برتن پر لکھکر پانی سے دھوکر نہار منہ پی لے قوت حافظہ زیادہ ہو۔

سورۃ آل عمران

خاصیت
قولہ تعالیٰ اَلصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالْقٰنِتِیْنَ وَالْمُنْفِقِیْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ (تا) سَرِیْعُ الْحِسَابِ۔ جو شخص ان آیات کو چند بار شکر سفید پر دم کرے شبنم کو حل کر کے چار روز متواتر ہر روز ۴½ ماشہ کھائے اور انجیر سفید بھی غذا کے ساتھ کھائے اس کے دل سے وسوسے دور ہوں اور سختی سے آسانی نصیب ہو۔

صلاۃ الشاہد چاشت یا مغرب یا عشاء یا تہجد کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ آیت کریمہ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ (تا) اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ پڑھکر سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اور بعد سلام ہزار بار وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ پڑھکر دعا کرے کہ اسرار غیب اس پر منکشف ہو جائیں۔

خاصیت قولہ تعالیٰ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ (تا) بِغَیْرِ حِسَابٍ بعد نماز فرض سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور آیت شہد اللہ انہ اور یہ آیات پڑھے ہر حاجت اس کی پوری ہوگی۔

دیگر برائے دفع جنون تل کے تیل پر بسم اللہ کے ساتھ اس آیت کریمہ کو سات مرتبہ پڑھکر دم کرے اور اس تیل کی مالش مجنون کے پورے جسم

پڑھ کر دم کرے جنون جاتا رہے۔ خاصیت قولہ تعالیٰ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۚ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

جمعرات نوچندی کو کاغذ پر لکھکر موم جامہ کر کے مرد صالح کے کپڑے میں سل کر عورت اپنے بازو پر باندھے مرد صالح سے شادی ہو جائے گی۔

خاصیت قولہ تعالیٰ، آیت قطب ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ (تا) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اس آیت کو آیت قطب کہتے ہیں اور سورۂ فتح کی آخر آیت کو آیت غوث کہتے ہیں یعنی مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ (تا) اَجْرًا عَظِيْمًا ان دونوں آیتوں میں سب حروف تہجی جمع ہو گئے ہیں اور اس کے برکات بہت زیادہ ہیں۔ اس آیت کا نصاب اکتالیس بار ہے سات دن تک اور آخری دن پانچ بار پڑھے۔ مگر اس کے پڑھنے کے لئے استخارہ نبویہ شرط ہے۔ لہٰذا پہلے استخارہ کرے اگر اثبات میں جواب ملے تو عمل کرے اور ترکیب پڑھنے کی یہ ہے۔ وضو تازہ کر کے خوشبو جلا کر دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھے بعد سلام سو بار درود شریف پڑھ کر آیت قطب چھ بار پڑھے اور مقصد کا دل میں خیال لائے اس کے بعد يَا ذَاكِيُّ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ بِقُدُّسِهٖ يَا ذَاكِيُّ۔ ایک بار پڑھکر مطلب کی دعا کرے۔ اسی طرح چھ روز پڑھے اور ساتویں دن پانچ بار پڑھے وضو کے بعد سے کسی سے کلام نہ کرے۔

مختلف مقاصد کے لئے ترکیب علیحدہ ہے جو درج ذیل ہے۔

برائے ہلاکت و مقہوری ۲۹ دن تک ہر روز انتیس (۲۹) بار پڑھے اور غم و الم کے دور ہونے کے لئے ۱۹ دن تک ہر روز انیس (۱۹) بار پڑھے۔

حصول روزگار: ہر روز دس بار پڑھے۔

دردِ سر۔ کے لئے سات بار پڑھکر دم کرے۔

جانوروں کی بیماری کیلئے۔ آیت کریمہ کو لکھکر گلے میں ڈالے۔

تپ ولرزہ کے لئے آٹھ نقش لکھکر نیچے آیت لکھکر ایک گلے میں ڈالے اور سات سات دن پلائے۔

ایضاً۔ صحت کے لئے ہر روز پانچ بار پڑھے۔

حاجت پوری ہونے اور دشمن کے دفع کیلئے بعد فرض نماز کے ایک ایک بار پڑھے اور حاجت پوری ہونے کے لئے آیت قطب کو سو بار رات میں اور دن میں آیت غوث کو سو بار پڑھے یا رات میں دونوں آیتوں کو پڑھے اول وآخر درود شریف اور بسم اللہ کے ساتھ پڑھے چالیس روز تک۔

پھوڑے پھنسی وآبلہ وغیرہ کیلئے دونوں آیتوں کے حروف علیحدہ علیحدہ جمع کر کے چینی یا اور کسی کے برتن میں تیل ڈال کر موضع مرض پر لگائے۔

ایضاً۔ ہر سخت مہم کے لئے چالیس مرتبہ چالیس دن تک پڑھے۔

خواص آیت یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا۔ تا آخر سورت۔ نوکر یا عورت جو بھاگ جاتے ہوں یا بھاگنے کا اندیشہ ہو ان کو روکنے کے لئے مفید ہے۔ جو کی روٹی پکاکر اس پر آیت کریمہ کو لکھکر تھوڑا گھی ملکر کھلائیں۔

خواص سورۂ نساء

تفریق۔ خواص آیت حُرِّمَتْ عَلَیْکُمْ اُمَّهٰتُکُمْ (تا) غَفُوْرًا رَّحِیْمًا۔ ناجائز دوستی چھڑانے کے لئے۔ اور کے آٹے سے عورت مرد کی صورت جو محض اس کی شبیہ ہو بنائیں۔

مکمل صورت نہ بنائیں کہ تصویر جاندار بنانا حرام ہے اس پران دونوں کا نام اور ماں کا نام لکھیں۔ اس کے بعد ہرن کے چمڑے پر ان آیتوں کو لکھکر ہر ایک کے پتلے پر لپیٹ کر جہاں وہ رہتے ہوں دفن کر دیں انشاءاللہ دونوں میں فرقت ہوگی۔

برائے دفینہ معلوم کرنے اگر کہیں دفینہ ہو یا کوئی چیز دفن کر کے بھول گیا ہے کورے برتن پر لکھکر دریا کے پانی سے دھوکر جس جگہ گمان ہو وہاں چھڑک دیں انشاءاللہ ظاہر ہوگا۔

خواص سورہ مائدہ

جھوٹ اور برائی کی عادت چھڑانے کا عمل آیت کریمہ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ (الی) یَحْكُمُ مَا یُرِیْدُ ۝ شیشے کے برتن میں لکھکر شہد خالص جس کا کف نہ نکالا گیا ہو سے دھوکر پلائیں انشاءاللہ یہ عیب اس سے دور ہو جائیں گے۔

برائے زوال محبت زنا زانیہ عورت کے دل سے زنا کی محبت دور کرنے کیلئے اس کے پہنے ہوئے پاک کپڑے پر اسی آیت کو لکھیں اور چند بار پڑھکر دم بھی کریں پھر یہ کلمات کہیں۔ بحق ھذہ الایات امح الزنا والزیغ عن قلب فلانۃ بنت فلانۃ فانک فعال لما یشاء وانت القادر علی من یشاء یا ارحم الراحمین ۝ بس اس کپڑے کو ایسی قبر میں دفن کریں جس کا نام معلوم نہ ہو اور یہ کلمات دفن کے وقت کہیں۔ کما مات صاحب ھذا القبر یموت الزنا وحبہ من قلب فلانۃ۔

زبان بندی خاصیت آیت کریمہ۔ قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ (الی قولہ تعالیٰ)

مُؤْمِنِیْنَ زعفران گلاب سے ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھے اس کی زبان بند ہو جائیگی آیت کے نیچے ظالم اور اس کی ماں اور اپنا اور اپنی ماں کا نام بھی لکھے۔

سفر کا ارادہ ملتوی کرنے کیلئے آیت کریمہ قَالُوْا یٰمُوْسٰۤی اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَاۤ اَبَدًا (الی) قَاعِدُوْنَ. راستے کا ایک پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا لیکر پاک کر کے یہ آیت اس کے نام کے ساتھ اس پر لکھکر ایسے کنویں میں ڈالدے جس کا پانی سوکھ گیا ہو انشاء اللہ تعالیٰ وہ سفر کا ارادہ ترک کر دے گا۔

سُوْرَۃُ انعام

حصول مدعا اور حل مشکلات کے لئے بیحد مفید ہے طریقہ یہ ہے کہ بعد عشا غسل کر کے پاک کپڑا پہن کر خوشبو لگا کر قبلہ رو بیٹھے اور سورۂ فاتحہ پڑھکر سورۂ انعام شروع کرے جب اس جگہ رسل اللہ پر پہونچے تو اٹھکر دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں بعد فاتحہ آیت الکرسی ایک بار اور سورۂ کوثر دس بار پڑھے بعد سلام بقیہ سورۂ انعام پڑھکر سجدہ میں جائے اور دونوں ہتھیلیاں آسمان کی جانب رکھے اور ستر بار یہ دعا پڑھے۔ الٰہی بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ پھر حاجت کی دعا کرے۔ بعض دوسری آیتوں کے خواص۔

موذی جانوروں سے حفاظت کا عمل آیت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی) عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ۝ ان چاروں آیات کو شیشے کی رکابی پر لکھکر پانی سے دھو کر مکان کے چاروں گوشوں میں ڈال دے جملہ موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

غصہ و غضب دفع کیلئے آیت وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ. غصہ و غضب کو دور کرنے اور الجھن و اختلاج کو دور کرنے کیلئے مجرب ہے ورد کثرت سے کریں۔

ضعف بصر اور کسی اور عضو کے کمزور ہونے کیلئے

تین روز روزہ رکھکر دودھ وشکر سے افطار کریں پھر آدھی رات کو تانبے کے قلم سے گلاب وزعفران سے لکھکر زبان سے چاٹیں صحت ہوگی۔
وہ آیت یہ ہے۔ اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ (تا) یُرْجَعُوْنَ۔

فتوح۔ آیت کریمہ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ (الی) اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ۔ عروج ماہ میں یکم تاریخ سے سات تاریخ تک روزہ رکھے اور کلام نہ کرے اور اکثر یا حی یا قیوم ورد رکھے اور گیہوں کی روٹی اور نمک لاہوری کھائے۔ ساتویں روز بعد نماز عشاء اس آیت کریمہ کو پانسوبار مع بسم اللہ شریف ایک نشست میں پڑھے اول وآخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار درود شریف یہ ہے۔ اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد بعدد کل معلوم لک اور اس عمل کا ثواب حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر اپنے والدین اور تمام مومنین ومومنات کو پہونچائے نیز اپنے پیرومرشد یا صاحب عمل کی روح کو بھی اگر وفات پا چکے ہوں ورنہ انکی سلامتی کی دعا کرے اور اگر پڑھنے کے دوران شکل نورانی نظر آئے اور کوئی چیز عطا کرے۔ باحتیاط اپنے پاس رکھے اور جو کچھ دن بھر حاصل ہوا سے خرچ کرے اور اس عمل کو کسی سے نہ بتائے۔

دیگر ترکیب:۔ سات دن روزہ رکھے اور ہر روز بعد نماز عشاء اس کریمہ کو ایک سوبار اول وآخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھے اور یا حی یا قیوم سوسو بار پڑھے۔ ساتویں روز کے بعد جو کچھ فتوح ہوا سے روز صرف کرے۔

دریا کی طغیانی اور سفر بحری کے بخیر وعافیت گزرنے کا عمل

آیت کریمہ قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْکُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ (الی) ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِکُوْنَ۔ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور دریا

میں طغیانی ہو تو انہیں آیات کو لکھکر دریا میں ڈال دے۔

نکسیر کے لئے آیت کریمہ لِكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ اس آیت کریمہ کو لکھ کر سر میں باندھے انشاء اللہ خون نکسیر بند ہو جائے گا۔

درخت و کھیتی کے سرسبز اور بابرکت ہونے کا عمل آیت اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى (الی قولہ) فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ اس آیت کو زعفران اور کافور سے برتن پر لکھکر اس برتن کو دھو کر بیج میں ڈالدے اور اس بیج کو بوئے یا درخت میں وہ پانی ڈالدے پیداوار خوب ہوگی۔

سورۂ اعراف الٓمّٓصٓ مقطعات قرآنیہ کے ساتھ عروج ماہ میں کسی مبارک دن مثل دوشنبہ، جمعرات، جمعہ کو کندہ کرا کے چاندی کی انگوٹھی میں رکھ کر پہنے فتوح اور تسخیر کے لئے مفید ہے۔

نوٹ :۔ یہ انگوٹھی میری نگرانی میں تیار ہوتی ہے۔ صاحب حاجت طلب کر سکتے ہیں

ملنے کا پتہ :۔ قادری بک ڈپو۔ نو محلہ مسجد۔ بریلی

حفاظت از فالج ولقوہ سوتے وقت آیت کریمہ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الی قولہ) مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ پڑھے وہ فالج لقوہ سے محفوظ ہے اور مشک و زعفران بیسکر گلاب میں حل کر کے لکھیں اور اپنے پاس رکھیں نظر بد مکر و شر دشمناں اور سانپ بچھو سے محفوظ رہیں گے نیز مرض اختلاج سے حفاظت رہے گی۔

وسوسہ اور کاہلی و سستی دور کرنے کیلئے آیت کریمہ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ (الی) يُبْصِرُوْنَ ۝ جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت سات عدد لکھے اور روزانہ ایک ایک دھو کر پی جائے۔

سورۂ انفال قید سے رہائی کے لئے سورۂ انفال کو سات یا اکیس دن روزانہ سات سات مرتبہ پڑھیں۔

سورۂ توبہ آیت کریمہ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ (تا) رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔ بعد نماز صبح دس بار پڑھکر ہتھیلی پر دم کرکے پورے بدن پر پھیرے جملہ بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ اور اہم و دشوار گذار کاموں کیلئے روزانہ ستر بار پڑھنا مفید ہے۔

آقا یا حاکم کے خوف سے بے پرواہ ہونے کیلئے آیت کریمہ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اَنْتَ حَسْبِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ حَسْبِيْ عَلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانَةٍ اَعْطِفْ قَلْبَهٗ لِيْ وَذَلِّلْهُ لِيْ۔ شب جمعہ میں تیس بار اسے پڑھنے سے خوف جاتا رہے گا۔

سورۂ یونس اس سورت مبارکہ یا اس کے نقش کو ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھنا بہت مفید ہے۔ خصوصاً دشمن کبھی اس پر قادر نہ ہوسکے گا نیز جو شخص اس کے نقش کو گلاب زعفران سے لکھکر صبح و شام پیئے اس کا دل قوی ہوگا۔ اور وہ دیو، پری، جن وغیرہ سے نہیں ڈرے گا۔

سورۂ ھود آیت کریمہ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ جو شخص اس کریمہ کو لکھکر کشتی میں یا دنبالہ کشتی میں رکھے وہ کشتی غرق ہونے سے محفوظ رہے اور کشتی میں سوار ہوتے وقت سات مرتبہ پڑھ لے تو غرق سے محفوظ رہے گا۔

ایضاً آیت کریمہ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ (تا) مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ۔ سات کوری ٹھیکری پر ان دونوں آیتوں کو لکھکر سو مرتبہ انھیں آیتوں کو پڑھکر دم کرکے کنویں میں ڈالدے تو اس میں پانی زیادہ ہوجائے گا۔

دفع ظلم آیت وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى (الی) اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ۝ اس آیت کو پرانی دیگ کے ٹکڑے پر لکھکر ظالم کے مکان میں ڈالنے سے اس کا شر ختم ہو جائے گا۔

سورۂ یوسف حاجتوں کے پورا ہونے اور سختیوں کے دور ہونے کے لئے مفید ہے ترکیب بعد نماز عشا یا تہجد بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں ایک ایک رکوع پڑھے اور دعا کرے۔

فراخی رزق اور محتاجی دور ہونے کیلئے بعد نماز عشاء اول دس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر سورہ یوسف شروع کرے جب آیت کریمہ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝ پر پہونچے سو مرتبہ اسی آیت کی تکرار کرے پھر آگے پڑھنا شروع کرے جب آیت فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ پر پہونچے گیارہ بار اسی آیت کو پڑھے پھر جب آیت خَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا پر پہنچے سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور سو مرتبہ حسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر ۝ پڑھکر سورۂ ختم کرکے دعائے حاجت کرے۔

برائے حاجات وکشف مہمات بعد نماز عشاء بسم اللہ شریف پڑھکر سورۂ یوسف شروع کرے جب آیت وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ پر پہنچے گیارہ بار تکرار کرے اور آیت وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ کی سو بار اور آیت وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ بھی سو بار اور فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو بار پھر جب آیت قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ پر پہنچے گیارہ بار تکرار کرے اور آیت فَهُوَ كَظِيْمٌ پر پہنچے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ دس مرتبہ اور آیت وَھُوَ

اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ سو مرتبہ اور وَخَرَّوْالَہٗ سُجَّدًا پر سجدہ کرے اور مطلب کی دعا کرے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دس بار درود شریف اور اکتالیس بار حسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر پڑھے اور آیت اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ کی گیارہ بار تکرار کرے اور تین مرتبہ یا لطیف الطفنی فی جمیع احوالی کما تحب وترضیٰ اور آیت اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ سو مرتبہ پڑھکر سورہ پوری ختم کرکے دعائے حاجت کرے۔

سورۃ رعد دوکان کی خیر وبرکت کے لئے۔ چار ٹکڑوں پر آیت کریمہ الٓمّٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ دالی قولہ، یَّتَفَکَّرُوْنَ لکھکر دوکان کے چاروں کونوں میں نفع کیلئے دفن کرے۔

حالات خفیہ معلوم کرنے کیلئے آیت کریمہ اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی دالی، اَلْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ۔ مریض کا حال معلوم کرنا ہو کہ صحت ہوگی یا نہیں یا حاملہ کا حال معلوم کرنا ہو کہ لڑکا ہے یا لڑکی یا دفینہ معلوم کرنا چاہے۔ دوشنبہ کو غسل کرکے خوشبو لگاکر بہ نیت روزہ رہے۔ منگل کی رات میں باوضو سوئے صبح کو قبل طلوع آفتاب اس آیت کو ہرے کپڑے پر زعفران وگلاب سے لکھکر خوشبو دیکر ایسی جگہ رکھے جہاں آفتاب کی روشنی یا ماہتاب کی چاندنی نہ پڑے۔ بدھ کی رات میں ان کلمات کو بلا تعداد پڑھے۔ یاعالم الخفیات الامور یامن ھو علی کل شئی قدیر ۔ اس کے بعد سوجائے رات میں خواب کے ذریعہ معلوم ہوگا تسہیل ولادت کے لئے گڑ پر سات مرتبہ دم کرکے درد والی کو کھلائے۔

سورۂ ابراہیم شکوک واوہام کو دور کرنے کے لئے آیت کریمہ الٓرٰ کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰہُ اِلَیْکَ دالی) الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ۔ کاغذ پر لکھکر دھوکر چند بار پی لے۔

آسیب و جن و زخم چشم کیلئے اگر سات مرتبہ آیت وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ وَقَدْ ھَدٰنَا (الی) مُتَوَکِّلُوْنَ پڑھکر یہ پڑھے اِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ فکفوا شوکم عنا ایتھا البراغیث پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔

سورۂ حجر تجارت کرنے والوں کے لئے بھی مفید ہے روزانہ تین بار پڑھ لیا کریں۔ نفع تجارت کے لئے آیت وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰھَا وَاَلْقَیْنَا فِیْھَا رَوَاسِیَ (الی) وَمَنْ لَّسْتُمْ لَہٗ بِرٰزِقِیْنَ کو لکھکر مکان یا دوکان میں لٹکائے خیر و برکت ہوگی اور باغ کے چاروں گوشوں میں پانی پر دم کر کے چھڑک دے تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

شر ظالماں ۔ بارہ ہزار بار آیت اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَھْزِءِیْنَ پڑھنا مفید ہے۔

سورۂ نحل اس سورت کے نقش کو لکھکر جہاں کفار و فجار کا مجمع ہوتا ہو دفن کرے سب متفرق ہو جائیں گے۔

استقرار حمل آیت یٰٓاَ صْبِرُوْا مَا صَبْرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ (الی) مُحْسِنُوْنَ سرخ دھاگے یکر تین گرہ دے اور ہر گرہ پر تین تین بار پڑھے اور عورت ناف پر باندھے استقرار حمل ہوگا۔

سورۂ بنی اسرائیل درماندگی و نکان لاحق نہ ہوگی آیت سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا (الی) عَبْدًا شَکُوْرًا محرم الحرام کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ تاریخ میں ہرن کی کھال پر لکھکر گیارہ مرتبہ اسی کو دم کر کے باندھ لے۔ ہرگز نکان نہ ہوگی۔

خیالات فاسدہ کے دور کرنے کا عمل

آیت وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَکَ (الی) نُفُوْرًا ہ ان آیات کو مع فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہ کے روزآنہ اکتالیس بار پڑھ لیا کرے۔

مالداری کیلئے

آیت وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا (الآیۃ) گیارہ مرتبہ پڑھکر آخر میں ایک مرتبہ تکبیر کہے جلد مالدار ہو جائے گا۔

سورہ کہف

فضیلت سورۂ کہف شریف کی یہ ہے کہ جو شخص قبل نماز جمعہ کے سورۂ کہف پڑھے وہ دوسرے جمعہ تک بلیات سے محفوظ رہے۔

برائے برکت

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ (الی قولہ) مَّاکِثِیْنَ فِیْہِ اَبَدًا ہ ان آیات کو اول ماہ میں مٹی کے یا چینی کے برتن پر لکھکر بارش یا دریا کے پانی سے دھوکر گھر کی چاروں دیواروں پر اس طرح ڈالے کہ پانی زمین پر نہ ٹپکے بہت برکت ہوگی اور کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھکر کلھڑ میں رکھکر چاروں کونوں میں دفن کرنے سے وہ مکان و دوکان آباد رہیں گے۔

دردِ نیم سر کیلئے

وَکَلْبُھُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ بِالْوَصِیْدِ (الی قولہ) رُعْبًا ہ لکھکر آدھی سیسی (سر) کے درد والے کو دیدے کہ درد کی جگہ باندھے۔

ایضاً کتے کاٹے ہوئے پر گیارہ بار پڑھکر دم کرنے سے اثر زہر ختم ہو جاتا ہے۔

بیدار ہونے کیلئے

ذٰلِکَ جَزَآؤُھُمْ جَھَنَّمُ بِمَا کَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا (الی آخرہ) جس وقت بیدار ہونا چاہے اس کے لئے ان آیات کو تین بار یا پانچ بار پڑھکر دل پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت بیدار ہوگا۔

سورۂ مریم: تنگی و عسرت سے رہائی کے لئے اور فراخی حاصل ہونے کیلئے اس

سورۃ کا سات بار چالیس روز تک پڑھنا مفید ہے۔

دردسر کھیٰعص تا رَبِّ شَقِیًّا ہ لکھکر آیت غوث لکھکر درد کی جگہ باندھے سحر جادو کے ذریعہ جس مرد کو باندھ دیا گیا ہو اسے اس سورت کو لکھکر دھو کر پلادے اثر دور ہوگا۔

سورہ طٰہٰ سحر جادو کے ازالہ کے لئے بعد ظہر ایک مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے پلائے سات دن تک انشاءاللہ دور ہوگا۔

برائے رشتہ جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے لئے سورہ طٰہٰ کا نقش لکھکر دے کہ پانی سے دھو کر ایک طشت میں لڑکی کو بٹھا کر اس پانی سے غسل کرائیں پھر بعد میں دوسرے پانی سے غسل کرائیں تاکہ بے ادبی نہ ہو پھر اس پانی کو دریا میں ڈالدیں یہ عمل نوچندی جمعرات سے سات جمعرات متواتر کریں انشاءاللہ جلد رشتہ مل جائے گا۔

عسر البول پیشاب بند ہو جائے تو آیت طٰہٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ تا الْعَرْشِ اسْتَوٰی زعفران گلاب سے چینی کے برتن پر لکھکر جس مریض کو پلائیں صحت ہوگی۔

بلندی منصب کیلئے چودہ تاریخ کو اس سورت کا نقش پتھر پر کندہ کرا کے انگوٹھی کے اندر رکھکر پہننا مفید ہے۔

تیزی ذہن کیلئے قولہ تعالیٰ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ تا یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ایک سو گیارہ بار پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار اور اس سورۃ کا نقش جو جلد اول میں مذکور ہے۔ پہنائیں۔

سورۂ انبیاء برائے محبت انبیاء علیہم السلام شوق و محبت سے پڑھنا مفید ہے اور لوگوں کی نظر میں عزیز و جلیل ہوگا۔

سورۂ حج حج و زیارت کے حصول کی نیت سے روزآنہ تین بار پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ حج نصیب ہوگا۔

برائے رشتہ اتوار کے دن پہلی ساعت میں لکھکر عورت جس کو شوہر نصیب نہ ہو بازو پر باندھے مراد حاصل ہوگی اور ہر ماہ کی چودہ تاریخ کو ہرن کی کھال پر لکھکر عورت بازو پر باندھے تو اولاد ہو آیت کریمہ یہ ہے۔
وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ (تا) مَنْ فِى الْقُبُوْرِ

استخارہ عجیبہ قولہ تعالیٰ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِىْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۔
نوچندی جمعرات کو سونے کے وقت چار رکعت نماز دو دو رکعت کی نیت سے پڑھے۔ پہلی میں سورہ والضحیٰ دوسری میں الم نشرح تیسری میں سورہ والتین چوتھی میں اقرا ایک ایک بار پڑھے۔ بعد سلام اس آیت کریمہ کو سو بار پڑھ کر قبلہ رو سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ تمام باتیں معلوم ہو جائیں گی۔

سورۂ مومنون قولہ تعالیٰ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِىْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝
برائے حفاظت و سلامتی دریا کے لئے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

ایضاً قولہ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا (تا آخر سورت) آسیب زدہ ولاعلاج

مرض کے لئے سات بار پڑھ کر دم کرے اور بہتر یہ ہے کہ مریض کے کان میں بھی
۷ دن یا ۱۴ دن دم کرے۔

سورۂ فرقان برائے رشتہ جس مرد کی شادی نہ ہوتی ہے وہ ماہ عروج میں تین دن روزہ رکھے اور رات میں اس سورۂ مبارکہ کو ۲۱ مرتبہ پڑھے تین ماہ یہ عمل برابر کرے نیک بیوی نصیب ہوگی۔

سورۂ شعراء بھڑ یا موذی جانور کے کاٹنے پر تین بار اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝

سورۂ نمل چیونٹیوں کے بھگانے کے لئے آیت کریمہ حَتّٰى اِذَا اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ تا، وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ ۲۱ بار پانی پر دم کر کے ان کے سوراخوں میں ڈال دے یا اس سورت کا نقش لکھ کر لٹکائے۔

سورۂ قصص آیت فَرَدَدْنٰهُ اِلٰى اُمِّهٖ تا، اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ کاغذ پر لکھکر اس بچے کے گلے میں ڈالے جو دودھ نہ پیتا ہو انشاء اللہ تعالیٰ وہ دودھ پینے لگے گا۔

شر ظالماں و حاکماں سے بچنے کیلئے آیت سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ کسی حاکم یا ظالم سے خوف ہو تو ان آیات کو ان کے سامنے جانے تک سات مرتبہ پڑھ کر وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى اَمْرِهٖ۔ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ ان کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔

سورۂ لقمان ، جلد اول میں سرقہ کے بیان میں مذکور ہے۔

سورۂ احزاب برائے رشتہ لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کے لئے آیت کریمہ یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰکَ سے وَکِیْلًا تک ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر کسی ڈبہ میں بند کرکے گھر میں رکھ دے۔

جاہ و ہیبت کے لئے آیت کریمہ لَئِنْ لَّمْ یَنْتَہِ الْمُنٰفِقُوْنَ سے الرَّسُوْلًا تک چنبیلی کے تیل میں مشک و زعفران حل کرکے بعد نماز فجر سات دن ان آیات کو اس پر دم کرکے پھر اس تیل کو ابرو و رخساروں پر لگا کر جس کے سامنے جائے وہ اس کی عزت کرے اور سب پر اس کی ہیبت ہو۔

سورۂ فاطر برکت مال کے لئے آیت کریمہ اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ کِتٰبَ اللّٰہِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ (تا) اِنَّہٗ غَفُوْرٌ شَکُوْرٌ ۝ لکھ کر مال کے اندر رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ بیحد برکت ہو۔

سورۂ یٰسین۔ کے خواص جمیع حاجات کے باب میں مفصل مذکور ہیں۔

سورۂ وَالصّٰٓفّٰتِ اول سورہ سے ثاقب تک پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرنا مفید ہے۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے آیت وَلَقَدْ نَادٰنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِیْبُوْنَ ۝ آخیر رات میں اٹھکر وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور اس آیت کو ایک پرچہ پر لکھ کر ہاتھ پر رکھ کر حاجت پوری ہونے کے لئے دعا کرے اور یوں کہے یَا رَبِّ بِحَقِّ ھٰذِہٖ اَجِبْ دُعَآئِیْ اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۝ وہ حاجت ضرور پوری ہوگی۔

مارگزیدہ سانپ کا زہر اتارنے کے لئے۔ پانی پر سات مرتبہ اسی آیت کریمہ

کو دم کر کے مار گزیدہ کو پلائے اور خود حاضر نہ ہو سکے تو کسی کو حکم کرے۔

سورۂ حٰم مومن سونے والے آدمی کے حال کو دریافت کرنے کے لئے آیت رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ (تا) سَرِیْعُ الْحِسَابِ ۔ وضو و غسل کر کے ہرن کی کھال پر لکھ کر سونے والے کے سینہ پر رکھے وہ سب حال بیان کر دے گا۔

رد سحر کے لئے آیت وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ لکھ کر چالیس دن پلائے۔

سورۂ حٰم السجدۃ۔ آیات شفا کا عمل جلد اول میں مذکور ہوا ہے۔

سورۂ شوریٰ فراخی رزق کے لئے اس آیت کریمہ کو اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ بعد نماز عشاء ایک ہزار ایک بار یا پانچسو بار پڑھے بہت مفید ہے۔

سورۂ زخرف آیت کریمہ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَیَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ (تا) وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۔ کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر مکان کے چاروں گوشوں میں دفن کرے تو اس مکان میں رہنے والوں کے درمیان صلح و اتفاق پیدا ہو۔ نیز بارش کے پانی سے اس سورت کو لکھ کر دھو کر پینے سے کھانسی کا مرض دور ہو گا۔

سورۂ دخان جو شخص روزانہ سورۂ دخان پڑھ کر سوئے ستر ہزار فرشتے اس کے لئے استغفار کریں۔

حاجت بر آنے کیلئے آیت کریمہ حٰمٓ ۚ وَالْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۙ (الی) رَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ۔ یکم شعبان سے ۱۵ شعبان

تک روزآنہ ۲۵ بار بعد نماز عشا پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار ہر حاجت پوری ہوگی۔

سورۂ جاثیہ۔ نفع تجارت کے لئے جلد اول میں نقش مذکور ہے۔

سورۂ محمد ویرانی خانۂ ظالم کیلئے آیت وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ۔ کے اعداد نکال کر پرانی ہڈی پر لکھ کر کوئلے کی آگ میں جلا کر راکھ کو ظالم کے گھر میں ڈال دے خانہ ویران ہو۔

سورۂ فتح مقبول خلائق ہونے کیلئے آیت إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا (تا) نَصْرًا عَزِيزًا ۔ چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی سے منہ باحتیاط دھوئے۔ اور اگر مشک و زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھے دشمنوں پر کامیاب رہے۔

سورۂ ق امراض چشم کے باب میں خواص گزرے نیز آیت کریمہ فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۔ گیارہ یا اکیس یا اکتالیس بار سرمہ پر دم کر کے لگائے آنکھوں کی روشنی زیادہ ہوگی۔

ایضاً۔ اور اگر سرمہ یا آنکھ کی دوسری دوا پر اس ترکیب سے پڑھیں بہتر ہوگا۔ فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۷ بار اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِي بِسَمْعِي وَبَصَرِي مَا أَحْيَيْتَنِي ۷ بار یا محمد (مصطفیٰ) نورِ نبی ۱۱ بار

ایضاً۔ اور اگر بعد نماز پنجگانہ اسی ترکیب سے پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر ملیں تو بہت مفید ہے۔

سورۂ الذّاریات حفاظت حمل کیلئے ۔ آیت کریمہ فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً

وَلُوا الاَعْقَفُ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلَامٍ عَلِيْمٍ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ (تا) اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ۔ استقرار حمل سے تین ماہ کے اندر ان آیات کو لکھ کر گلے میں پہنائیں انشاء اللہ حمل کی حفاظت ہوگی اور فرزند پیدا ہوگا۔

کشادن بخت دختراں

جس لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو اُس کے لئے آیت کریمہ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اللهم بحق قولك هٰذا او عزامة نبيك محمد صلى الله تعالیٰ عليه وآله وسلم ان ترزق هٰذه المراة زوجا موافقا غير مخالف بحق محمد وآله اجمعين ۔ لکھ کر گلے میں پہنائیں انشاء اللہ تعالیٰ جلد مراد حاصل ہوگی۔ یہ عمل جلد اول میں گزر چکا ہے۔

فراخی رزق

آیت کریمہ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۔ صبح صادق سے پہلے اٹھکر وضو کے بعد خوشبو روشن کرکے ہزار بار اس آیت کو پڑھے فراخی رزق کی دولت نصیب ہو۔

ایضاً۔ اور اگر اسی آیت کو ۴۱ بار پڑھ کر سرمہ یا دوا پر دم کرکے آنکھوں میں استعمال کرے تو آنکھ کی بیماری دور ہو جائے گی۔

سورۂ والنجم برائے تیزی ذہن وقوت حافظہ

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى (تا) مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى۔ مشک و گلاب سے چینی کی رکابی پر لکھ کر صبح نہار منہ چٹائیں۔

گریۂ اطفال

آیت کریمہ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ سے آخر سورت تک لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں رونا بند کر دے گا۔ اور ان آیتوں کا نقش بھی اسی خاصیت کا حامل ہے۔

سورۂ قمر دشمن پر غلبہ پانے کیلئے آیت کریمہ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ دشمن سے مقابلہ کے وقت دل میں پڑھتے رہیں اور بعض خواص اس آیت کے پہلے حصوں میں ذکر ہو چکے ہیں۔

عسر بول یعنی پیشاب بند ہو گیا ہو آیت کریمہ وَفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰٓی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ لکھ کر موم جامہ کر کے پاک کپڑے میں سل کر ناف پر باندھ دیں۔

دشمنوں کو زیر کرنے اور مقدمہ میں کامیابی کیلئے آیت کریمہ سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ ۱۴۱ بار یا ایک سو گیارہ بار پڑھ کر ان کی طرف دم کرے۔

سورۂ رحمن۔ تسخیر اور چیچک کے لئے سورۂ رحمن کا عمل حصہ اول ۱۲۴ میں مذکور ہے

گنڈہ برائے حفاظت حمل و مولود نیلا دھاگہ لے کر سورۂ رحمن پڑھے جب آیت کریمہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہونچے ایک گرہ لگا دے اسی طرح پوری سورت پڑھے حاملہ اپنے گلے میں پہن لے جب بچہ پیدا ہو جائے تو نہلا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں گیارہ سال تک اس کے گلے میں رہے بعد ازاں گیارہ روپئے یا اکتالیس روپئے کی شیرینی تیار کر کے حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز دلائے اور گنڈہ کھول کر پاک جگہ دفن کر دیں۔

آفات و بلیات سے حفاظت کیلئے آیت کریمہ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ تا فَلَا تَنْتَصِرٰنِ

ہرن کی کھال پر لکھ کر بازو پر باندھے ہر قسم کی آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا۔

سورہ واقعہ فقر وفاقہ دور کرنے کے لئے بیحد مفید ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے فرمایا جو ہر رات سورۂ واقعہ پڑھے اسے کبھی فاقہ کی نوبت نہ پہونچے گی اور حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی لڑکیوں کو ہر رات میں اس سورت کے پڑھنے کا حکم دیتے تھے (مشکوٰۃ شریف، شعب الایمان) حضرات عاملین نے بعض مناسب دعاؤں کے اضافہ کے ساتھ اس سورت کے پڑھنے کا حکم فرمایا تاکہ کما حقہ فائدہ کا ظہور ہو۔

عمل سورۂ واقعہ برائے فراخی رزق وبرکت ماہ ثابت عروج ماہ میں جمعہ کی رات سے دوسرے جمعہ کی رات تک ایک چلہ صغیر کرے اور مندرجہ ذیل طریقہ سے اس سورۃ کو پانچ بار ہر روز پڑھے اور آخری دن چھ بار کہ مجموعہ اکتالیس بار ہو جائے یہ زکات صغیر ہے اور زکات اکبر ہر روز بارہ بار اور آخری دن سولہ بار پڑھے کہ کل سو بار ہو جائے: جمعرات کے دن غسل کرکے نیا کپڑا مثل؛ حمام پہنے اور خوشبو لگا کر خلوت میں بیٹھے اور اگربتی وغیرہ جلائے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھکر دو رکعت نفل پڑھکر سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح مبارک کو ہدیہ کرے پھر دو رکعت حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کی روح کو ہدیہ کی نیت سے پڑھے پھر دو رکعت اپنے مرشد برحق یا جس سے اجازت لی ہے اگر وفات پا چکے ہیں ورنہ برائے سلامتی آنجناب پڑھے اور ان دوگانوں میں ہر رکعت میں بعد فاتحہ سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ بار پڑھے یا تین تین بار اور بعد سلام

آیۃ الکرسی اور چاروں قل معہ تسمیہ تین تین بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کر کے اپنے گرد حصار کر کے شروع کرے اور چلہ شروع کرنے سے پہلے اعتصام و اختتام اول و آخر ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے اور ان کے درمیان سورۂ واقعہ تعداد صغیر یا کبیر کے ساتھ درج ذیل ترتیب کے ساتھ پڑھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انی توسلت الیک لاستنزال الرزق بقدرۃ کتابک المجید واخترت لذلک السورۃ الواقعۃ اللھم عظم رغبتی فی تلاوۃ القرآن واشرح لی صدری ویسرلی امری واقض بہ حاجتی واکف بہ مھمی وزین بہ لسانی وجمل بہ وجھی برحمتک یاارحم الراحمین۔ اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد وبارک وسلم علی جمیع الانبیاء والمرسلین ایک بار پڑھ کر اس کے بعد بسم اللہ سات بار پڑھ کر سورۂ مذکورہ شروع کرے اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ لَیْسَ لِوَقْعَتِھَا کَاذِبَۃٌ تو یہ دعا سات بار پڑھے اللھم عافنا من کل بلاء الدنیا وعذاب الاخرۃ اور درود شریف جو اوپر مذکور ہوا ایک بار پڑھ کر سورۂ مذکور پڑھے جب اُولٰٓئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ پر پہونچے اللھم اجعلنا منھم سات بار درود مذکور ایک بار پڑھے اور جس وقت آیت جَزَآءًۢ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ پر پہونچے اللھم ارزقنا بفضلک العظیم ولطفک الجسیم سات بار اور درود مذکور ایک بار پڑھے جب آیت لَّا بَارِدٍ وَّلَا کَرِیْمٍ پر پہونچے اللھم اجرنا من النار سات بار اور درود مذکور ایک بار جب آیت کریمہ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّکَ الْعَظِیْمِ پر پہونچے سبحان اللہ القادر القاھر القوی القیوم بلا معین ولا ظھیر

سات بار درود مذکور ایک بار پڑھے پھر جب دوسرے فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ؁ پر پہونچے اسی دعا کو سات بار اور درود مذکور کو ایک بار پڑھ کر پھر شروع سے پڑھنا شروع کرے جب تعداد مذکورہ چلہ صغیر یا کبیر پورا کرے ایک بار یہ اختتام پڑھے۔ اللھم یا رازق المفلسین ویا راحم المساکین ویا ذا القوۃ المتین ویا غیاث المستغیثین ویا خیر الناصرین ایاک نعبد وایاک نستعین ان کان رزقی فی السماء فانزلہ وان کان فی الارض فاخرجہ وان کان بعیدا فقربہ وان کان قریبا فیسرہ وان کان یسیرا فخیرہ وان کان خیرا فحللہ وان کان حلالا فطیبہ وان کان طیبا بارک لنا فیہ برحمتک یا ارحم الراحمین۔ بعد اختتام سات روز زردہ یا حلوہ پر فاتحہ حضرات مذکورہ دلاکر سات نیک لوگوں کو کھلائے اور خود بھی کھائے اور اس عمل میں گوشت وگھی اور جلالی چیزوں سے پرہیز کرے اور چلہ کے درمیان احرام اور گوشہ مکان یا مسجد شرط ہے پڑھنے کے بعد لباس تبدیل کرسکتا ہے بعد چلہ ہر روز بعد مغرب ایک بار ہمیشہ پڑھ لیا کرے۔

ایضاً۔ عروج ماہ ثابت میں نوچندی جمعہ سے جمعرات تک سات دن روزہ رکھے اور ہر روز بعد ہر نماز پچیس بار سورۂ واقعہ پڑھے اور ساتویں روز بعد نماز مغرب پچیس بار پڑھ کر عشا کے وقت تک نوافل وتلاوت قرآن پاک میں مشغول رہے بعد نماز عشا ایکسو پچیس بار سورۂ مذکور پڑھ کر ایک ہزار بار درود شریف پڑھے عمل مکمل ہو جائے گا پھر روزآنہ بعد نماز فجر وعشا ایک ایک بار سورۂ مذکور پڑھ لیا کرے۔

فائدہ۔ ہر مہم ومشکل امور کے لئے سورہ مذکور کو ایک ہزار چھ سو بیاسی ۱۶۸۲

مرتبہ اکتالیس دن میں پڑھنا مفید ہے۔

سورۂ حدید آیت کریمہ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (تا) بِذَاتِ الصُّدُوْرِ قضائے حاجت کے لئے بہت مفید ہے دوشنبہ یا بدھ یا جمعرات یا جمعہ کو روزہ رکھے اور صبح کے وقت وضو کرکے کسی سے کلام نہ کرے اور پاک کپڑا پہن کر بعد نماز فجر سو بار درود شریف اور سو بار استغفار پڑھے اس کے بعد ذکر کرے بعد طلوع آفتاب جب نماز کا وقت ہوجائے دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ آخر سورۂ حشر لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ آخر تک ایک ایک بار پڑھے بعد سلام سجدہ میں جاکر دس بار درود شریف اور دس بار استغفار پڑھ کر سر سجدہ سے اٹھائے اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا چند بار پڑھے پھر دعائے مطلب کرے۔ یامن بیدہ مفاتیح الامور وھو علی کل شیئ قدیر یامن بیدہ یسر کل عسیر والیہ المصیر بالقدرۃ القاہرۃ الباہرۃ فیسر لی۔ پھر دعائے مطلب۔

سورۂ حشر درد اعضا کیلئے نماز کے بعد سات بار آیت کریمہ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ (تا) يَتَفَكَّرُوْنَ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے موضع درد پر ملے درد جاتا رہے گا۔ انشاء المولیٰ تعالیٰ۔

قبولیت دعا کیلئے آیت کریمہ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ آخر سورت تک پڑھنا بہت مفید ہے صبح کی نماز اور عشاء کی نماز کے بعد ان آیتوں کو تین تین بار پڑھ کر اس طرح دعا کرے اللھم یامن کذا وکذا ولا یزال ھکذا ولا یکون ھکذا احد غیرہ لی افعل بی کذا وکذا۔

شفائے امراض کیلئے

سورۂ فاتحہ اور چار آیتیں آخری سورۂ حشر کی لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے آخر تک کی اور سورۂ اخلاص ومعوذتین تین تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرے اور یہ دعا لکھکر مریض کے گلے میں ڈالے شفا نصیب ہوگی دعا یہ ہے۔ اللھم رب الناس ملک الناس الہ الناس اذھب الباس واشف حامل کتابی ھذا شفاء لایغادر سقما ولا الما بحولک وقوتک انہ علی مایشاء قدیر وصلی اللہ تعالیٰ سیدنا محمد والہ وسلم تسلیما کثیرا۔

سورۂ ممتحنہ

طحال کے لئے روزانہ ایک ایک مرتبہ دم کریں اور اسی سورت کا نقش روزانہ پلائیں۔

سورۂ تغابن

بسم اللہ الرحمن الرحیم اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ تا آخر سورت لکھ کر گلے میں رکھیں اور ایک نقش بازو پر باندھیں مال میں زیادتی اور برکت ہوگی۔

سورۂ تحریم

قولہ تعالیٰ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ تا قولہ اَبْكَارًا۔ اگر کسی صالحہ کا نکاح کسی فاسق ظالم سے ہو جائے اور وہ طلاق نہ دیتا ہو ستاتا ہو تو اس آیت کریمہ کو چینی کی پلیٹ میں لکھ کر دونوں کا نام لکھے اور پانی سے دھو کر اس کے مکان کی دیوار پر ایسا چھڑکے کہ پانی زمین پر نہ آئے انشاء اللہ تعالیٰ وہ اسے جدا کر دے گا۔

سورۂ ملک

اس سورت کا نام منجیہ ہے یعنی خدا کے عذاب سے نجات دلانے والی ہر مسلمان کو چاہئے کہ ہمیشہ سونے سے پہلے

اس کی تلاوت کرتا رہے۔

اجابت دعا کے لئے بیحد مفید ہے طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں الٓمّٓ تنزیل السجدۃ اور دوسری میں سورۂ ملک پڑھ کر بعد سلام اس دعا کو گیارہ بار پڑھ کر دعا کرے جلد قبول ہوگی یَادَآئِمُ یَاحَیُّ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَاقَدِیْمُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

امراض چشم کیلئے آیت کریمہ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ (تا) وَهُوَ حَسِيْرٌ کا نقش پر کر کے پیشانی پر باندھے انشاء اللہ آنکھوں میں جو تکلیف ہے وہ دور ہوگی۔

سورۂ ن زخم اور پھوڑے کے لئے آیت کریمہ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَاۤ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ اس آیت کریمہ کو سات سات بار پڑھ کر زخم اور پھوڑے پر دم کریں۔

